رجسٹرڈ بی سی نمبر 12
قیمت 10 روپے
MEMBER OF APNS
کوئٹہ اسلام آباد اور حب سے بیک وقت شائع ہونیوالا بلوچستان کا واحد کثیر الاشاعت روزنامہ
A.B.C Certified
DAILY AWAM QUETTA
روزنامہ
عوام
کوئٹہ
ایڈیٹر انچیف وسیم احمد
جلد 38 | اتوار | 30 ربیعَ اوّل | 1448ھ | 13 ستمبر 2026ء | فون 2832244-2829384 فیکس 2832255 | شمارہ 61

خیبر پختونخوا کیخلاف وفاقی وزراء کے بعض بیانات قابل مذمت ہیں

پیٹرول کی قیمتوں میں اضافہ وفاقی حکومت کی ناکام پالیسی کا ثبوت ہے سہیل آفریدی

بعض غیر متعلقہ افراد حکومتی اور محکمانہ معاملات میں مداخلت کرتے ہوئے افسران کو دھمکا رہے ہیں، تاہم کسی کو افسران کے کام میں مداخلت یا انہیں خوف زدہ کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، وزیر اعلیٰ کے پی کے

غریب، متوسط اور سفید پوش طبقہ شدید مشکلات سے دوچار ہے اور لوگوں کے لیے دو وقت کا کھانا پورا کرنا بھی مشکل ہو گیا ہے، صوبائی حکومت اور عوام میں یہ تشویش پائی جاتی ہے کہ ان کے ساتھ کیا سلوک کیا جا رہا ہے

پشاور (آن لائن) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل آفریدی نے صوبائی کابینہ کے 58ویں اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی حکومت کی جانب سے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ مہنگے پیٹرول کا بوجھ براہ راست (بقیہ نمبر40 صفحہ 3پر)

اسلام آباد میں 27 ستمبر کے احتجاج کے پیش نظر سکیورٹی پلان کی تیاری

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان تحریک انصاف (بقیہ نمبر 44 صفحہ 3پر)

انصاف کی حکمرانی وقت کی ضرورت ہے، چیف جسٹس

تمام ادارے اپنی ذمے داریاں احسن انداز میں ادا کریں، جسٹس یحییٰ آفریدی

اسلام آباد (این این آئی) چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی نے کہا ہے کہ انصاف کی حکمرانی وقت کی ضرورت ہے، تمام ادارے اپنی ذمے داریاں احسن (بقیہ نمبر43 صفحہ 3پر)

اسلام آباد: چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی منعقدہ تقریب سے خطاب کررہے ہیں

ججز کو بیرونی دباؤ سے آزاد کرنے کیلئے کوڈ آف کنڈکٹ میں تبدیلی کی گئی ہے، چیف جسٹس

تمام ادارے اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں ادا کریں اور نوجوان ججز بہترین انداز میں انصاف کی فراہمی کو یقینی بنائیں، جسٹس یحییٰ آفریدی

عدالتی افسران کی سہولیات اور شرائط ملازمت میں ہم آہنگی کیلئے کمیٹی قائم کی گئی ہے، رول آف لا کو عدالتوں کی رینکنگ کرنے کی تمام تفصیلات فراہم کریں گے

اسلام آباد (این این آئی) چیف جسٹس آف پاکستان، جسٹس یحیی آفریدی نے کہا ہے کہ ججز کو بیرونی دباؤ سے آزاد کرنے کیلئے کوڈ آف کنڈیکٹ میں تبدیلی کی گئی ہے، تمام ادارے اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں ادا کریں اور نوجوان ججز بہترین انداز میں انصاف کی فراہمی کو یقینی بنائیں، ملک بھر میں جامع نظام انصاف کے لیے عدلیہ کی ضروریات کو پورا کیا جائے گا، عدالتوں کو سولر نظام پر منتقل کیا جا رہا (بقیہ نمبر45 صفحہ 3پر)

بلوچستان کابینہ میں نئے چہروں کے ساتھ ساتھ پرانے وزراء کے محکموں میں بھی ردوبدل کا امکان

3 اعلیٰ آفیسران کی کرپشن کے حوالے سے کیسز تحقیقات کے لئے محکمہ اینٹی کرپشن کے حوالے

ذرائع کے مطابق کابینہ میں ردوبدل کے بعد مختلف محکموں کی بیوروکریسی میں بھی وسیع پیمانے پر تبدیلی کے امکانات ہیں

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کابینہ میں جلد ردوبدل کا امکان ہے آئندہ چند روز میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کی بیرون ملک سے وطن واپسی پر کابینہ میں نئے چہروں کے ساتھ ساتھ پرانے وزراء کے محکموں میں بھی ردوبدل کا امکان ہے باوثوق ذرائع کے مطابق (بقیہ نمبر42 صفحہ 3پر)

حکومت کے پاس گندم کی ایک بوری بھی نہیں بلوچستان میں گندم کا بحران پیدا ہونے کا خطرہ

گندم کی خریداری اور مقامی گوداموں میں ترسیل کیلئے 1 ماہ کا وقت درکار ہوگا، حکام کی گفتگو

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں گندم کے بحران کا خطرہ منڈلانے لگا۔ محکمہ اجناس کے مطابق بلوچستان حکومت نے 5لاکھ بوری گندم کی خریداری کی منظوری (بقیہ نمبر41 صفحہ 3پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی قومی میڈیا کے اینکرز پرسن اور سینئر صحافیوں سے ویڈیو لنک پر بات چیت اور سوالات کے جواب دے رہے ہیں

وزیراعلیٰ بلوچستان نے انتظامی بنیادوں پر نئے صوبوں کی حمایت کردی

بلوچستان میں آخری دہشتگرد کی موجودگی تک جنگ جاری رہے گی میر سرفراز بگٹی

دہشتگردی کیخلاف سول اور عسکری قیادت متفق اور یکسو ہیں اس معاملے پر کوئی ابہام یا کنفیوژن نہیں، نئے صوبوں کے قیام کی مشروط حمایت کرتے ہیں پہلے قومی اسمبلی میں اتفاق رائے قائم کیا جائے

قومی اسمبلی میں اتفاق رائے ہوجائے تو صوبائی اسمبلی بھی تیار ہے، اگر صوبے بنتے ہیں تو لسانی نہیں بلکہ انتظامی بنیادوں پر بننے چاہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان کی سینئر صحافیوں اور دیگر نمائندوں سے ویڈیو لنک کے ذریعے گفتگو

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں آخری دہشت گرد کی موجودگی تک جنگ جاری رہے گی، دہشت گردی کے خلاف سول اور عسکری قیادت متفق اور یکسو ہیں اس معاملے پر کوئی ابہام یا کنفیوژن نہیں۔ نئے صوبوں کے قیام کی مشروط حمایت کرتے ہیں پہلے قومی اسمبلی میں اتفاق رائے قائم کیا جائے قومی اسمبلی میں اتفاق رائے ہوجائے تو صوبائی اسمبلی بھی تیار ہے۔ اگر صوبے بنتے ہیں تو لسانی نہیں بلکہ انتظامی بنیادوں پر بننے چاہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہفتہ کو وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ میں قومی میڈیا کے اینکرز، سینئر صحافیوں اور دیگر نمائندوں سے ویڈیو لنک کے ذریعے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر صوبے کی مجموعی صورتحال، ترقیاتی عمل، معدنیات وکان کنی، امن وامان، سیاسی معاملات اور حکومتی اقدامات سے متعلق مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس سے قبل وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ میں صوبے کے سماجی واقتصادی شعبوں، معدنیات وکان کنی اور امن وامان سے متعلق اہم بریفنگز بھی منعقد ہوئیں، جن میں صوبائی حکومت کی حکمت عملی، جاری منصوبوں اور عوام کو فراہم کیے جانے والے ثمرات کا جائزہ لیا گیا۔ وزارتِ منصوبہ بندی و ترقی کی بریفنگ میں صوبائی حکومت کی سماجی و اقتصادی شعبوں سے متعلق (بقیہ نمبر46 صفحہ 3پر)

پاکستان کے پہلے سفیر برائے آرمینیا شفقت علی خان نے سفارتی اسناد پیش کردیں

پاکستان اور آرمینیا کا تجارت، سرمایہ کاری، تعلیم وثقافت میں تعاون بڑھانے پر اتفاق

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان اور آرمینیا کے درمیان سفارتی تعلقات کے قیام کے بعد دوطرفہ روابط کو نئی جہت مل گئی۔ پاکستان کے پہلے سفیر برائے آرمینیا شفقت علی خان نے آرمینیا کے صدر واہگن خاچاتوریان کو سفارتی اسناد پیش کردیں۔ ریوان میں ہونے والی یہ تقریب دونوں ممالک کے بڑھتے ہوئے سفارتی تعلقات میں ایک اہم سنگ میل میں منعقد ہوئی، (بقیہ نمبر47 صفحہ 3پر)

نائب وزیراعظم کی چین کیلئے نامزد سفیر علی اسد گیلانی سے ملاقات

پاک چین آل ویدر اسٹریٹجک پارٹنرشپ مزید مضبوط بنانا ہوگی اسحاق ڈار

سرمایہ کاری، علاقائی رابطہ کاری اور سی پیک سمیت مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مزید وسعت دینے پر زور دیا

سفارتی تجربہ پاکستان اور چین کے درمیان دیرینہ شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے میں معاون ثابت ہوگا، گفتگو

اسلام آباد (آن لائن) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ پاکستان چین کے ساتھ اپنے آزمودہ اور وقت کی کسوٹی پر پورا اترنے والے تعلقات کو خصوصی اہمیت دیتا ہے، جبکہ دونوں ممالک کی آل ویدر اسٹریٹجک کوآپریٹو پارٹنرشپ کو مزید مضبوط بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے تجارت، سرمایہ کاری، علاقائی رابطہ کاری اور سی پیک سمیت مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مزید وسعت دینے پر زور دیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق چین کے لیے پاکستان کے نامزد سفیر علی اسد گیلانی نے نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار سے ملاقات کی۔ اس (بقیہ نمبر48 صفحہ 3پر)

پی ٹی آئی کے 27 ستمبر کے مارچ کے معاملے پر پی ٹی آئی کے سرگرم 31 کارکنان کو نظر بند کردیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے 27 ستمبر کے مارچ کے معاملے پر پی ٹی آئی کے سرگرم 31 کارکنان کو نظر بند کردیا گیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق (بقیہ نمبر49 صفحہ 3پر)

وزیراعظم یوتھ پروگرام، ایس ڈی پی آئی کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خاں کی زیر صدارت اعلیٰ سطحی اجلاس کے موقع پر وزیراعظم یوتھ پروگرام (پی ایم وائی پی) اور پالیسی (بقیہ نمبر50 صفحہ 3پر)

سعودی تنصیبات پر حملے علاقائی امن کیلئے خطرہ قرار، پاکستان کی شدید مذمت

سعودی عرب میں سول تنصیبات پر حملے خطے کے امن، سلامتی اور استحکام کے لیے بھی سنگین خطرہ ہیں، ترجمان دفتر خارجہ

پاکستان امن اور استحکام کے حصول کے لیے سنجیدہ اور مخلصانہ کوششیں پہلے بھی کرتا رہا ہے اور آئندہ بھی اپنی کوششیں جاری رکھے گا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے سعودی عرب کے ریاض اور مدینہ کے علاقوں میں ڈرون حملوں کے ذریعے ایسٹ ویسٹ پائپ لائن کو نشانہ بنانے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ سعودی عرب میں سول تنصیبات پر حملے خطے کے امن، سلامتی اور استحکام کے لیے بھی سنگین خطرہ ہیں۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق بنیادی شہری ڈھانچے کو نشانہ بنانا انتہائی قابل مذمت اقدام ہے۔ ان حملوں کے (بقیہ نمبر51 صفحہ 3پر)

ٹیکس نیٹ بڑھانے کیلئے 57 ارب روپے سے زائد قرض لینے کا فیصلہ

ایف بی آر کے مطابق منصوبے کے تحت نئے ٹیکس دہندگان کو دائرہ کار میں لانے کیلئے اقدامات کیے جائیں گے

ایشیائی ترقیاتی بینک سے 57ارب 10 کروڑ 90لاکھ روپے قرض لیا جائے گا، 5 سال میں ٹیکس دہندگان کی تعداد ایک کروڑ 20لاکھ کرنے کا منصوبہ

کراچی (این این آئی) حکومت نے ٹیکس نیٹ بڑھانے کیلئے ایشیائی ترقیاتی بینک سے 57 ارب 10 کروڑ 90 لاکھ روپے قرض لینے کا فیصلہ کرلیا۔ ذرائع کے مطابق قرض پر پاکستان کو سالانہ ڈیڑھ سے 2 فیصد تک سود ادا کرنا ہوگا۔ منصوبے کو ''ٹرانسفارمنگ اینڈ ڈیجیٹلائزیشن ریونیو ایڈمنسٹریشن'' کا نام دیا گیا ہے، جس کا مقصد ٹیکس وصولی کے نظام کو جدید اور ٹیکس دہندگان کی تعداد میں اضافہ کرنا ہے (بقیہ نمبر52 صفحہ 3پر)

چیف منسٹر سیکرٹریٹ کوئٹہ میں بلوچستان کے وزراء کے ہمراہ قومی میڈیا کے اینکرز پرسن اور سینئر صحافیوں کا گروپ فوٹو

گیس سیکٹر کا 3600 ارب روپے گردشی قرضہ 3 سال میں ختم کرنے کا پلان

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے گردشی قرضے سے متعلق عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کی شرط پوری کرنے کیلئے گیس سیکٹر کا 3 ہزار 600ارب روپے کا گردشی قرض 3 سال میں ختم کرنے کا پلان متعارف کرانے کا فیصلہ کیا ہے۔ آئی ایم ایف کے ساتھ ورچوئل اقتصادی جائزہ مذاکرات رواں ماہ ستمبر کے آخری ہفتے میں ہوں گے، جس میں وزارت (بقیہ نمبر53 صفحہ 3پر)

حکومت کا سرکاری ملازمین کے پے اسکیلز اور کنٹریکٹ عہدوں سے متعلق پالیسی میں ترمیم کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے سول سرونٹس کی خصوصی پے اسکیلز اور کنٹریکٹ عہدوں سے متعلق پالیسی میں ترمیم کا فیصلہ کرلیا اور اس سلسلے میں وزارت خزانہ نے آفس میمورنڈم جاری کردیا۔ وزارت خزانہ نے کہا کہ کنٹریکچوئل پوزیشنز کو بھی خصوصی پے اسکیلز سے متعلق پالیسی میں شامل کرلیا گیا، ایم پی ایس، ، پی پی ایس، اور ایس پی پی ایس کے ساتھ (بقیہ نمبر68 صفحہ 3پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان کے معاون برائے اطلاعات وسیاسی امور شاہد رند قومی میڈیا کے اینکر زپرسن اور سینئر صحافیوں سے گفتگو کررہے ہیں

جیونی، پاک ایرانی سرحد کے قریب مسلح افراد کی گاڑی پر فائرنگ، 4 افراد جاں بحق

مسلح افراد نے گاڑی کو آگ لگادی اور فرار ہوگئے، جاں بحق افراد کا تعلق کرک، لیہ اور شیخوپورہ سے بتایا جاتا ہے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے علاقے جیونی میں پاک ایرانی سرحد کے قریب مسلح افراد کی گاڑی پر فائرنگ سے 4 افراد جاں بحق ہوگئے۔ مسلح افراد گاڑی کو آگ لگا کر فرار ہوگئے پولیس کے مطابق گزشتہ روز پاک ایران سرحد کے قریب جیونی کے علاقے میں نامعلوم (بقیہ نمبر67 صفحہ 3پر)

وزیر داخلہ کا میجر راجہ عزیز بھٹی شہید نشان حیدر کو یوم شہادت پر خراج عقیدت

میجر راجہ عزیز بھٹی شہید کی لازوال قربانی قوم کے دلوں میں ہمیشہ زندہ رہے گی، وفاقی وزیر کا بیان

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے میجر راجہ عزیز بھٹی شہید نشان حیدر کو یوم شہادت پر خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ شجاعت کی لازوال مثال میجر راجہ عزیز بھٹی شہید نے اپنے لہو سے دلیری کی عظیم داستان رقم کی۔ وزارت داخلہ (بقیہ نمبر66 صفحہ 3پر)

بجلی کی ضروریات پوری کرنے کیلئے 47 ارب ڈالر کے توسیعی منصوبے کی منظوری

نیپرا نے انڈیپنڈنٹ سسٹم اینڈ مارکیٹ آپریٹر (آئی ایس ایم او) کی جانب سے پیش کیے گئے انٹیگریٹڈ سسٹم پلان 2025-35 کی منظوری

تاہم 90 کروڑ ڈالر کی بیٹری انرجی اسٹوریج سسٹم (بی ای ایس ایس) سرمایہ کاری کو غیر ضروری قرار دیتے ہوئے مسترد کردیا

اسلام آباد (این این آئی) نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) نے 2035 تک ملک کی بجلی پیداوار اور ترسیل کی ضروریات پوری کرنے کیلئے 47ارب ڈالر کے بجلی توسیعی منصوبے کی منظوری دے دی ہے۔ نیپرا نے انڈیپنڈنٹ سسٹم اینڈ مارکیٹ آپریٹر (آئی ایس ایم او) کی جانب سے پیش کیے گئے انٹیگریٹڈ سسٹم پلان 2025-35 کی منظوری دی، تاہم 90 کروڑ ڈالر کی بیٹری انرجی اسٹوریج سسٹم (بقیہ نمبر69 صفحہ 3پر)

وزیراعظم شہباز شریف کا چوہدری محمود بشیر ورک کے انتقال پر اظہار تعزیت

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نیسابق وفاقی وزیر، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے قانون وانصاف اور رکن قومی اسمبلی چوہدری محمود بشیر ورک کے انتقال پر اظہار (بقیہ نمبر71 صفحہ 3پر)

میجر راجہ عزیز بھٹی کے 61ویں یوم شہادت پر پاک فوج کا شاندار خراج عقیدت

میجر عزیز بھٹی کی میراث آج بھی قوم اور پاکستان کے محافظوں کی نسلوں کیلئے مشعلِ راہ ہے، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (این این آئی) 1965ء کی جنگ کے ہیرو میجر راجہ عزیز بھٹی شہید کی بے مثال قربانی پر پاک فوج کے افسران اور جوانوں نے انہیں شاندار خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ میجر عزیز بھٹی شہید نے برکی سیکٹر کا غیر معمولی بہادری سے دفاع (بقیہ نمبر70 صفحہ 3پر)

اسحاق ڈار سے چین کیلئے نامزد سفیر علی اسد گیلانی کی ملاقات

سدابہار تزویراتی تعاون پر مبنی شراکت داری کو مزید مضبوط اور گہرا کرنے کی اہمیت پر زور دیا

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے چین کے ساتھ تجارت و سرمایہ کاری، علاقائی روابط، سی پیک، زراعت، سائنس وٹیکنالوجی، تعلیم اور عوامی سطح پر روابط سمیت مختلف شعبوں میں آہنی بھائی چارے اور سدابہار تزویراتی تعاون پر مبنی (بقیہ نمبر65 صفحہ 3پر)

ہانگ کانگ' وفاقی وزیر جام کمال خان سری لنکا کے وزیر تجارت سے ملاقات کررہے ہیں

جماعت اسلامی کی خواتین کا مہنگائی اور پیٹرولیم لیوی کے خلاف آبپارہ چوک میں احتجاجی جلسہ

پیٹرولیم لیوی ختم کی جائے، حکمران اشرافیہ کے اخراجات کا حساب دیا جائے: حافظ نعیم، غریب عوام کے لیے دو وقت کی روٹی کا حصول مشکل ہو چکا

تعلیم کی تجارت کا خاتمہ کیا جائے اور سرکاری تعلیمی اداروں کا معیار بہتر بنایا جائے تا کہ ہر بچے کو معیاری تعلیم تک مساوی رسائی حاصل ہو سکے، جلسے سے خطاب

اسلام آباد (آن لائن) جماعت اسلامی کی خواتین نے پیٹرولیم لیوی اور بڑھتی ہوئی مہنگائی کے خلاف آبپارہ چوک میں احتجاجی جلسہ کیا، جس سے امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان نے خطاب کیا۔ انہوں نے حکومت سے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی اور پیٹرولیم لیوی ختم کرنے کا مطالبہ کیا۔ حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ حکومت مسلسل مہنگائی میں اضافہ اور پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں بڑھا رہی ہے، جس (بقیہ نمبر54 صفحہ 3پر)

وزیر تجارت کی سری لنکا، بنگلہ دیش اور قطر کے رہنماؤں سے ملاقاتیں

جام کمال خان نے خطے میں امن واستحکام برقرار رکھنے کے لیے قطر کے عزم اور وابستگی کو سراہا

ہانگ کانگ (این این آئی) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے بیلٹ اینڈ روڈ (بی آر آئی) سربراہی اجلاس کے موقع پر علاقائی ہم منصبوں کے ساتھ دوطرفہ ملاقاتوں کے دوران تجارت، رابطوں (کنیکٹیویٹی)، غذائی تحفظ اور ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز (بقیہ نمبر55 صفحہ 3پر)

افغان طالبان رجیم میں انصاف کا قتل، عدالتی نظام سفارش اور رشوت کی دلدل میں دھنس گیا

اسلام آباد (این این آئی) افغان طالبان رجیم میں انصاف کا قتل، عدالتی نظام سفارش اور رشوت کی دلدل میں دھنس گیا ہے۔ افغان جریدے نے طالبان کے نام نہاد (بقیہ نمبر56 صفحہ 3پر)

صحت کیلئے ہمارا 14 ماہ کا کام پچھلے 30 سالوں سے بہتر ہے، مصطفیٰ کمال

صرف بیماری کا علاج کرنے کے بجائے لوگوں کو بیمار پڑنے سے روکنے پر توجہ دینا ہوگی، وزیر صحت

کراچی (این این آئی) وفاقی وزیر صحت سید مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ صحت کے شعبے میں ہمارا 14 ماہ کا کام پچھلے 30 سالوں سے بہتر ہے۔ ایکسپوسینٹر کراچی میں منعقدہ 23ویں ہیلتھ ایشیا انٹرنیشنل ایگزیبیشن میں شرکت اور مختلف اسٹالز کا دورہ کرتے ہوئے وفاقی وزیر صحت (بقیہ نمبر64 صفحہ 3پر)

مولانا فضل الرحمان نے ملک میں نئے صوبوں پر رائے کیلئے جے یو آئی کا اجلاس بلالیا

دوروزہ اجلاس پشاور میں 19 اور 20 ستمبر کو ہوگا، ملکی صورت حال پر بھی غور کیا جائے گا، رپورٹ جاری

اجلاس ملکی و بین الاقوامی صورتحال کا جائزہ بھی لیا جائے گا جبکہ آئندہ کی سیاسی حکمت عملی طے کی جائے گی، ترجمان جے یو آئی

اسلام آباد (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام نے ملک میں انتظامی یونٹس اور نئے صوبوں کے معاملے پر مرکزی مجلس عمومی کا اجلاس طلب کرلیا۔ ترجمان جے یو آئی اسلم غوری کے مطابق مولانا فضل الرحمان نے جے یو آئی کی مرکزی مجلس عمومی کا اجلاس 19 اور 20 ستمبر کو (بقیہ نمبر72 صفحہ 3پر)

حج وعمرہ زائرین کے لیے نئی ویکسی نیشن شرط، نادرا پروف لازمی قرار دیدیا گیا

ویکسی نیشن پروف کے بغیر بین الاقوامی سفر بند، صرف نادرا کا ڈیجیٹل ویکسی نیشن کارڈ قابل قبول ہوگا

اسلام آباد (آن لائن) پاکستانی زائرین کے لیے ویکسی نیشن سے متعلق نئی شرط عائد کردی گئی ہے۔ 14 ستمبر 2026 کے بعد نادرا انٹیگریٹڈ ویکسی نیشن پروف کے بغیر حج وعمرہ زائرین کو بین الاقوامی سفر کی اجازت نہیں ہوگی، جبکہ دیگر ویکسی نیشن کارڈ قابلائنز کو (بقیہ نمبر63 صفحہ 3پر)

ریڈیو پاکستان کیس، پولیس رپورٹ میں سہیل آفریدی کے ملوث ہونے کی تصدیق

پشاور (این این آئی) انسداد دہشت گردی پشاور میں پولیس نے ریڈیو پاکستان کیس میں رپورٹ جمع کرا دی، سہیل آفریدی کے ملوث ہونے کی تصدیق کی گئی۔ نجی ٹی وی (بقیہ نمبر74 صفحہ 3پر)

قانونی طور پر کاروبار کرنیوالے شیشہ کیفیز کیخلاف جبری کارروائی نہ کرنے کی ہدایت

اسلام آباد ہائیکورٹ نے شیشہ کیفیز کے خلاف کیس میں وفاق سے جواب طلب کرلیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے شیشہ کیفے سے متعلق حکم نامہ جاری کردیا جس میں قانونی طور پر کاروبار کرنیوالے شیشہ کیفیز کیخلاف جبری کارروائی نہ کرنے کی ہدایت کی گئی۔ عدالتی حکم نامے میں قانونی طور پر کاروبار کرنے والے شیشہ کیفے (بقیہ نمبر73 صفحہ 3پر)

نئے صوبوں پر بحث

سیمینارز میں نہیں تمام سیاسی جماعتیں اور صوبائی قیادت مل کر معاملہ طے کریں گی رانا ثناء اللہ

پیٹرولیم کی قیمتوں میں عوام کو ریلیف دینے کی خواہش جتنی جماعت اسلامی کی ہے، اتنی ہی ن لیگ اور وزیراعظم کی ہے، پریس کانفرنس

اجلاس میں تقریباً ڈیڑھ گھنٹے تک بجلی کے بل کم کرنے، لوڈشیڈنگ میں کمی اور پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں نیچے لانے کے طریقوں پر توجہ مرکوز کی گئی

لاہور (آن لائن) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ نئے صوبوں کے قیام سے متعلق بحث سیمینارز یا اقتصادی فورمز کے بجائے پارلیمنٹ میں ہونی چاہیے، جہاں تمام سیاسی جماعتوں اور صوبائی قیادت کی نمائندگی ہوگی۔ مسلم لیگ ن پارلیمنٹ میں اس معاملے پر اپنی پالیسی واضح کرے گی جبکہ پارلیمنٹ کا فیصلہ تمام جماعتوں کو قبول کرنا ہوگا۔ لاہور میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے رانا ثنا اللہ نے (بقیہ نمبر57 صفحہ 3پر)

پرائیویٹ حج اسکیم کے تحت بکنگ جاری، دو ہزار سے زائد حج پیکجز متعارف

پرائیویٹ حج کی بکنگ اور ادائیگی صرف پاک حج ایپ اور پورٹل سے ممکن ہے، ترجمان وزارت مذہبی امور

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزارت مذہبی امور نے کہا ہے کہ پرائیویٹ حج اسکیم کے تحت بکنگ جاری ہے جبکہ تاحال 64ہزار نشستیں دستیاب ہیں اور منظم کمپنیوں نے دو ہزار سے زائد مختلف حج پیکجز متعارف کروائے ہیں۔ ترجمان وزارت مذہبی امور کی جانب سے جاری (بقیہ نمبر62 صفحہ 3پر)

وزیراعظم ٹاسک فورس برائے بحری اصلاحات کے مثبت اثرات، میری ٹائم شعبے میں نمایاں پیشرفت

حکومت پاکستان کے وسیع بحری وسائل کو معاشی ترقی، علاقائی تجارت اور عالمی روابط کا مؤثر ذریعہ بنانے کے لیے جامع اقدامات

جاری اصلاحات کے نتیجے میں پاکستان کو عالمی بحری معیشت میں مضبوط مقام دلانے اور ملکی معیشت کو خودانحصاری کی جانب لے جانے کی راہ ہموار ہو رہی ہے

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم ٹاسک فورس برائے بحری اصلاحات کے تحت ملک کے میری ٹائم سیکٹر میں جاری اصلاحات کے مثبت نتائج سامنے آنا شروع ہوگئے ہیں، جبکہ حکومت پاکستان کے وسیع بحری وسائل کو معاشی ترقی، علاقائی تجارت اور عالمی روابط کا مؤثر ذریعہ (بقیہ نمبر75 صفحہ 3پر)

پاکستان کو افریقہ کی جانب توجہ دینے میں تاخیر ہوئی، گورنر خیبر پختونخوا

اب درست سمت اور روڈ میپ کے ذریعے معاشی ترقی کی نئی راہیں کھولی جاسکتی ہیں، فیصل کریم کنڈی

اسلام آباد (آن لائن) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ پاکستان کو افریقہ کی جانب توجہ دینے میں تاخیر ہوئی، تاہم اب درست سمت اور روڈ میپ کے ذریعے معاشی ترقی کی نئی راہیں کھولی جاسکتی ہیں۔ پاکستان افریقہ اقتصادی کونسل کی تقریب (بقیہ نمبر61 صفحہ 3پر)

تھائی لینڈ میں پاکستان کے 61ویں یوم دفاع وشہداء کی پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا

بنکاک (این این آئی) تھائی لینڈ میں پاکستان کے 61ویں یوم دفاع وشہداء کی مناسبت سے پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں قومی جوش وجذبے کے ساتھ یوم دفاع وشہداء منایا گیا۔ پاکستانی سفارتخانے کے زیر اہتمام منعقدہ تقریب میں تھائی حکام، سفارتکاروں، دفاعی اتاشیوں، صحافیوں، کاروباری شخصیات اور پاکستانی کمیونٹی نے بھرپور شرکت کی۔ تقریب (بقیہ نمبر76 صفحہ 3پر)

لاہور: نائب وزیراعظم اسحاق ڈار اور پرویز اشرف گورنر ہاؤس میں منعقدہ پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ (ن) کی کوارڈینیشن کمیٹی کے مشترکہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

وطن کے دفاع کیلئے جان قربان کرنے والے شہداء ہمارے حقیقی قومی ہیروز ہیں سردار ایاز صادق

1965ء کی جنگ میں میجر عزیز بھٹی شہید نے دشمن کے سامنے سیسہ پلائی دیوار بن کر دفاع کیا، بیان

اسپیکر قومی اسمبلی کا میجر راجہ عزیز بھٹی شہید کو 61ویں یوم شہادت پر خراجِ عقیدت

اسلام آباد (آن لائن) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے نشانِ حیدر کے حامل قومی ہیرو میجر راجہ عزیز بھٹی شہید کو ان کے 61ویں یومِ شہادت پر خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ وطن کے دفاع کے لیے ان کی عظیم قربانی پاکستان کی قومی تاریخ کا درخشاں (بقیہ نمبر58 صفحہ 3پر)

پی ٹی آئی کا مارچ، لاہور میں 600 سے زائد کارکنوں کی فہرستیں تیار

لاہور (این این آئی) پی ٹی آئی کے 27 ستمبر کو اسلام آباد کی جانب ممکنہ مارچ کے پیش نظر لاہور میں 600 سے زائد متحرک کارکنوں کی فہرستیں مرتب کرلی گئی ہیں جبکہ کارکنوں کے گھروں پر ڈورنا کنگ کا سلسلہ بھی شروع کردیا گیا ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق تحریک انصاف کے 452 متحرک کارکنوں کے گھروں پر پولیس (بقیہ نمبر59 صفحہ 3پر)

ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ محمد حمزہ شفقات قومی میڈیا کے سینئر اینکر پرسن، صحافیوں کو محکمہ داخلہ سے متعلق امور پر تفصیلی بریفنگ دے رہے ہیں

پنشنرز کیلئے ڈیجیٹل پروف آف لائف اور پنشن ادائیگی کا نظرثانی شدہ طریقہ کار جاری

کمرشل بینکوں کا پنشنرز کی بائیومیٹرک تصدیق یا پروف آف لائف سرٹیفکیٹ کی توثیق میں کردار ختم

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے پنشنرز کے لیے ڈیجیٹل پروف آف لائف اور پنشن کی ادائیگی کا نظرثانی شدہ طریقہ کار جاری کرتے ہوئے کمرشل بینکوں کا پنشنرز کی بائیومیٹرک تصدیق یا پروف آف لائف سرٹیفکیٹ (پی او ایل سی) کی توثیق میں کردار ختم کر دیا (بقیہ نمبر60 صفحہ 3پر)

روزنامہ
عوام
ایڈیٹر انچیف وسیم احمد

روزنامہ عوام وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کوئٹہ اور حب سے بیک وقت شائع ہوتا ہے ہیڈ آفس کوئٹہ فون نمبر 081-2832244 فیکس 081-2822255 اسلام آباد آفس فون نمبر 051-2890427 فیکس 051-2890437 حب آفس 32266 فیکس 32755

اتوار 13 ستمبر 2026ء

خوارج کے خلاف کارروائی

شمالی وزیرستان میں پاک فوج نے کارروائی کرکے 15 دہشت گردوں کو ہلاک کردیا، سیاسی قیادت نے فورسز کی کارروائیوں پر اظہار اطمینان کرتے ہوئے کہا ہے کہ بیرونی سرپرستی میں سرگرم دہشت گرد عناصر کو بدامنی پھیلانے کی اجازت نہیں دیں گے، ملک سے دہشت گردی کے ناسور کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے تک سیکورٹی فورسز کی انسداد دہشت گردی کی کارروائیاں جاری رکھنے کے لئے پرعزم ہیں، پاکستان نے ہمیشہ افغانستان کے امن واستحکام کے لئے بھرپور تعاون کیا ہے، لیکن افغان سرزمین ہمیشہ پاکستانی مفادات کے خلاف استعمال ہوتی رہی ہے، افغان طالبان عبوری انتظامیہ کو پاکستان کی حکومت بار بار سرحدی خلاف ورزیوں داراندازی اور افغان سرزمین کے پاکستان کے خلاف استعمال دہشت گرد تنظیموں کو محفوظ ٹھکانے فراہم کرنے پر احتجاج بھی کرچکا ہے، لیکن کابل حکومت کی جانب سے یقین دہانیوں کے باوجود کوئی کارروائی نہیں کی گئی، ہم افغان طالبان حکومت کو انتباہ کرتے ہیں کہ وہ اپنی سرزمین کو پاکستان کے خلاف استعمال نہ ہونے دیں۔

صفائی کا مسئلہ

صوبائی دارالحکومت میں صفائی کا مسئلہ گھمبیر ہوگیا ہے، ہم میٹروپولیٹن کارپوریشن کے حکام سے مطالبہ کرتے ہیں کہ صفائی کی صورتحال کو بہتر بنانے کے لئے اقدامات کئے جائیں۔

دھرنوں کے مقابل ریاست کی کھال موٹی ہونے کا پیغام

تحریر۔ نصرت جاوید

پیر کی رات سونے سے قبل تازہ ترین خبروں کے لئے سوشل میڈیا کے کوچے میں گھوم رہا تھا تو نیند کے جھونکوں نے مضمحل بنا دیا۔ لیپ ٹاپ بند کرنے ہی والا تھا تو حکومت کے جاری کردہ ایک نوٹی فکیشن پر نظر پڑ گئی۔ پٹرول کی قیمت میں 12 روپے 90 پیسے اضافے کا اعلان تھا۔ اسے دیکھتے ہی نیند کیا ہوش ہی اڑ گئے۔ گزرے ہفتے کے آخری دنوں سے اپنے ٹیکس ریٹرن جمع کروانے کے لئے مطلوبہ دستاویز جمع کررہا تھا۔ انہیں دیکھ کر جھٹکا لگا۔ آمدنی ہرگز نہیں بڑھی تھی۔ گھریلو اخراجات میں اضافے کے علاوہ طبی مسائل سے جڑے خرچے عزت سے مرنے کے لئے بچائی رقم میں بھی نقب لگانا شروع ہوچکے تھے۔ غیر یقینی مستقبل کے خوف کے باوجود مجرموں کی طرح ایسی دستاویز جمع کرنے میں مصروف رہا جو حاکموں کو یقین دلائے کہ میں اپنی آمدنی پر واجب ٹیکس باقاعدگی سے ادا کررہا ہوں۔ انہیں جمع کرتے ہوئے مستقل یہ خیال آتا ہے کہ عمر کے جس حصے میں داخل ہوچکا ہوں وہاں برسوں سے ٹیکس گزار ہوتے ہوئے چند سہولتوں کا مستحق ہونا چاہیے تھا۔ کوئی ایک بھی لیکن میسر نہیں۔

تین دن قبل بین الاقوامی طور پر مستند مانی ایک ریسرچ کمپنی کی تحقیق نظر سے گزری تھی۔ اس کے مطابق سات پاکستانیوں میں سے فقط ایک فرد ملکی معیشت کے بارے میں مطمئن محسوس کررہا ہے۔ فقط چار ماہ قبل چار میں سے ایک شخص پرامید بتایا گیا تھا۔ چار مہینوں میں مستحکم معیشت کی امید کم کرنے کی وجوہات میں سرفہرست ایران اور امریکہ کی جنگ بتائی گئی۔ اس کی وجہ سے ہمارے ہاں درآمد ہوئے تیل کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ ہوا تو روزمرہ ضرورت کی اشیاء کے نرخ بھی بڑھ گئے۔ افراطِ زر میں مزید اضافے کی ایک اہم وجہ بجلی کی قیمتیں بھی ہیں جو پٹرول کے بحران کی وجہ سے مسلسل بڑھ رہی ہیں۔

پٹرول کی قیمت میں یکمشت تیرہ روپے کو چھوتے اضافے کا اعلان پڑھتے ہی خیال آیا کہ سوشل میڈیا پر عوام کی اکثریت حکومت کو برا بھلا کہنا شروع ہوگئی ہوگی۔ دل کا بوجھ ہلکا کرنے کو ایکس سے رجوع کیا۔ یہ دیکھ کر حیران ہوا کہ لوگوں کی اکثریت حکومت کو پیر کی رات ہوئے اضافے کا ذمہ دار ٹھہرا کر برا بھلا کہنے کے بجائے جماعت اسلامی کے نسبتاً جواں سال امیر حافظ نعیم الرحمٰن کا تمسخر اڑا رہی تھی۔ گزشتہ کئی دنوں سے جماعت اسلامی کراچی اور لاہور جیسے بڑے شہروں میں پٹرول اور ڈیزل کی ناقابل برداشت قیمتوں کے خلاف دھرنے دے رہی ہے۔ حافظ صاحب اوران کے ساتھیوں کا خیال ہے کہ حکومت اگر پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں پر لیوی کے نام سے جان لیوا ''بھتہ'' وصول کرنا چھوڑ دے تو عوام کے لئے آسانیاں فراہم ہوسکتی ہیں۔ لیوی مگر حکومت کو امراء پر واجب ٹیکسوں کے حصول میں ناکامی کے بعد اپنے خرچے پورے کرنے میں مددگار ثابت ہورہی ہے۔ اس حقیقت کے باوجود وزراء کا ایک وفد حافظ نعیم الرحمٰن اوران کے ساتھیوں سے ملا۔ ملاقات کے دوران جماعت اسلامی کی جانب سے لیوی سے نجات حاصل کرنے کا ایک فارمولہ پیش کرنے کا دعویٰ ہوا۔ رعایا کو مذکورہ فارمولے سے غافل رکھا گیا ہے۔ شنید ہے کہ مذکورہ فارمولے پر غور کے لئے حکومت نے تین روز کی مہلت مانگی۔ ''مہلت'' ملنے کے چند ہی گھنٹوں بعد 13 روپے کو چھوتے اضافے کا اعلان کردیا گیا۔ سادہ لفظوں میں یوں کہہ لیں کہ حکومت جماعت اسلامی کے احتجاج سے خائف نہیں۔ اسے معمول کا رونا پیٹنا تصور کرتے ہوئے نظرانداز کررہی ہے۔ لوگ حکومت کو کوسنے کے بجائے جماعت اسلامی کا تمسخر اڑانے میں مصروف ہیں۔

جماعت اسلامی کو دیے طعنے مگر وسیع تر تناظر میں رعایا کی بے بسی کا دل دہلا دینے والا اعتراف ہیں۔ انتہائی واجب وجوہات کے باوجود عوامی احتجاج کی محدودات بے نقاب کررہے ہیں۔ پیغام یہ مل رہا ہے کہ ریاست کی کھال موٹی ہے۔ دھرنے اسے جھکا نہیں سکتے۔ عوام کو اس کا ہر فیصلہ فدویانہ انداز میں قبول کرنا ہوگا۔

اسرائیل اور امریکہ نے رواں برس کے مارچ کا آغاز ہوتے ہی انتہائی ناقص اور احمقانہ حکمت عملی کے ساتھ ایران پر جس حملے کا آغاز کیا اس نے ایران کو ایٹمی ہتھیاروں سے محروم کرنے کے بجائے آبنائے ہرمز جیسی اہم راہداری کا تقریباً اجارہ دار بنادیا ہے۔ خلیجی ممالک سے بیرون ملک بھجوایا تیل مذکورہ آبنائے سے گزر کر پاکستان سمیت جنوبی ایشیاء سے جنوب مشرقی ایشیاء کے کئی ممالک تک پہنچتا ہے۔ دنیا کی طاقتور ترین بحری قوت ہونے کے باوجود امریکہ اس راہداری سے آئی تجارت کی حفاظت یقینی نہیں بنا سکا۔ چند برادر ممالک کی مدد سے پاکستان نے ایران اور امریکہ کے مابین مذاکرات کی راہ بنائی تھی۔ دونوں کے درمیان بالآخر ایک معاہدہ بھی ہوا۔ اس پر عملدرآمد مگر نہیں ہو پایا۔ ایران کے انتہا پسند حلقے پراعتماد ہیں کہ آبنائے ہرمز کو ایران کے کامل کنٹرول سے آزاد کروانے کے لئے جس نوعیت کی جنگ درکار ہے ٹرمپ اس کے لئے تیار نہیں ہے۔ اس کی کمزوری کا ٹھنڈے مزاج سے جائزہ لیتے ہوئے امریکہ کی قومی اسمبلی اور سینٹ کے وسط مدتی انتخاب کا تہران کے انتہا پسند بے تابی سے انتظار کررہے ہیں۔ انہیں یقین ہے کہ ٹرمپ کی جماعت مذکورہ انتخابات کے دوران بدترین شکست کا سامنا کرے گی۔ اس کی ممکنہ شکست کو مزید ذلت آمیز بنانے کے لئے پاسدارانِ انقلاب شطرنج کے ماہر کھلاڑیوں کی طرح ستمبر کے آغاز سے ان دیوہیکل تیل بردار جہازوں کو نشانہ بناتے ہیں جن کے تحفظ کا امریکہ نے وعدہ کررکھا ہوتا ہے۔ تیل کی ترسیل ناممکن بنانے کے علاوہ امریکہ کی چند فوجی تنصیبات کو خلیجی ممالک ہی میں نہیں بلکہ اردن جیسے دوردراز ممالک میں بھی نشانہ بناتے ہوئے امریکہ کو اشتعال دلایا جارہا ہے۔ نہایت ڈھٹائی سے تھوڑی بڑھک بازی کے بعد ٹرمپ صنعتی ذہانت کی مدد سے بنائے کارٹون دکھاتے ہوئے جی کو خوش رکھتا ہے۔ ایران کو بھرپور انداز میں جواب دینے کی ہمت سے محروم ہوا نظر آرہا ہے۔

امریکہ کو آبنائے ہرمز کے حوالے سے تقریباً بے بس دکھانے کے بعد یمن میں موجود حوثی ملیشیاء کو بھی ہلہ شیری دی جارہی ہے۔ یمن کے پانیوں میں باب المندب کے نام سے موجود راہداری آبنائے ہرمز کا متبادل ہوسکتی ہے۔ کم از کم سعودی عرب اپنا تیل اس راہداری کے ذریعے ہم جیسے ملکوں کو باآسانی بھجوا سکتا ہے۔ حوثی ملیشیاء نے مگر اب باب المندب سے گزرتے جہازوں پر ہی نہیں سعودی عرب میں تیل پیدا اور ذخیرہ کرنے والے علاقوں پر بھی میزائل اچھالنا شروع کردیے ہیں۔ ستمبر کے پہلے دس دنوں میں بنیادی طور پر خام تیل کی قیمت ایران نہیں بلکہ حوثی ملیشیاء کے حملوں کی وجہ سے بھی ناقابل برداشت ہورہی ہے۔ سفارتی مہارت سے یوں پاکستان ترکیہ اور سعودی عرب کے مابین حال ہی میں ہوئے ''مکہ معاہدے'' کو بے اثر دکھانے کے منصوبے کا آغاز ہوچکا ہے۔

ہماری معاشی بقاء کے لئے گھمبیر سے گھمبیر تر ہوتی صورتحال پر کامل توجہ مبذول کرنے کے بجائے پاکستان کا ریگولر اور سوشل میڈیا گزشتہ کئی دنوں سے نئے صوبوں کے قیام کی حمایت اور مخالفت کی بحث میں الجھا دیا گیا ہے۔ پٹرول کے ایک لیٹر کی قیمت میں 13 روپے کے یکمشت اضافے کی خبر نئے انتظامی یونٹوں کی حمایت میں بھڑکائے شوروغوغا میں دب چکی ہے۔

☆☆☆☆

ویژنری قائد چودھری محمد سرور کی خاموشی کب تک

تحریر۔ مصطفیٰ کمال پاشا

چودھری محمد سرور پاکستان نژاد برٹش سیاستدان، بزنس مین اور فلاحی کام کرنے والے کے طور پر جانے اور پہچانے جاتے ہیں پاکستان سے ایک عام شہری کے طور پر برطانیہ جانے کے بعد انہوں نے کامیابی و کامرانی کی فقید المثال منزلیں طے کیں اس طرح جہاں برطانوی نظام کی اچھائی کا پتہ چلتا ہے وہاں پاکستانیوں کی ذہانت، محنت اور کامیابی کی جستجو بارے بھی شہادت ملتی ہے چودھری پہلے پاکستانی ہیں جو گلاسگو سینٹرل کی نمائندگی کرتے ہوئے برٹش پارلیمنٹ کے ممبر منتخب ہوئے 1997ء تا 2010ء یعنی تیرہ سال تک برٹش پارلیمان کے ممبر رہے۔ برطانوی سیاسی نظام کو سمجھا، پرکھا، برطانوی مسلمانوں کے حقوق کی جنگ لڑی قائدانہ صلاحیتوں کو منوایا۔ پاکستان ان کے خمیر میں شامل تھا اور ہے اسے نہیں بھولے۔ سماجی فلاح و بہبود کے لئے سرور فاؤنڈیشن قائم کی اس کی شاخیں پورے پاکستان میں قائم ہیں صحت تعلیم اور صاف پانی کی فراہمی کے لئے کاوشیں بھی جاری ہیں۔ سکاٹش لیبر پارٹی کے پلیٹ فارم سے سیاست کی۔ اپنے عوام کی نمائندگی کی۔ بھرپور انداز میں سیاست کی۔ اپنی ذہانت، قیادت اور دیانت کا لوہا منوایا۔ آج کل ان کے بیٹے انس سرور اس پارٹی کی قیادت کررہے ہیں ہاؤس آف لارڈ کے رکن ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ انہیں تجارت، سائنس، ٹرانسپورٹ وغیرہ کی وزارت کا قلمدان بھی سونپ دیا گیا ہے اپنے باپ چودھری سرور کی طرح وہ بھی برطانوی سیاست میں اپنا آپ منوانے اور عوام کے حقوق کی جنگ لڑنے میں مستعد نظر آتے ہیں۔

بات ہورہی تھی چودھری محمد سرور کی اپنے وطن، اپنی مٹی کی کشش انہیں پاکستان لائی۔ پاکستانی سیاست میں یہ مسلم لیگ ن کے ذریعے داخل ہوئے میاں محمد نواز شریف کے ساتھ ان کے ذاتی و دوستانہ تعلقات تھے آپ مسلم لیگ کے ترقیاتی ایجنڈے سے متاثر تھے ن لیگ کی عوامی حمایت کا باعث بھی تعمیر و ترقی کا ایجنڈا تھا اور نواز شریف کا عام لوگوں کے مسائل میں دلچسپی اور انہیں حل کرنے کی کاوش چودھری کیلئے پرکشش تھی مسلم لیگ میں شامل ہوگئے اپنی سیاست، اپنا کاروبار سب کچھ چھوڑ چھاڑ کر پاکستانی عوام کے بہتر مستقبل کی آبیاری کے مشن میں لگ گئے مسلم لیگ نے آپ کو صوبہ پنجاب کا گورنر بنا دیا۔ 2013ء تا 2015ء آپ اس عہدے پر فائز رہے لیکن انہیں معلوم ہوا کہ یہ تو سونے کا پنجرہ ہے ذاتی طور پر تو اچھا مگر عوامی خدمت کے لحاظ سے کچھ بھی نہیں۔ گورنر کے طور پر پروٹوکول ان کے عزائم کی راہ میں رکاوٹ ثابت ہوا۔ سب کچھ چھوڑ چھاڑ دیا۔ پھر عمران خان کی صورت انہیں اچھی لگی۔ بطور گورنر وہ سسٹم کی زنجیروں کا مشاہدہ کرچکے تھے اسلئے جب عمران خان نے سسٹم کے خلاف بغاوت کی باتیں کیں تو انہیں اچھا لگا انہیں لگا کہ یہی ان کی منزل ہے ان کے خوابوں کی تعبیر ہے پی ٹی آئی میں شامل ہو گئے۔ 2015ء میں پی ٹی آئی جائن کی اور پھر عوامی رابطے اور ان کے مسائل کے حل کیلئے محو سفر ہو گئے۔ 2018ء میں پی ٹی آئی الیکشن جیت کر حکمران ہوگئی آپ کو ایک بار پھر پنجاب کا گورنر بنا دیا گیا تین سال سے زائد عرصے تک گورنر رہے لیکن جو وہ کرنا چاہتے تھے نہ کر پائے۔ عوامی سیاست، عوام کے مسائل حل کرنے کی سیاست، صاف ستھری سیاست، پی ٹی آئی سے بھی مایوس ہوئے روایتی سیاست بازیوں نے انہیں یہاں بھی کچھ کرنے کا موقع نہ دیا۔ پھر کچھ کرنے کی تڑپ انہیں مسلم لیگ ق میں لے گئی لیکن وہاں سے جلد ہی کنارہ کشی اختیار کرلی۔ روایتی سیاست، خانہ ساز سازشیں، کرپشن پارٹیوں پر خاندانوں کا قبضہ اور ایسے ہی دیگر عوامل نے انہیں مایوس کردیا ہے آپ ایک عرصے سے خاموش ہیں سیاسی طور پر غیر فعال ہیں اپنی پوری توجہ سرور فاؤنڈیشن کی سرگرمیوں پر مبذول کئے ہوئے ہیں۔ اپنے تئیں لوگوں کی خدمت میں مشغول ہیں۔

پاکستان اس وقت تبدیلی کی طرف جاتا نظر آرہا ہے عالمی و علاقائی حالات نے پاکستان کی اہمیت دو چند نہیں چار چند کردی ہے بھارت کو عبرتناک شکست دیکر پاکستان نے اپنی عسکری دھاک بٹھا دی ہے۔ ایران و امریکہ کو مذاکرات کی میز پر بیٹھا کر اپنی سفارتی پوزیشن کا سکہ جما لیا ہے۔ مکہ معاہدہ پاکستان کی سفارتی و عسکری برتری کا مظہر ہے۔ داخلی طور پر پاکستان میں تبدیلی نظام کی باتیں ہورہی ہیں صوبوں کی تقسیم یا انتظامی یونٹوں کا قیام اسی سلسلے کی کڑی ہیں۔ اس بارے میں تو دو آراء پائی جاتی ہیں کہ جاری نظام ڈیلیور نہیں کر پارہا، غربت بڑھ رہی ہے، سیاسی عدم استحکام بھی نظر آرہا ہے دو صوبوں میں دہشتگردی کا راج ہے دستیاب وسائل گھٹتے چلے جارہے ہیں موجودہ قیادتیں، قومی ہوں یا علاقائی، دینی ہوں یا سیکولر اپنا آپ دکھا چکی ہیں۔ فکری اعتبار سے بانجھ ہوچکی ہیں پاکستان کو تبدیلی کی ضرورت ہے فکری طور پر بھی اور عملی طور پر بھی ایک ایسی قیادت کی ضرورت ہے جو پاکستان کو نہ صرف اندرونی طور پر پائے جانیوالے حالات کے مطابق لیکر چل سکے بلکہ عالمی سطح پر ہونیوالی تبدیلیوں کے تناظر میں بھی فکری و عملی رہنمائی کا فریضہ سرانجام دے سکے۔ چودھری محمد سرور بطور ویژنری قائد اپنی فکری و عملی صلاحیتوں کو جما چکے ہیں انکی کامیابیوں کی طویل لسٹ ہمارے سامنے ہے وہ پاکستان کیلئے بہت کچھ کرنا چاہتے ہیں وہ پاکستان کیلئے کچھ کر بھی سکتے ہیں لیکن ان کی خاموشی اس راہ میں رکاوٹ ہے خاموشی کی طوالت انہیں کہیں مایوسی کی طرف نہ لیجائے اس سے پہلے کہ وہ سیاست سے مکمل طور پر کنارہ کشی کا فیصلہ کرلیں انہیں تبدیلی کے عمل کا حصہ بنایا جانا چاہئے ان کی صلاحیتوں سے پاکستان کو فائدہ اٹھانا چاہئے۔

ریاست چل رہی ہے، مگر شہری کہاں جائے؟

تحریر۔ محمد اکرم چوہدری

وہ پٹرول پمپ پر موٹر سائیکل روکتا ہے جیب سے ہزار روپے کا نوٹ نکالتا ہے اور میٹر کو چلتے ہوئے دیکھتا رہتا ہے چند سال پہلے یہی ہزار روپے اس کے لیے ایک مختلف معنی رکھتے تھے، آج ایک مختلف معنی رکھتے ہیں اسے دفتر بھی جانا ہے، بچے کو سکول بھی چھوڑنا ہے، شام کو والدہ کی دوا بھی لانی ہے اور گھر جاتے ہوئے سبزی بھی۔ پٹرول بھرنے والا پوچھتا ہے، ''کتنے کا ڈالوں؟'' اور شاید یہی آج کے پاکستان کا سب سے مشکل سوال ہے۔ کتنے کا پٹرول ڈالوں، کتنا راشن لوں، کتنی بجلی استعمال کروں، بچے کو کس سکول میں پڑھاوں، ماں کی کون سی دوا چھوڑوں، کون سا بل پہلے دوں اور کون سا اگلے مہینے پر ڈال دوں؟ پاکستان کا عام شہری اب زندگی نہیں گزار رہا، زندگی کے ساتھ روزانہ مذاکرات کررہا ہے ہر صبح ایک نیا حساب، ہر شام ایک نیا خسارہ اور تقریباً ہر چند دن بعد ایک نیا امتحان۔

مہنگائی صرف قیمت بڑھنے کا نام نہیں۔ مہنگائی دراصل انتخاب کم ہونے کا نام ہے۔ پہلے آدمی سوچتا تھا آج کیا خریدنا ہے، اب سوچتا ہے آج کیا نہیں خریدنا۔ پہلے متوسط گھرانے مہینے کا بجٹ بناتے تھے، اب مہینہ ان کا بجٹ بناتا ہے۔ کبھی بجلی کا بل فیصلہ کرتا ہے کہ کپڑے اس ماہ نہیں خریدے جائیں گے، کبھی پٹرول فیصلہ کرتا ہے کہ بچوں کو باہر نہیں لے جایا جائے گا، کبھی سکول فیس بتاتی ہے کہ گھر کی کوئی اور ضرورت انتظار کرے گی اور کبھی بیماری پورے خاندان کے مالی منصوبے کو ایک رات میں تہس نہس کردیتی ہے۔

اس ملک کے ننانوے فیصد لوگوں کو ایک ہی ترازو میں رکھنا شاید معاشی اعتبار سے درست نہ ہو۔ ان میں غریب بھی ہیں، متوسط طبقہ بھی، نسبتاً خوشحال لوگ بھی، دکاندار بھی، تنخواہ دار بھی، کسان بھی، ڈاکٹر بھی، استاد بھی، چھوٹے کاروباری بھی۔ لیکن ایک عجیب چیز ان سب کو قریب لا رہی ہے: اپنی زندگی کا معیار برقرار رکھنے کی مسلسل جنگ۔ جس کی آمدن پچاس ہزار ہے، اس کی جنگ الگ ہے۔ جس کی آمدن ڈیڑھ لاکھ ہے، اس کا محاذ الگ ہے۔ جس کا چھوٹا کاروبار ہے، اس کی پریشانی الگ ہے۔ مگر سوال تقریباً سب کا ایک ہے: اگلا مہینہ پچھلے مہینے سے زیادہ مشکل کیوں ہوتا جارہا ہے؟ ہر شخص نے اپنے حالات کے مطابق اپنی زندگی ترتیب دے رکھی تھی کسی نے بچوں کے لیے ایک مناسب سکول چنا تھا۔ کسی نے دفتر کے قریب گھر کرائے پر لیا تھا۔ کسی نے موٹر سائیکل قسطوں پر خریدی تھی۔ کسی نے بوڑھے والدین کی ادویات کے لیے ماہانہ رقم مقرر کررکھی تھی۔ کسی نے بیٹی کی شادی کے لیے تھوڑی تھوڑی بچت شروع کی تھی۔ کسی نوجوان نے سوچا تھا دو سال محنت کرکے اپنی گاڑی لے گا۔ کسی ماں نے سوچا تھا اس سال بچے کو ٹیوشن لگوا دے گی۔ کسی باپ نے وعدہ کیا تھا اگلی عید پر بچوں کو اچھے کپڑے دلائے گا۔ یہ شاہانہ خواب نہیں تھے۔ یہ زندگی تھی اور مسئلہ یہ ہے کہ اب زندگی کے یہی معمولی منصوبے بھی بار بار ٹوٹ رہے ہیں۔

عام آدمی سے کہا گیا بجلی کم استعمال کرو، اس نے کر لی۔ کہا گیا پٹرول بچاو، اس نے غیر ضروری سفر چھوڑ دیا۔ باہر کھانا کم کیا، کپڑے خریدنا کم کیا، تفریح کم کی، گوشت کم کیا، بچوں کی فرمائشیں کم کیں، گھر کی تقریبات محدود کیں۔ جس کے پاس گاڑی تھی اس نے موٹر سائیکل نکال لی، جو موٹر سائیکل پر تھا اس نے سفر کم کردیا، جو کرائے کے مکان میں تھا اس نے نسبتاً سستا علاقہ ڈھونڈ لیا۔

پاکستانی شہری نے شاید دنیا کے بہترین معاشی ماہر سے زیادہ ''ایڈجسٹمنٹ'' سیکھی ہے لیکن ایک حد کے بعد انسان خرچہ کم نہیں کرتا، اپنی زندگی کم کرنا شروع کردیتا ہے یہ وہ مقام ہے جہاں حکمرانوں کو رک کر سوچنا چاہیے۔ کیونکہ معیشت صرف وزارتِ خزانہ کی فائل نہیں۔ معیشت اس عورت کا پرس بھی ہے جو سپر مارکیٹ میں چیز اٹھاتی ہے، قیمت دیکھتی ہے اور واپس شیلف پر رکھ دیتی ہے۔ معیشت اس باپ کا چہرہ ہے جو بچے کی فرمائش پر فوراً ''نہیں'' نہیں کہتا بلکہ چند لمحے خاموش رہتا ہے۔ معیشت اس نوجوان کی آنکھیں ہیں جس نے ڈگری حاصل کی مگر اپنی تنخواہ سے الگ گھر بسانے کا تصور بھی مشکل پاتا ہے۔ معیشت اس ریٹائرڈ شخص کی دوا ہے جس کی پنشن بڑھنے سے پہلے قیمتیں بڑھ جاتی ہیں۔

اور پھر ایک سوال پیدا ہوتا ہے قربانی ہمیشہ عوام ہی کیوں دیں؟ عالمی منڈی خراب ہو، عوام برداشت کریں۔ تیل مہنگا ہو، عوام برداشت کریں۔ قرض واپس کرنا ہو، عوام برداشت کریں۔ خزانہ دباو میں ہو، عوام برداشت کریں۔ بجلی کے نظام میں نقصانات ہوں، بل عوام دیں۔ سرکاری ادارے خسارے میں جائیں، بوجھ عوام اٹھائیں۔ پالیسی غلط نکلے، قیمت عوام ادا کریں۔ تو پھر ریاست کب ایڈجسٹ کرے گی؟ وہ دن کب آئے گا جب خبر یہ ہوگی کہ مشکل معاشی حالات کے باعث حکمران طبقے نے اپنی مراعات آدھی کردی ہیں؟ سرکاری گاڑیوں، غیر ضروری پروٹوکول، غیر پیداواری اخراجات، شاہانہ دفاتر اور بے مقصد سرکاری خرچ پر وہی بے رحمانہ نظر ڈالی گئی ہے جو ایک متوسط گھرانے کا سربراہ ہر مہینے اپنے بجٹ پر ڈالتا ہے؟ اگر ایک شہری اپنے بچے کی فرمائش کاٹ سکتا ہے تو ریاست اپنی فرمائشیں کیوں نہیں کاٹ سکتی؟

یہاں مسئلہ صرف موجودہ حکومت کا نہیں۔ اگر ہم سچ بولنا چاہتے ہیں تو پورا سچ بولنا ہوگا۔ پاکستان میں چہرے بدلتے رہے، جماعتیں بدلتی رہیں، نعرے بدلتے رہے، اتحاد بدلتے رہے، لیکن

(باقی صفحہ 3 پر بقیہ نمبر 39)


JOIN PAKISTAN NAVY
AS PN CADET IN OPERATIONS AND SUPPLY
BRANCHES FOR PERMANENT COMMISSION

TERM 2027-A

ELIGIBILITY CRITERIA

Male Citizens of Pakistan
Age on 15 May 2027
Civilians (Unmarried) **$16^{1/2}$-21 years**
Service Candidates **17-23 years**
(Armed Forces in Uniform only) (Married/Unmarried)
Height 5' 4" (Minimum)

Registration:
13 Sep 2026
to
11 Oct 2026

EDUCATIONAL QUALIFICATION

The candidate must have passed both Matric and F.Sc or O/A level with at least 60% marks with any of the following subjects.

PHYSICS, MATHS & CHEMISTRY
PHYSICS, MATHS & COMPUTER SCIENCE
PHYSICS, MATHS & STATISTICS

- **Pre-Medical students may also apply, provided they qualify additional mathematics in their F.Sc or A Level studies before 15th March 2027**
- Candidates of O/A Level are required to submit IBCC equivalence certificate
- F.Sc appearing candidates with at least 65% marks in part-1 can also apply. They are required to provide a hope certificate from the head of respective college/institute and completion of F.SC/HSSC equivalent examination before **15th May 2027**
- If a candidate fails to attain 60% marks after providing hope certificate he will be disqualified at any stage of selection process/discharged during training

For Information & Online Registration Visit:
www.joinpaknavy.gov.pk Pakistan Navy Recruitment online @pnrectt

FOR QUERIES: VISIT NEAREST PAKISTAN NAVY RECRUITMENT & SELECTION CENTRE

Abbottabad / Faisalabad / Gilgit / Gwadar / Hyderabad / Karachi / Kharian / Lahore / Multan / Muzaffarabad / Peshawar / Quetta / Swat / Sialkot / Rawalpindi / Rahim Yar Khan / Sukkur / Shaheed Benazirabad

PID(I)2411-D/26

روزنامہ عوام
MEMBER OF APNS
ایڈیٹر انچیف وسیم احمد
انچارج شجاع

کھیلوں کی دنیا

تیسرا ٹیسٹ انگلینڈ نے پاکستان کو 8 وکٹوں سے شکست دیکر سیریز میں وائٹ واش کر دیا

انگلینڈ نے پاکستان کی جانب سے دیا گیا 130 رنز کا ہدف 2 وکٹوں کے نقصان پر حاصل کر لیا

اس سے قبل انگلینڈ نے پہلی اننگز میں 453 رنز بنائے تھے جبکہ پاکستان کی پہلی اننگز 133 رنز پر ختم ہوگئی تھی

برمنگھم (این این آئی) انگلینڈ نے تیسرے ٹیسٹ میچ میں پاکستان کو 8 وکٹوں سے شکست دے کر تین میچز کی ٹیسٹ سیریز میں وائٹ واش کر دیا۔ برمنگھم میں کھیلے گئے سیریز کے تیسرے اور آخری ٹیسٹ میچ میں انگلینڈ نے پاکستان کی جانب سے دیا گیا 130 رنز کا ہدف 2 وکٹوں کے نقصان پر حاصل کر لیا، انگلینڈ نے میچ کے آخری مرحلے میں پراعتماد بیٹنگ کا مظاہرہ کرتے ہوئے پاکستان کو شکست سے دوچار کیا۔ انگلینڈ کی جانب سے جو روٹ نے شاندار بیٹنگ کرتے ہوئے 62 رنز کی نمایاں اننگز کھیلی، جبکہ جارڈن کاکس 59 رنز بنا کر نمایاں رہے، دونوں بلے بازوں نے ہدف کے تعاقب میں ذمہ دارانہ بیٹنگ کرتے ہوئے اپنی ٹیم کو کامیابی سے ہمکنار کیا۔ تیسرے ٹیسٹ میں فتح کے ساتھ ہی انگلینڈ نے پاکستان کے خلاف تین میچز کی سیریز 0-3 سے جیت کر وائٹ واش مکمل کر لیا، پاکستان پوری سیریز میں انگلینڈ کے خلاف کوئی ٹیسٹ میچ جیتنے میں کامیاب نہ ہو سکا۔ اس سے قبل کستانی ٹیم دوسری اننگز میں 449 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی اور انگلینڈ کو میچ جیتنے کیلئے 130 رنز کا ہدف دیا۔ پاکستان کی جانب سے کپتان شان مسعود 95 رنز بنا کر ٹاپ اسکورر رہے جبکہ بابر اعظم نے 76 اور اذان اویس نے 59 رنز کی اننگز کھیلی، سعود شکیل 29 اور غازی غوری 16 رنز بنا سکے۔ صائم ایوب اور عبداللہ شفیق بغیر کوئی رن بنائے آؤٹ ہوئے، تاہم ٹیل اینڈرز نے انگلش بالرز کے خلاف بھرپور مزاحمت کی۔ رضا اللہ نے ٹیسٹ ڈیبیو میں شاندار 81 رنز کی اننگز کھیلی، جس میں 9 چھکے اور 4 چوکے شامل تھے، محمد عباس نے بھی جارحانہ بیٹنگ کرتے ہوئے 40 رنز بنائے۔ ٹیل اینڈرز کی مزاحمت نے پاکستان کو اننگز کی شکست سے بچانے میں اہم کردار ادا کیا، اس سے قبل انگلینڈ نے پہلی اننگز میں 453 رنز بنائے تھے جبکہ پاکستان کی پہلی اننگز 133 رنز پر ختم ہوگئی

ورلڈ الٹمیٹ اتھلیٹکس جیولن مقابلوں میں پاکستان کے ارشد ندیم (آج) ایکشن میں ہوں گے

بڈاپسٹ (این این آئی) ہنگری بڈاپسٹ کے نیشنل اتھلیٹکس اسٹیڈیم میں جیولن تھرو مقابلوں میں دنیا کے ٹاپ آٹھ تھرورز شرکت کریں گے، اولمپک چیمپئن پاکستان کے ارشد ندیم بھی ایکشن میں اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کریں گے۔ جیولن تھرو کے مقابلے پاکستان وقت کے مطابق رات نو بجکر پندرہ منٹ پر شروع ہوں گے، ایونٹ میں عالمی چیمپئن کیشرون والکوٹ، ورلڈ نمبر ون جیولن تھرو ور سری لنکا کے رمیش پاتھیرنگا بھی ایکشن میں ہوں گے جبکہ اینڈرسن پیٹرس، جولین ویبر، ڈیوڈ ویگنیر اور جولیس ییگو بھی میڈل اپنے نام کرنے کی دوڑ میں شامل ہیں۔ پہلے دو مرحلوں میں تمام آٹھ تھرورز تھرو کریں گے جبکہ تیسرے مرحلے میں ٹاپ سکس تھرورز کو موقع ملے گا اور چوتھے مرحلے میں ٹاپ چار تھرورز تھرو کریں گے، ایونٹ کے فاتح کو ڈیڑھ لاکھ ڈالرز انعامی رقم ملے گی۔

ویمن ٹی 20 ایشیا کپ، پاکستان کو ہرا کر سری لنکن ٹیم فائنل میں پہنچ گئی

ویمنز ٹی ٹوئنٹی ایشیا کپ کا فائنل 13 ستمبر کو بھارت اور سری لنکا کے درمیان کھیلا جائے گا

دبئی (این این آئی) ویمن ٹی ٹوئنٹی ایشیا کپ کے دوسرے سیمی فائنل میں سری لنکا نے پاکستان کو 4 وکٹوں سے شکست دے کر فائنل میں جگہ بنالی۔ دبئی میں کھیلے گئے ایونٹ کے دوسرے سیمی فائنل میں پاکستان نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ 20 اوورز میں 5 وکٹوں پر 130 رنز بنائے۔ کپتان فاطمہ ثناء نے ناقابلِ شکست 47 رنز بنائے۔ ان کے علاوہ شوال ظفر نے 24 اور گل فیروزہ نے 21 رنز بنائے۔ سری لنکا کی جانب سے چماری اتاپتو نے اور چھودی پرودانے دو دو جبکہ سگوندیکا کماری نے ایک بیٹر کو آؤٹ کیا۔ دفاعی چیمپئن نے 131 رنز کا ہدف 19 ویں اوور میں حاصل کرلیا، ہرشیتھا سمارا وکراما نے سب سے زیادہ 36 رنز بنائے جبکہ کویشا دلہاری نے 33 رنز کی اننگز کھیلی۔ پاکستانی کپتان فاطمہ ثنا نے 4 وکٹیں لیں جبکہ سعدیہ اقبال اور ام ہانی نے ایک ایک وکٹ لی۔ ویمنز ٹی ٹوئنٹی ایشیا کپ کا فائنل 13 ستمبر کو بھارت اور سری لنکا کے درمیان کھیلا جائے گا۔

پاکستانی گھوڑا ''ایڈن ڈوویریٹ'' (کل) فرانس سے ٹوکیو کیلئے روانہ ہوگا

پاکستان ایکویسٹرین ٹیم کے گھوڑے 'ایڈن ڈوویریٹ' کو ایشین گیمز کیلئے ٹوکیو روانگی کی اجازت مل گئی

کراچی (این این آئی) پاکستان ایکویسٹرین ٹیم کے گھوڑے ''ایڈن ڈوویریٹ'' کو ایشین گیمز کیلئے ٹوکیو روانگی کی حتمی اجازت مل گئی۔ پاکستان ایکویسٹرین ایتھلیٹ عثمان خان کے مطابق پاکستانی گھوڑا ''ایڈن ڈوویریٹ'' 14 ستمبر کو فرانس سے ٹوکیو کیلئے روانہ ہوگا۔ پاکستانی اسکواڈ کے گھوڑے کی ٹوکیو آمد 15 ستمبر کو متوقع ہے۔ عثمان خان نے کہا کہ ایڈن ڈوویریٹ کو فرانس میں 60 روزہ منظور شدہ قرنطینہ مکمل کرایا گیا، پاکستان ٹیم گھوڑے نے جرمنی میں 10 روزہ پری ایکسپورٹ قرنطینہ بھی مکمل کیا۔ عثمان خان نے بتایا کہ ایڈن ڈوویریٹ نے مجموعی طور پر 70 روزہ قرنطینہ مکمل کیا۔ پاکستان ایکویسٹرین ایتھلیٹ عثمان خان کے مطابق ایشین گیمز کیلئے گھوڑے کے تمام ٹیسٹ کے نتائج منفی آئے۔ حکام کے مطابق ایڈن ڈوویریٹ کو ایشین گیمز کے ایکویسٹرین مقابلوں کیلئے جاپان پہنچایا جائے گا۔ پاکستان نے گھوڑے کی روانگی سے قبل 72 گھنٹے کا حتمی تیاری پلان فعال کردیا۔

پی سی بی کا فرسٹ کلاس کرکٹ میں کوکابورا گیند واپس لانے کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے 2026-27 کے ڈومیسٹک سیزن سے فرسٹ کلاس کرکٹ میں ایک بار پھر کوکابورا گیند استعمال کرنے کا فیصلہ کیا ہے، اس فیصلے کے بعد قائد اعظم ٹرافی اور پریذیڈنٹ ٹرافی میں گزشتہ دو سیزنز سے استعمال ہونے والی ڈیوکس گیند کا دور ختم ہوجائے گا۔ ذرائع کے مطابق پی سی بی کے مطابق کوکابورا گیند کی واپسی سے ڈومیسٹک اور ٹیسٹ کرکٹ کے درمیان موجود فرق کم کرنے میں مدد ملے گی۔ ڈیوکس گیند کی نمایاں اور سخت سیون کے باعث فاسٹ بولرز کو زیادہ دیر تک سوئنگ اور سیم مومنٹ ملتی رہی جس سے کئی میچز میں بولرز کو واضح برتری حاصل رہی۔

پاکستان کے فاسٹ بولر رضا اللہ نے ٹیسٹ ڈیبیو پر 9 چھکے لگا کر ریکارڈ برابر کر دیا

63 گیندوں پر 81 رنز کی شاندار اننگز کھیلی ان کی اننگ میں 4 چوکے اور 9 چھکے شامل تھے

آجبسٹن میں بلے بازوں کی مزاحمت نے اننگز کی شکست ٹال دی تاہم وائٹ واش کا خطرہ برقرار ہے

برمنگھم (این این آئی) پاکستان کے فاسٹ بولر رضا اللہ نے ٹیسٹ ڈیبیو پر 9 چھکے لگانے کا ریکارڈ برابر کردیا ہے۔ برمنگھم ٹیسٹ کے تیسرے روز انگلینڈ کے خلاف نوجوان فاسٹ بولر رضا اللہ نے 63 گیندوں پر 81 رنز کی شاندار اننگز کھیلی ان کی اننگ میں 4 چوکے اور 9 چھکے شامل تھے۔ رضا اللہ نے انگلش فاسٹ بولر جوفرا آرچر کو بھی چھکے رسید کیے۔ اس کے ساتھ ہی رضا اللہ نے ٹیسٹ ڈیبیو پر 9 چھکے لگانے کا ریکارڈ برابر کیا ہے، 2008 میں نیوزی لینڈ کے ٹم ساؤتھی نے انگلینڈ کے خلاف 9 چھکے لگائے تھے۔ برمنگھم ٹیسٹ میں پاکستان ٹیم اپنی دوسری اننگز میں 449 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی اور انگلینڈ کو جیت کیلئے 130 رنز کا ہدف مل گیا۔ شان مسعود 95، کپتان بابر اعظم 76 رنز بنا کر نمایاں رہے، اذان اویس نے 59 اور محمد عباس نے 42 رنز بنائے۔ اس سے قبل انگلش ٹیم پاکستان کیخلاف پہلی اننگز میں 453 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی تھی۔ ہیری بروک 75، جیمی اسمتھ 69 رنز بنا کر نمایاں رہے جب کہ ڈین لارنس، ایمیلیو گے، اولی رابنسن نے بھی نصف سنچریاں اسکور کیں۔ ڈیبیو کرنے والے رضا اللہ نے 4 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ اجبسٹن میں بلے بازوں کی مزاحمت نے اننگز کی شکست ٹال دی تاہم وائٹ واش کا خطرہ برقرار ہے۔

مجھے نہیں لگتا انگلینڈ کے خلاف میچ میں پاکستان کو ایک اضافی اسپنر کی ضرورت تھی، بابر اعظم

برمنگھم (این این آئی) قومی ٹیم کے کپتان بابر اعظم نے کہا ہے کہ انہیں نہیں لگتا کہ انگلینڈ کے خلاف میچ میں پاکستان کو ایک اضافی اسپنر کی ضرورت تھی۔ انگلینڈ سے تیسرے ٹیسٹ میں شکست کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بابر اعظم نے کہا کہ پچ پر کافی گاس موجود تھی، اسی وجہ سے ٹیم میں تین فاسٹ بولرز اور ایک آل راؤنڈر کو شامل کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں اپنی غلطیوں کو تسلیم کرکے ان سے سیکھنا ہوگا۔

S CHILDREN'S VILLA

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل ایس او ایس چلڈرن ویلیج میں منعقدہ تقسیم ایوارڈ تقریب کے شرکاء سے خطاب کررہے ہیں

بقیہ 1

ایمبولینس سروس سمیت ادویات کی فراہمی کے حوالے سے بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر نے مریضوں سے بھی ملاقات کی اور علاج معالجے کی سہولیات کا جائزہ لیا، دورے کے آخری حصے میں وفد نے مدرسہ دارالعلوم مفتی عبدالحمید کا معائنہ کیا اور دینی تعلیم کے فروغ کے لیے حکومتی تعاون کا یقین دلایا۔

بقیہ 2

میں مختلف نوعیت کے سزا دینے کے احکامات دے دیئے گئے ہیں۔ اسی طرح 112 کیسز کی باریک بینی سے جانچ پڑتال کرنے کے بعد بے بنیاد ثابت ہونے پر فائل کر دیئے گئے ہیں ان شکایات میں 95 پولیس اہلکاروں کی اپنے اختیارات سے تجاوز، 24 کی بدعنوانی، 5 کی حبسِ بیجا، 6 کی غلط ایف آئی آر، 2 کی بے جا تشدد، 17 کی بدتمیزی و بداخلاقی 25 کی ہراسگی 27 کی ایف آئی آر کا اندراج نہ ہونا اور 41 کی تفویض کی گئی ذمہ داریوں میں کاہلی اور سست روی کا رویہ رکھنا شامل ہیں۔

بقیہ 3

دہشت گردی کے امتحان کا سامنا ہے، گورنر بلوچستان کا کہنا تھا کہ پچھلے دو ڈھائی سالوں میں صوبے میں بیرونی مداخلت بڑھی ہے، انڈیا اور کچھ دیگر ممالک کالعدم تنظیموں کو پیسہ اور اسلحہ دے رہے ہیں،

بقیہ 4

حکومت کے وزراء علی بابا چالیس چوروں کا ایسا ٹولہ بن چکے ہیں جو عوام کا خون پسینہ نچوڑ رہا ہے۔ دیہاڑی دار مزدور، کم آمدنی والے افراد اور سفید پوش خاندان انواع و اقسام کے کھانوں کی نہیں بلکہ اب دو وقت کی سوکھی روٹی کی فکر میں مبتلا ہیں۔ رہنماؤں نے کہا کہ عوام کو اشیائے خورونوش کی مناسب اور مستحکم قیمتوں پر فراہمی یقینی بنانا حکومت کی ذمہ داری ہے لیکن گندم کی قلت اور آٹے کی بڑھتی ہوئی قیمتوں کے معاملے پر حکومتی عدم توجہی اور خاموشی افسوسناک ہے۔

بقیہ 5

کی بیرون ملک سے وطن واپسی پر کابینہ میں نئے چہروں کے ساتھ ساتھ پرانے وزراء کے محکموں میں بھی ردوبدل کا امکان ہے باوثوق ذرائع کے مطابق بلوچستان حکومت کی جانب سے مختلف محکموں میں بے ضابطگیوں اور کرپشن کے حوالے سے 3 اعلیٰ آفیسران کی کرپشن کے حوالے سے کیسز تحقیقات کے لئے محکمہ اینٹی کرپشن کے حوالے کردیا گیا ہے

بقیہ 6

کی۔ تقریب سے رکن قومی اسمبلی و صوبائی جنرل سیکرٹری پاکستان مسلم لیگ (ن) جمال شاہ کاکڑ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اوورسیز پاکستانی ملک و قوم کا قیمتی سرمایہ ہیں، جو بیرون ملک رہتے ہوئے نہ صرف پاکستان کا نام روشن کر رہے ہیں بلکہ اپنی محنت اور صلاحیتوں سے ملکی معیشت میں بھی اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی جانب سے بھیجی جانے والی ترسیلات زر ملکی معیشت کے استحکام میں اہم کردار ادا کرتی ہیں، جبکہ مشکل حالات میں اوورسیز پاکستانی ہمیشہ اپنے وطن اور ہم وطنوں کے ساتھ کھڑے رہے ہیں۔ ان کی خدمات، محنت اور پاکستان سے وابستگی قابلِ تحسین ہے۔ جمال شاہ کاکڑ نے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) ملک کی ترقی، خوشحالی، استحکام اور عوامی خدمت کے وژن پر یقین رکھتی ہے۔

بقیہ 7

کو اجاگر کرنے اور ان کے حقوق کے لیے مؤثر آواز بلند کرنے کی کوشش کی۔ انہوں نے کہا کہ نصیب اللہ بازئی نے بلوچستان عوامی پارٹی کی مضبوطی، تنظیم اور سیاسی فعالیت کے لیے بھی گراں قدر خدمات انجام دیں۔ پارٹی کے لیے ان کی طویل وابستگی، سیاسی جدوجہد اور خدمات کو ہمیشہ قدر و احترام سے یاد رکھا جائے گا۔

بقیہ 8

سے سابق نگران صوبائی وزیر میر نوید کلمتی نے جھالاوان ہاؤس میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران صوبے کی موجودہ سیاسی صورتحال سمیت مختلف علاقائی امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر باہمی تعاون کو مزید فروغ دینے اور علاقائی ترقی کے لیے مشترکہ کوششیں جاری رکھنے پر زور دیا گیا۔

بقیہ 9

کے لیے دعا کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ انہیں جوارِ رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور سوگوار خاندان کو صبر و ہمت دے۔ آل پاکستان وکلاء ایکشن کمیٹی کے چیئرمین علی احمد کرد اور راحب خان بلیدی نے اپنے ایک بیان میں چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ کی جانب سے اپنے دائرہ اختیارات سے تجاوز کرکے اپنے حلف پر قائم رہنے کی بجائے دوسرے صوبوں کے منتخب وزیراعلیٰ سے حلف وفاداری لینا قابل مذمت ہے

بقیہ 10

جیل، لورالائی جیل، ڈیرہ مراد جمالی جیل، تربت جیل، نوشکی جیل، پشین جیل میں 2757 قیدی رکھنے کی گنجائش موجود ہے۔ لیکن اس وقت ان جیلوں میں 2925 قیدی ہیں۔ گنجائش سے صرف 168 قیدی زیادہ ہے۔ ذرائع کے کہنا ہے کہ زیادہ قیدیوں کی تعداد اتنی نہیں کیونکہ آئے روز قیدیوں کی ضمانت ہوتی رہتی ہے ذرائع نے بتایا کہ ڈسٹرکٹ جیل کوئٹہ میں 470 قیدیوں کی گنجائش ہے جبکہ اس میں 950 قیدی بند ہیں اسی طرح گڈانی 300 قیدیوں کی گنجائش لیکن اس میں 350 یا اس سے کچھ زیادہ قیدی ہو سکتے ہیں۔

بقیہ 11

مقامی نوجوان برسوں سے سرکاری ملازمتوں کے منتظر ہیں، اپنی تعلیم مکمل کرنے کے باوجود بے روزگاری کا سامنا کر رہے ہیں، مگر اگر ان کے بجائے دوسرے اضلاع کے لوگوں کو تعینات کیا جائے اور مقامی امیدواروں کو میرٹ کے باوجود نظرانداز کیا جائے تو یہ صرف چند افراد کی حق تلفی نہیں بلکہ پورے علاقے کے نوجوانوں کے ساتھ ناانصافی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج بلوچستان جن سیاسی، معاشی اور سماجی مشکلات سے دوچار ہے ان کے پس منظر میں برسوں سے جاری ناانصافیاں، وسائل کی غیر منصفانہ تقسیم، میرٹ کی پامالی، سفارش کلچر اور نوجوانوں کو ان کے جائز حقوق سے محروم رکھنے جیسے عوامل بھی شامل ہیں۔ جب ایک قابل اور حقدار نوجوان بار بار میرٹ سے محروم ہوتا ہے تو اس کا اعتماد صرف ایک محکمے سے نہیں بلکہ پورے نظام سے اٹھنے لگتا ہے۔

بقیہ 12

رکے گئے سامان یا گاڑیوں یا ضبط شدہ اشیا کے حوالے سے تفصیلی گفتگو ہوئی مولانا عبدالقادر نے کسٹم کلکٹر شاہ جہان سے اپیل کی کہ تاجروں کے رکے گئے اشیا کے حوالے سے قانونی عمل کو تیز کرکے ان تمام تاجروں کے کیسز کو جلد از جلد نمٹایا جائے تاکہ وہ تاجر جن کے سامان رکے وہ لیگل طریقے سے قانونی ضوابط کو مکمل کرکے ریلیز کر سکیں اور لکپاس زیارت اور دیگر کسٹم آفسز میں ہونے والے تخریبی کارروائیوں کی وجہ سے اربوں کا سامان ضائع ہو گیا جس سے نہ حکومت کو فائدہ ہو سکا اور تاجروں کے اربوں کے نقصانات ہوئے اور تمام کسٹم آفسز سے پکڑے جانے والے سامان گاڑیوں کو فوری طور پر محفوظ طریقے سے شہر میں منتقل کیا جائے جو کسی تخریبی کارروائی سے محفوظ رہ سکیں انہوں نے کہا کہ دوسری جانب بلوچستان میں بدامنی کی وجہ سے بلوچستان کے تاجر دو وقت کے نان شبینہ کے محتاج شدید نقصانات خسارے سے دوچار ہیں اور تمام تمام کسٹم پر کلیرنگ کا عمل فوری طور پر کرانے کا عمل تیز ہونا چاہئے کلکٹر کسٹم بلوچستان نے مسائل کے حل کی مکمل یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے تاجر و کاروباری حلقوں کی مسائل پر کلیرنگ وغیرہ اور سامان کے محفوظ سٹورز میں منتقل کرنے کے لئے ان شاءاللہ فوری اقدامات کئے جائیں گے۔

بقیہ 13

ٹول پلازہ اسلام آباد کے قریب گاڑی اور موٹر سائیکل سوار 2 ملزمان سے 12 کلو چرس برآمد بحریہ ٹاؤن اسلام آباد کے قریب موٹر سائیکل سوار 2 ملزمان سے 200 گرام ویڈ برآمد دالبندین ڈسٹرکٹ چاغی کے قریب سے 30 کلوگرام افیون برآمد سمنگلی روڈ کوئٹہ کوریئر آفس سے ریفریجریٹر میں مہارت سے چھپائی گئی 24 کلوگرام چرس برآمد سیٹلائٹ ٹاؤن کوئٹہ کوریئر آفس میں پارسل میں ڈرائی فروٹ میں چھپائی 1.95 کلو آئس برآمد کارروائیوں کا انسداد منشیات ایکٹ 1997 کے تحت مقدمات درج کرکے تحقیقات شروع کردی گئیں۔

بقیہ 14

کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عدالت عالیہ بلوچستان میں فیڈریشن ہذا کی رٹ پٹیشن پر عدالت عالیہ بلوچستان کے جج صاحبان نے کیس کو جس طرح چلایا ہے اس میں امید ہے کہ سورینج واقعہ میں ایف آئی آر کے بعد شہید ہونے والے کانکنوں کو کمپن سیشن کی ادائیگی کے ساتھ ساتھ دیت کی رقم بھی ملنے کا امکان ہے۔ اس کے علاوہ کول مائنز میں ہونے والے واقعات پر صوبائی حکومت کے ذمہ دار آفیسران اور مائنز مالکان کے خلاف بھی کرمنل فیصلہ ہو اور مستقبل میں کانکنوں کی سیفٹی کیلئے ایسے حالات کار مہیا ہوں جہاں قیمتی انسانی جانوں کو تحفظ مل سکے۔

بقیہ 15

ہو گیا لعشوں اور زخمی کو ہسپتال منتقل کردیا گیا نعشیں ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی گئی۔

بقیہ 16

داری بھی قبول کرنا ہوگی۔ اچھے فیصلوں کا کریڈٹ حکومت کے ساتھ لینا اور مشکل یا متنازع معاملات پر خود کو اپوزیشن کی طرح پیش کرنا سیاسی طور پر قابل قبول طرزِ عمل نہیں۔ چوہدری شبیر بلوچستانی نے کہا کہ اگر ریاستی اداروں کے سیاسی استعمال، میڈیا پر دباؤ یا سیاسی انتقام کی مخالفت اصولی مؤقف ہے تو یہ اصول ہر حکومت اور ہر سیاسی جماعت کے لیے یکساں ہونا چاہیے۔

بقیہ 17

پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما اور صوبائی مشیر برائے بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری سے سابق نگران صوبائی وزیر میر نوید کلمتی نے جھالاوان ہاس میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران صوبے کی موجودہ سیاسی صورتحال سمیت مختلف علاقائی امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر باہمی تعاون کو مزید فروغ دینے اور علاقائی ترقی کے لیے مشترکہ کوششیں جاری رکھنے پر زور دیا گیا۔ ملاقات میں علاقے کو درپیش مسائل، ترقیاتی امور اور عوامی فلاح و بہبود سے متعلق مختلف معاملات بھی زیر بحث آئے۔

بقیہ 18

کہ مغربی حدود میں عوامی مقامات پر گداگری کے تدارک کے لیے یہ مشترکہ کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ 19

اہل خانہ کے لیے ناقابلِ تلافی صدمہ ہے۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرمائے، انہیں اپنے جوارِ رحمت میں جگہ عطا کرے اور پسماندگان کو یہ صدمہ صبر و استقامت کے ساتھ برداشت کرنے کی توفیق دے۔

بقیہ 20

جنرل سیکرٹری کبیر افغان، صوبائی آفس سیکرٹری ملک عمر کاکڑ، صوبائی پارلیمانی سیکرٹری حضرت عمر ایڈووکیٹ، صوبائی ڈپٹی سیکرٹریز نعمت کاکڑ، بشیر کاکڑ ایڈووکیٹ، مرکزی کمیٹی کے اراکین سردار بہادر خان موسیٰ خیل اور ولیم جان برکت نے شرکت کی۔ اجلاس کا ایجنڈ اضلع کوئٹہ میں جنوبی پشتونخوا کے عوام اور پشتون قومی جرگہ کے انعقاد کے فیصلوں کی روشنی میں کوئٹہ کے جرگہ کمیٹی کی تشکیل اور آئندہ کا لائحہ عمل طے کرنا تھا۔

بقیہ 21

والے ایک بیان میں سینٹر عبدالقادر نے کہا کہ افغان طالبان کی شدت پسند تنظیموں کے حوالے سے غیر مؤثر پالیسی کا سب سے زیادہ اور براہِ راست اثر پاکستان اور ملحقہ خطے پر پڑ رہا ہے۔ سرحد پار دہشت گردی، شدت پسند نیٹ ورکس کی سرگرمیاں اور افغانستان سے پیدا ہونے والے سیکورٹی خدشات پاکستان کیلئے مسلسل اور سنگین چیلنج بنے ہوئے ہیں۔

بقیہ 22

اقوام، زبانوں اور ثقافتوں کا حسین امتزاج ہے اور تمام قبائل و اقوام کا احترام ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ ہمارا سب سے مضبوط رشتہ اسلام اور پاکستان کا رشتہ ہے، جس کے تحت تمام شہری برابر اور قابل احترام ہیں۔

بقیہ 23

جیالوں اور ورکروں کو نظرانداز کیا گیا ہے پارٹی کی مرکزی اور صوبائی قیادت کو اس کا نوٹس لیتے ہوئے ورکروں کے تحفظات دور کرکے ان کے کام کئے جائیں تاکہ ان میں پائی جانے والی تشویش دور ہو سکے۔ یہ بات انہوں نے پارٹی کی صوبائی ایگزیکٹو کمیٹی اور ڈویژنل سمیت ضلعی عہدیداروں کے اجلاس کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔

بقیہ 24

ڈپٹی جنرل سیکرٹری نورالدین غلزئی، سابق امیر ضلع حاجی عبدالباری ناصر، جنرل سیکرٹری محمد نعیم کاکڑ، پروفیسر عبدالرحمٰن موسیٰ خیل، نائب امیر ضلع محمد عظیم خروٹی، زاہد قیوم اتمان خیل، آزاد پینل کے کمانڈر شاہ محمد زخپیل، ایلیمنٹری کالج کے پرنسپل پروفیسر عزیز خان، سینئر استاد خیر محمد ترین، قبائلی رہنما ملک نذر محمد ناصر، میڈیا نمائندگان اور دیگر علاقائی، قبائلی و سیاسی مشران نے شرکت کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا کہ "بنوقابل" کا دائرہ کار اب لورالائی تک پھیل چکا ہے۔ لورالائی کے نئے کیمپس میں باصلاحیت نوجوانوں کو مفت جدید کورسز کے ذریعے اپنے پاؤں پر کھڑا ہونے کا موقع فراہم کیا جائے گا۔

بقیہ 25

بے بسی کا شکار نہ ہو۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایس او ایس چلڈرن ولیج میں منعقدہ ایوارڈ تقریب کے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر سینئر صوبائی وزیر پی اینڈ ڈی ظہور احمد بلیدی، ربابہ بلیدی، روشن خورشید بروچہ، وائس چانسلر سردار بہادر خان وویمن یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر روبینہ مشتاق، بی آر ایس پی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈاکٹر طاہر رشید، پروفیسر فرخندہ اورنگزیب اور لی پوش کی سربراہ شان لگی سمیت کئی اہم شخصیات شریک تھیں۔ شرکا سے خطاب میں گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ انسان کی عظمت اس بات میں ہے کہ وہ دوسروں کیلئے کتنی آسانی، امید اور سہارا پیدا کریں۔ مجھے یہ جان کر بھی بیحد خوشی ہوئی ہے کہ لی پوش کوئٹہ کی جانب سے یتیم اور مستحق بچیوں کی معاشی خودمختاری کیلئے ایک سالہ پروفیشنل ٹریننگ پروگرام کامیابی سے مکمل کیا گیا ہے۔ یہ محض ایک تربیتی پروگرام کی تکمیل نہیں بلکہ خودانحصاری کی طرف ایک بڑا اقدم ہے۔

بقیہ 26

تلف کیا گیا، جبکہ ناقص صفائی اور غیر تسلی بخش انتظامات پر متعلقہ دکانداروں کو وارننگ جاری کی گئی۔ اسسٹنٹ کمشنر نے دکانداروں کو ہدایت کی کہ صفائی کے معیار کو بہتر بنایا جائے، عوام کو معیاری اور تازہ اشیائے خورد و نوش فراہم کی جائیں اور اشیاء کی فروخت مقررہ نرخ نامے کے مطابق یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ عوام کو ریلیف فراہم کرنے اور بازاروں میں صفائی، معیار اور مقررہ نرخوں کی پابندی یقینی بنانے کے لیے چیکنگ کا سلسلہ جاری رہے گا۔

بقیہ 27

جبکہ پیدائش سے دو سال تک کی عمر کے بچوں کو معمول کے مطابق حفاظتی ویکسینیشن کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ اس مہم کا مقصد بچوں کو مختلف بیماریوں سے محفوظ رکھنا اور والدین بالخصوص خواتین میں بچوں کی صحت، صفائی اور مناسب نگہداشت کے حوالے سے شعور اجاگر کرنا ہے۔ سیمینار میں ایم ایس ٹیچنگ ہسپتال ڈاکٹر جہانزیب بلوچ، شعیب نجک، مس بانو ارباب، مسز رضیہ سموں، ساجدہ سفر، سکینہ شاہ، آمنہ ہاشم، زیشان، امیر، پریس کلب سیوی کے صدر حاجی سعید الدین طارق، سینئر نائب صدر سلیم گشکوری، آل پاکستان میڈیا کے رہنما قادر لونی سمیت لیڈی ہیلتھ ورکرز کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

بقیہ 28

کے لیے ضروری احکامات جاری کیے اس موقع پر ریونیو افسران اور متعلقہ اہلکاروں کو ہدایت کی گئی کہ زیرِ سماعت مقدمات میں تمام قانونی تقاضے پورے کرتے ہوئے ریکارڈ کی درستگی اور شفافیت کو یقینی بنایا جائے، جبکہ عوام کو غیر ضروری تاخیر اور دفتری پیچیدگیوں سے بچانے کے لیے مقدمات کی سماعت اور فیصلوں کا عمل تیز کیا جائے

بقیہ 29

کو غور سے سنا اور متعدد فوری نوعیت کی درخواستوں پر موقع پر ہی احکامات صادر فرمائے متعلقہ محکموں کے افسران کو فوری کارروائی کی ہدایت کی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر لسبیلہ کا کہنا تھا کہ خواتین کی فلاح و بہبود اور ان کے مسائل کا بروقت ازالہ ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے متعلقہ محکموں کے افسران کو ہدایت کی کہ موصول ہونے والی تمام درخواستوں پر موثو پر احکامات جاری کیں۔ مقامی خواتین اور شرکاء نے ڈپٹی کمشنر لسبیلہ کے اس اقدام کو انتہائی خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس طرح کی کھلی کچہریوں کے انعقاد سے خواتین کے مسائل کو براہ راست اعلیٰ حکام تک پہنچانے میں بڑی مدد ملتی ہے۔

بقیہ 30

کے ایک شخص کو قتل کر دیا نعش ہسپتال منتقل کر دی گئی جس کی شناخت ابراہیم سکنہ بغاؤ دامان کے نام سے کی گئی۔ نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی گئی۔

بقیہ 31

کے لیے تمام کارکنوں اور سینئر ساتھیوں کا باہمی مشاورت، اتحاد اور رابطے میں رہنا انتہائی ضروری ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ کارکنان عوام کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر اجاگر کریں اور عوامی رابطہ مزید مضبوط بنایا جائے اجلاس میں پارٹی کے دیگر سینئر ساتھیوں نے بھی خطاب کیا اور موجودہ صورتحال کے حوالے سے اپنی آراء اور تجاویز پیش کیں۔ شرکاء نے مختلف سیاسی، تنظیمی اور عوامی مسائل پر تفصیلی گفتگو کی اور اپنے اپنے علاقوں کے مسائل اور مشکلات سے آگاہ کیا اجلاس کے دوران شرکا کی جانب سے مختلف امور پر مفید تجاویز پیش کی گئیں، جن پر باہمی مشاورت سے غور کیا گیا۔ مقررین نے پارٹی کو مزید فعال اور منظم بنانے، کارکنوں کے درمیان رابطے کو بہتر کرنے اور عوامی مسائل کے حل کے لیے مشترکہ کوششیں جاری رکھنے پر زور دیا اجلاس کے اختتام پر اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کے پیغام کو عوام تک مؤثر انداز میں پہنچایا جائے گا، کارکنوں کے مسائل کو ترجیح دی جائے گی اور پارٹی کی تنظیمی مضبوطی کے لیے تمام ساتھی متحد ہو کر اپنا کردار ادا کریں گے۔

بقیہ 32

اور غیر قانونی استعمال میں ملوث عناصر کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی کی ضرورت پر زور دیا اس موقع پر ڈپٹی کمشنر فضل الرحمٰن کبدانی نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ ایکسپلوسوز میٹریل کی غیر قانونی خرید و فروخت پر مکمل پابندی کو یقینی بنایا جائے اور لائسنس کے بغیر کسی بھی قسم کی ایکسپلوسوز سرگرمی کی اجازت نہ دی جائے۔

بقیہ 33

پر ڈپٹی کمشنر نصیرآباد و چیئرمین سلیکشن کمیٹی وریندر لعل نے کہا کہ تمام امیدواروں کو یکساں مواقع فراہم کیے جا رہے ہیں اور بھرتیوں کے عمل میں میرٹ شفافیت اور قواعد و ضوابط کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا انہوں نے واضح کیا کہ کسی بھی امیدوار کے ساتھ ناانصافی یا امتیازی سلوک نہیں کیا جائے گا اور اہل امیدواروں کا انتخاب مقررہ میرٹ اور ضابطہ کار کے مطابق عمل میں لایا جائے گا انہوں نے سلیکشن کمیٹی کے اراکین کو ہدایت کی کہ انٹرویوز کے عمل کو غیر جانبدارانہ اور شفاف انداز میں مکمل کیا جائے تاکہ مستحق اور اہل امیدواروں کو ان کا جائز حق مل سکے۔ سلیکشن کمیٹی کے اراکین اور متعلقہ محکمہ صحت کے افسران بھی اس موقع پر موجود تھے جبکہ امیدواروں کی بڑی تعداد نے انٹرویوز میں شرکت کی۔

بقیہ 34

سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی، جبکہ گل حسن کھوسہ اور امتیاز علی کھوسہ بھی موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر خالد خان نے متعلقہ افسران کو ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ حفاظتی بندات کی تعمیر و مضبوطی کا کام منظور شدہ پی سی ون کے مطابق ہر صورت پایہ تکمیل تک پہنچایا جائے، تعمیراتی کام کے معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے اور متعلقہ انجینئرز اپنی نگرانی میں تمام کام مقررہ معیار اور رفتار کے مطابق مکمل کرائیں تاکہ ممکنہ سیلابی صورتحال کے دوران انسانی جانوں، آبادیوں اور قیمتی املاک کو نقصان سے محفوظ رکھا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ ہنگامی حالات سے نمٹنے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے اور حفاظتی اقدامات میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔

بقیہ 35

نظریاتی کے ضلعی امیر مفتی فدا الرحمان، بی این پی کے نائب صدر حاجی منیر احمد مینگل، جماعت اسلامی کے ضلعی امیر مولانا محمد قاسم مینگل، جمعیت علمائے اسلام کے تحصیل امیر مولانا عبدالغفار، نیشنل پارٹی کے لیبر ونگ سیکرٹری میر لیاقت بادینی، زمیندار ایکشن کمیٹی و جمعیت کے رہنما مولانا عبدالصمد مینگل اور جمعیت کے میڈیا کوآرڈینیٹر محمد زکریا عادل شامل تھے اجلاس میں نوشکی کی موجودہ سنگین صورتحال پر گفتگو کرتے ہوئے رہنماؤں نے کہا کہ پورا ضلع نوشکی اس وقت یرغمال بنایا گیا ہے، شہر ایک جیل میں تبدیل ہو چکا ہے اور عوام کو ہر طرف سے محبوس کر دیا گیا ہے۔

بقیہ 36

ارسلان خان روڈ، صدر بازار، باکی بازار، کاکڑی مسجد روڈ، حبیب پلازہ، سینما گلی، پنجابی محلہ، جامعہ مسجد ندی اور ٹپ کالونی سمیت مختلف علاقوں میں صفائی کا کام کیا گیا۔ میونسپل کمیٹی کے عملے کی جانب سے شہر میں موجود درختوں کو پانی دینے کا سلسلہ بھی جاری ہے تاکہ شہر کو سرسبز و صاف ستھرا رکھا جا سکے۔ علاوہ ازیں، شہریوں کو آوارہ کتوں سے محفوظ رکھنے کے لیے میونسپل کمیٹی کی جانب سے کتا مار مہم بھی جاری ہے۔ سپروائزر سلیم داد و ولی محمد کی نگرانی میں ٹیچنگ ہسپتال کے علاقے میں آوارہ کتوں کے خلاف کارروائی کی گئی۔ میونسپل کمیٹی حکام نے کہا ہے کہ شہر میں صفائی ستھرائی اور نکاسی آب کے نظام کی بہتری کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں، جبکہ شہریوں سے بھی اپیل کی گئی ہے کہ وہ کچرا مقررہ مقامات پر ڈالیں اور صفائی کے عملے سے تعاون کریں۔

بقیہ 37

کی جانب سے پیش کیے جانے والے مسائل بھی سنے اور متعلقہ حکام کو ان کے فوری ازالے کے لیے ضروری ہدایات جاری کیں ڈپٹی کمشنر کلیم اللہ کاکڑ نے طبی عملے کی حاضری اور ذمہ داریوں کا بھی جائزہ لیتے ہوئے ہدایت کی کہ ڈاکٹرز، پیرامیڈیکل اسٹاف اور دیگر عملہ اپنی ڈیوٹیاں باقاعدگی اور ذمہ داری کے ساتھ انجام دیں تاکہ دور دراز علاقوں سے آنے والے مریضوں کو بروقت اور معیاری طبی سہولیات میسر آسکیں انہوں نے کہا کہ بنیادی مراکز صحت اور رورل ہیلتھ سینٹرز دیہی علاقوں کے عوام کو صحت کی بنیادی سہولیات فراہم کرنے میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں۔ حکومت کی ترجیح ہے کہ عوام کو ان کی دہلیز پر معیاری علاج معالجے کی سہولیات فراہم کی جائیں اور اس سلسلے میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی ڈپٹی کمشنر نے ہسپتال انتظامیہ کو ہدایت کی کہ صفائی ستھرائی کے معیار کو مزید بہتر بنایا جائے، ضروری ادویات کی دستیابی یقینی بنائی جائے اور مریضوں کے ساتھ خوش اخلاقی اور ہمدردانہ رویہ اختیار کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ صحت کے شعبے میں بہتری کے لیے ضلعی انتظامیہ متعلقہ محکمہ صحت کے ساتھ مل کر ہر ممکن اقدامات جاری رکھے گی۔

بقیہ 38

تھیٹر، آئی پی سیکشن اور دیگر شعبوں کا تفصیلی معائنہ کیا، جبکہ مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، ادویات کی دستیابی اور صفائی ستھرائی کے انتظامات کا بھی بغور جائزہ لیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر انجینئر عائشہ زہری نے کہا کہ صحت مند معاشرے کی تشکیل کے لیے عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی ناگزیر ہے۔ ڈاکٹرز اور دیگر طبی عملہ اپنی حاضریاں یقینی بناتے ہوئے مریضوں کو بروقت اور بہتر طبی سہولیات فراہم کریں۔ انہوں نے کہا کہ ڈاکٹرز اپنے مقدس پیشے سے مخلص رہیں اور دکھی انسانیت کی خدمت کو اپنا شعار بنائیں۔ ہسپتال میں صفائی ستھرائی کے انتظامات پر خصوصی توجہ دی جائے اور مریضوں و ان کے لواحقین کو درپیش مسائل کے حل کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ صحت کے شعبے میں بہتری لانے کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے۔ عوام کو صحت کی بہتر سہولیات کی فراہمی میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔

بقیہ 39

حکمرانی کا بنیادی مزاج حیرت انگیز طور پر کم بدلا۔ وہی خاندان، وہی حلقے، وہی طاقت کے مراکز، وہی مخصوص لوگ۔ کبھی ایک نئے نام سے، کبھی نئی جماعت کے ساتھ، کبھی نئے اتحاد میں، کبھی نئی ٹوپی، نئی واسکٹ، نئی شیروانی اور نئے وعدے کے ساتھ۔ ہر بار ہمیں بتایا جاتا ہے کہ اب پاکستان بدلے گا لیکن عام شہری پوچھتا ہے: میری زندگی کب بدلے گی؟ اسے اس سے زیادہ دلچسپی نہیں کہ اسلام آباد کی کس کرسی پر کون بیٹھا ہے۔ اسے دلچسپی اس بات سے ہے کہ اس کے گھر کا بجلی کا بل کتنا آیا۔ اسے ٹی وی سکرین پر سیاست دانوں کی لڑائی سے زیادہ فکر اس بات کی ہے کہ بچے کی اگلی فیس کہاں سے آئے گی۔ اسے سیاسی بیانات سے زیادہ فکر اس موٹر سائیکل کی ہے جس کے بغیر وہ روزگار تک نہیں پہنچ سکتا۔ یہ سیاست سے بے زاری نہیں، یہ زندگی کی مجبوری ہے اور شاید ہماری سیاست کی سب سے بڑی ناکامی بھی یہی ہے کہ اس نے شہری کو سیاسی بحث تو بہت دی، معاشی تحفظ بہت کم دیا۔ دنیا میں اچھی ریاست کی پہچان صرف یہ نہیں کہ اس کے پاس طاقتور فوج، بڑی پارلیمان، مضبوط عمارتیں یا لمبا بجٹ ہو۔ ریاست کا اصل امتحان یہ ہے کہ بحران آنے پر وہ اپنے کمزور شہری کے سامنے ڈھال بنتی ہے یا اسے بحران کے سامنے تنہا چھوڑ دیتی ہے ہمیں بھی یہی سوال پوچھنا ہوگا کیا پاکستان صرف ایک فیصد کے لیے بنایا گیا تھا؟ یقیناً نہیں۔ یہ ملک اس مزدور کا بھی اتنا ہی ہے جو صبح چھ بجے گھر سے نکلتا ہے جتنا کسی بڑے عہدے دار کا۔

☆☆☆☆

بقیہ 40

غریب عوام پر پڑ رہا ہے۔ قیمتوں میں مسلسل اضافہ ظاہر کرتا ہے کہ وفاقی حکومت کے پاس کوئی واضح پالیسی نہیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ غریب، متوسط اور سفید پوش طبقہ شدید مشکلات سے دوچار ہے اور لوگوں کے لیے دو وقت کا کھانا پورا کرنا بھی مشکل ہو گیا ہے۔ ان کے مطابق ایک طرف پیٹرول کی قیمتیں بڑھائی جا رہی ہیں جبکہ دوسری جانب قرض لے کر ملک چلایا جا رہا ہے، جس کا بوجھ بالآخر عوام کو ہی برداشت کرنا پڑے گا۔ محمد سہیل آفریدی نے کہا کہ خیبر پختونخوا کے خلاف وفاقی وزرا کے بعض بیانات قابل مذمت ہیں۔

بقیہ 41

دی ہے، حکومت کے پاس سرکاری گودام میں گندم کی ایک بوری بھی موجود نہیں۔ محکمہ اجناس کے مطابق منظوری کے باوجود تاحال محکمہ خزانہ نے پیسے ریلیز نہیں کیے۔ دوسری جانب حکام نے بتایا کہ فنڈز کی دستیابی کے ساتھ ہی پاسکو سے گندم کی خریداری کو حتمی شکل دی جائے گی۔ گندم کی خریداری اور مقامی گوداموں میں ترسیل کیلئے ایک ماہ کا وقت درکار ہوگا۔

بقیہ 42

بلوچستان حکومت کی جانب سے مختلف محکموں میں بے ضابطگیوں اور کرپشن کے حوالے سے 3 اعلیٰ آفیسران کی کرپشن کے حوالے سے کیسز تحقیقات کے لئے محکمہ اینٹی کرپشن کے حوالے کر دیا گیا ہے اور مزید محکموں میں کرپشن کے حوالے سے ریکارڈ دیا جائے گا تاکہ اس کی چھان بین کی جائے۔ ذرائع کے مطابق کابینہ میں ردوبدل کے بعد مختلف محکموں کی بیوروکریسی میں بھی وسیع پیمانے پر تبدیلی کے امکانات ہیں۔

بقیہ 43

انداز میں ادا کریں۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ضلعی عدالتیں نظام انصاف میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہیں، ماتحت عدلیہ کے ججز مشکلات کے باوجود اپنی ذمے داریاں سرانجام دے رہے ہیں اور مجھے ماتحت عدلیہ پر فخر ہے۔ جسٹس یحییٰ آفریدی نے کہا کہ ضلعی عدالتوں اور ہائیکورٹ کے درمیان رابطہ کاری کو مزید مضبوط کرنا ہوگا، ضلعی عدالتیں انصاف کی فراہمی کے لیے درکار فہرست ہمیں بھجوائیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام کے اعتماد کے لیے ماتحت عدلیہ کے ججز کو بااختیار بنانا عدلیہ کا مقصد ہے۔ چیف جسٹس آف پاکستان نے کہا کہ ججز کو بیرونی دباؤ سے آزاد کرنے کے لیے کوڈ آف کنڈکٹ میں تبدیلی کی گئی ہے، جج کو اس دباؤ سے آزاد کرنے کے لیے پوری عدلیہ ان کے ساتھ ہے اور وہ انصاف کی فراہمی کی راہ میں جان کا نذرانہ پیش کرنے والے ججز کو سلام پیش کرتے ہیں۔

بقیہ 44

کے 27 ستمبر کو ہونے والے احتجاج کے پیش نظر وفاقی دارالحکومت میں سکیورٹی پلان تشکیل دینے کا عمل شروع کر دیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق احتجاج کے موقع پر اسلام آباد میں 25 ہزار سے زائد اضافی پولیس اہلکار اور افسران تعینات کیے جائیں گے۔ پنجاب سے 9 ہزار سے زائد جبکہ سندھ سے بھی 9 ہزار سے زائد اہلکار اسلام آباد پہنچیں گے، جبکہ تقریباً 6 ہزار اہلکار آزاد کشمیر سے منگوانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ احتجاج کے پیش نظر اسلام آباد کے مختلف داخلی و خارجی راستے بند کیے جائیں گے۔ ابتدائی طور پر مختلف شاہراہوں اور اہم راستوں پر ایک ہزار سے زائد کنٹینرز لگانے کی تیاری کی جا رہی ہے۔ کنٹینرز سرکاری وسائل کے علاوہ نجی کمپنیوں سے کرائے پر حاصل کیے جائیں گے۔ فیض آباد اور آئی نائن میں کنٹینرز پہنچنا شروع ہو گئے ہیں جبکہ متعدد کنٹینرز پہلے ہی مختلف مقامات پر کھڑے کیے جا چکے ہیں۔ ذرائع کے مطابق اہم شاہراہوں پر کنٹینرز لگا کر اسلام آباد کے داخلی و خارجی راستوں کو بند کیا جائے گا۔ سکیورٹی کے لیے آنے والے 25 سے 30 ہزار اہلکاروں کے کھانے کے انتظامات بھی شروع کر دیے گئے ہیں۔ اہلکاروں کے روزانہ کھانے کے لیے مختلف وینڈرز سے رابطے کیے جا رہے ہیں۔ ذرائع کے مطابق 25 سے 30 ہزار اہلکاروں کے روزانہ کھانے پر تقریباً 25 لاکھ روپے خرچ ہونے کا تخمینہ لگایا گیا ہے۔

بقیہ 45

ہے، عدلیہ کو انٹرنیٹ کی بہترین سہولت بھی فراہم کی جائے گی۔ عدالتی نظام میں اصلاحات اور عوام کو فوری انصاف کی فراہمی کے حوالے سے قومی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے چیف جسٹس پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی نے کہا کہ تمام ادارے اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں ادا کریں اور نوجوان ججز بہترین انداز میں انصاف کی فراہمی کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی عدالتیں نظام انصاف میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہیں، انصاف کی بروقت فراہمی ضروری ہے، ضلعی عدالتوں اور ہائیکورٹ کے درمیان رابطہ کاری کو مزید مضبوط کرنا ہوگا۔

بقیہ 46

حکمت عملی، گورننس، سروس ڈیلیوری، ترقیاتی فنڈز کے موثر استعمال اور ترقیاتی منصوبوں کے ثمرات عوام تک پہنچانے کے اقدامات سے آگاہ کیا گیا۔ وزارتِ معدنیات و وسائل کی بریفنگ میں بلوچستان میں معدنیات اور کان کنی کے شعبے کی استعداد، جاری منصوبوں اور اس شعبے کی ترقی کے لیے کیے جانے والے اقدامات پر تفصیلی بریفنگ میں بتایا گیا کہ معدنی وسائل کو بہتر انداز میں بروئے کار لا کر صوبے کے عوام کے لیے معاشی اور دیگر فوائد پیدا کرنے کے اقدامات جاری ہیں۔ وزارتِ داخلہ و قبائلی امور کی جانب سے امن و امان کی صورتحال، پروونشل ایکشن پلان، پولیس اصلاحات اور لیویز فورس کے پولیس میں انضمام سے متعلق پیش رفت سے آگاہ کرتے ہوئے سیف سٹی منصوبے، قانون سازی اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے درمیان موثر ہم آہنگی کے حوالے سے بھی وزیراعلیٰ کو آگاہ کیا گیا۔

بقیہ 47

جہاں آرمینیا کے صدر واہگن خاچاتوریان نے سفیر شفقت علی خان کو نئی ذمہ داری سنبھالنے پر مبارکباد دی اوران قرار دی جارہی ہے۔ سفارتی اسناد پیش کرنے کی تقریب آرمینیا کے دارالحکومت یریوان کے صدارتی محل میں منعقد ہوئی، جہاں آرمینیا کے صدر واہگن خاچاتوریان نے سفیر شفقت علی خان کو نئی ذمہ داری سنبھالنے پر مبارکباد دی اور ان کی کامیاب مدت کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ اس موقع پر آرمینیا کے صدر نے پاکستان اور آرمینیا کے درمیان دوستانہ تعلقات کے فروغ اور باہمی دلچسپی کے مختلف شعبوں میں تعاون مزید بڑھانے کے عزم کا اظہار کیا۔ دونوں جانب سے دوطرفہ تعلقات نے صدر پاکستان اور وزیراعظم پاکستان کی جانب سے صدر آرمینیا کے لیے نیک خواہشات پہنچائیں۔ ملاقات میں پاکستان اور آرمین آرمینیا دوطرفہ تعلقات اور باہمی تعاون کے مختلف پہلوؤں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں دوطرفہ ایجنڈے کو آگے بڑھانے اور تعاون کے نئے امکانات تلاش کرنے کو مزید مستحکم بنانے اور باہمی تعاون کے نئے مواقع تلاش کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ سفیر شفقت علی خان نے صدر پاکستان اور وزیراعظم پاکستان کی جانب سے صدر آرمینیا کے لیے نیک خواہشات پہنچائیں۔ ملاقات میں پاکستان اور آرمینیا کے درمیان تجارت، سرمایہ کاری، تعلیم، ثقافت اور عوامی روابط کے فروغ پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ پاکستان اور آرمینیا کے درمیان سفارتی تعلقات 2025 میں قائم ہوئے تھے، جس کے بعد آرمینیا میں پاکستان کی پہلی سفیر سطح کی تعیناتی کو دونوں ممالک کے تعلقات میں اہم پیش رفت قرار دیا جا رہا ہے۔ اپنی سفارتی سرگرمیوں کے دوران سفیر شفقت علی خان نے آرمینیا کے وزیر خارجہ ارارات مرزویان سے بھی ملاقات کی، جس میں پاک، آرمینیا دوطرفہ تعلقات اور باہمی تعاون کے مختلف پہلوؤں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں دوطرفہ ایجنڈے کو آگے بڑھانے اور تعاون کے نئے امکانات تلاش کرنے پر گفتگو ہوئی۔ شفقت علی خان نے آرمینیا کے نائب وزیر خارجہ مناتساکان سفاریان سے بھی ملاقات کی۔ دونوں جانب سے دوطرفہ اور کثیرالجہتی فورمز پر تعاون مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ شفقت علی خان متحدہ عرب امارات میں پاکستان کے سفیر کی حیثیت سے بھی خدمات انجام دے رہے ہیں اور آرمینیا میں پاکستان کے نان ریزیڈنٹ سفیر بھی ہیں۔

بقیہ 48

موقع پر اسحاق ڈار نے علی اسد گیلانی کو چین میں پاکستان کا سفیر نامزد ہونے پر مبارکباد دی اور ان کے لیے نئی سفارتی ذمہ داریوں میں کامیابی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ ملاقات کے دوران نائب وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان اور چین کے درمیان دیرینہ اور ہمہ جہت تعلقات دونوں ممالک کی خارجہ پالیسی میں خصوصی اہمیت رکھتے ہیں۔ انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ پاک چین آل ویدر اسٹریٹجک کوآپریٹو پارٹنرشپ کو مزید مستحکم بنانے کے لیے مشترکہ کوششوں کو آگے بڑھایا جائے۔ اسحاق ڈار نے تجارت، سرمایہ کاری، رابطہ کاری اور چین پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) سمیت مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے زراعت، سائنس و ٹیکنالوجی، تعلیم اور عوامی روابط کے شعبوں میں بھی دوطرفہ تعاون کو مزید وسعت دینے پر زور دیا۔ نائب وزیراعظم نے ایڈیشنل سیکرٹری ایشیا پیسفک کی حیثیت سے علی اسد گیلانی کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ ان کا سفارتی تجربہ پاکستان اور چین کے درمیان دیرینہ شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے میں معاون ثابت ہوگا۔ اسحاق ڈار نے امید ظاہر کی کہ نامزد سفیر بیجنگ میں اپنی سفارتی ذمہ داریاں مؤثر انداز میں انجام دیتے ہوئے دونوں ممالک کے درمیان موجودہ تعاون کو مزید فروغ دیں گے۔ ملاقات کے اختتام پر نائب وزیراعظم نے علی اسد گیلانی کے لیے بیجنگ میں کامیاب سفارتی ذمہ داریوں اور پاک چین تعلقات کے مزید فروغ کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

بقیہ 49

پی ٹی آئی کارکنان 30 دن کے لیے اڈیالہ جیل میں نظر بند رہیں گے۔ کارکنان کی نظر بندی کے احکامات ڈسٹرکٹ انٹیلیجنس کمیٹی کی سفارش پر جاری کیے گئے۔ پولیس ذرائع کے مطابق نظری بندی کے احکامات 3 ایم پی او کے تحت جاری کیے گئے، راولپنڈی ڈویژن سے مجموعی طور پر 106 پی ٹی آئی کارکنان نظر بند کیے گئے ہیں۔ ذرائع کے مطابق راولپنڈی سے 31، اٹک سے 35، چکوال سے 23، جہلم سے 13 اور واہ کینٹ سے 4 پی ٹی آئی کارکنان نظر بند کیے گئے ہیں۔

بقیہ 50

ادارہ برائے پائیدار ترقی (ایس ڈی پی آئی) کے درمیان ایک لیٹر آف انٹینٹ پر دستخط کیے گئے۔ اس شراکت داری کا مقصد پاکستان بھر میں نوجوانوں کو بااختیار بنانے، موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کی صلاحیت بڑھانے، مہارتوں کے فروغ اور گرین اکانومی سے متعلق اقدامات کیلئے دونوں اداروں کے درمیان تعاون کو فروغ دینا ہے۔ پی ایم وائی پی کی جانب سے جاری اعلامیہ کے مطابق دستخطی تقریب میں وزیراعظم یوتھ پروگرام کے چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خان، جوائنٹ سیکرٹری ڈاکٹر محمد علی ملک، ڈائریکٹر جنرل شہباز شمسی اور دیگر اعلیٰ حکام شامل تھے۔

بقیہ 51

نتیجے میں پائپ لائن کو نقصان پہنچا جبکہ بعض شہری بھی زخمی ہوئے۔ پاکستان نے واضح کیا کہ اس نوعیت کے حملے بین الاقوامی قوانین کی کھلی خلاف ورزی اور سعودی عرب کی خودمختاری و علاقائی سالمیت کے منافی ہیں، سعودی عرب میں سول تنصیبات پر حملے خطے کے امن، سلامتی اور استحکام کے لیے بھی سنگین خطرہ ہیں۔ ترجمان کے مطابق پاکستان اس صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ایسے اقدامات کی سختی سے مخالفت کرتا ہے۔ دفتر خارجہ نے کہا کہ پاکستان سعودی عرب کی خودمختاری، علاقائی سالمیت، سلامتی اور خوشحالی کے لیے اپنی غیر متزلزل حمایت جاری رکھے گا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے سعودی قیادت، حکومت اور برادر عوام کے ساتھ مکمل یکجہتی کا بھی اعادہ کیا ہے۔ پاکستان نے اس عزم کا بھی اظہار کیا کہ وہ خطے میں پائیدار امن اور استحکام کے حصول کے لیے سنجیدہ اور مخلصانہ کوششیں پہلے بھی کرتا رہا ہے اور آئندہ بھی اپنی کوششیں جاری رکھے گا۔

بقیہ 52

منصوبے کے تحت قرض کی رقم میں سے 22 ارب 50 کروڑ روپے کنسلٹنسی خدمات جبکہ 2 ارب 77 کروڑ روپے منصوبہ انتظامیہ پر خرچ کیے جائیں گے۔ آئندہ 5 سال کے دوران رجسٹرڈ ٹیکس دہندگان کی تعداد موجودہ 70 لاکھ سے بڑھا کر ایک کروڑ 20 لاکھ کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ اعداد و شمار کے مطابق پاکستان میں ٹیکس اور مجموعی ملکی پیداوار کا تناسب اس وقت 10.3 فیصد ہے، جسے منصوبے کے تحت 2029ء تک بڑھا کر 13.5 فیصد کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ ایف بی آر کے مطابق منصوبے کے تحت نئے ٹیکس دہندگان کو دائرہ کار میں لانے کیلئے اقدامات کیے جائیں گے۔ ایف بی آر کے 5 سالہ تبدیلی کے منصوبے کے تحت پہلے ہی اصلاحات کا عمل جاری ہے جبکہ اس منصوبے کیلئے کابینہ 350 ارب روپے کے فنڈز کی منظوری دے چکی ہے۔ دوسری جانب پاکستان ریزز ریونیو پروگرام کے تحت عالمی بینک کے بیشتر اہداف حاصل نہیں کیے جا سکے۔ 40 کروڑ ڈالر کے اس منصوبے میں ٹیکس اور مجموعی ملکی پیداوار کا تناسب 18 فیصد تک پہنچانے کا ہدف مقرر کیا گیا تھا۔ رپورٹ کے مطابق ایف بی آر میں اصلاحات کیلئے پاکستان اب تک مجموعی طور پر 7.4 ارب ڈالر کے قرضے لے چکا ہے۔ مزید 20 کروڑ ڈالر کے مساوی قرض لینے کے بعد یہ حجم 9.4 ارب ڈالر ہو جائے گا۔ ایف بی آر گزشتہ دو سال سے مسلسل سالانہ ٹیکس وصولی کا ہدف حاصل کرنے میں ناکام رہا ہے۔

بقیہ 53

خزانہ کی جانب سے گیس سیکٹر کے گردشی قرض کے سیٹلمنٹ پلان سے آئی ایم ایف کو آگاہ کیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق گیس سیکٹر کا گردشی قرض 3 ہزار 600 ارب روپے تک پہنچ گیا ہے، جس میں 2 ہزار 100 ارب روپے سود اور ایک ہزار 500 ارب روپے اصل قرض شامل ہے۔ ذرائع کے مطابق گردشی قرض 3 سال میں ختم کرنے کا پلان تیار کیا گیا ہے، مجوزہ پلان کے تحت پہلے سال گردشی قرض میں 528 ارب، دوسرے سال 473 ارب جبکہ تیسرے سال 433 ارب روپے کمی کا تخمینہ لگایا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق یہ پلان آئی ایم ایف کے ساتھ شیئر کیا جائے گا اور رواں ماہ ہونے والے مذاکرات میں آئی ایم ایف سے مشاورت کے بعد اس بارے میں حتمی فیصلہ ہوگا۔ مجوزہ پلان کے تحت گیس کمپنیوں کے 840 ارب روپے کے ڈیویڈنڈ سے گردشی قرض کم کیا جائے گا۔ علاوہ ازیں پیٹرولیم لیوی سے 270 ارب روپے حاصل ہونے کا تخمینہ لگایا گیا ہے۔ پلان کے تحت قطر سے ایل این جی کے اضافی کارگو مخر کرنے سے 310 ارب روپے، پاور سیکٹر کے ٹیک اینڈ پے سے 15 ارب جبکہ ایل این جی کی مکمل لاگت وصولی سے 60 ارب روپے گردشی قرض کم کرنے کا منصوبہ ہے۔ ذرائع کے مطابق گیس سیکٹر کے گردشی قرض پر عائد سود کا معاملہ بھی سیٹل کیا جائے گا، ایل این جی کی مکمل لاگت وصول کرنے سے گیس کی قیمتیں بڑھنے کا خدشہ ہے۔

بقیہ 54

کے باعث ہر چیز مہنگی ہو رہی ہے اور عام آدمی کے لیے زندگی گزارنا مشکل ہو گیا ہے۔ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے اثرات براہ راست روزمرہ استعمال کی اشیا پر پڑتے ہیں، جبکہ متوسط اور سفید پوش خاندانوں کے لیے بھی گھریلو اخراجات پورے کرنا دشوار ہو گیا ہے۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ غریب عوام کے لیے دو وقت کی روٹی کا حصول مشکل ہو چکا ہے، پوری قوم حکمرانوں سے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں کم کرنے کا مطالبہ کرے۔ ان کا کہنا تھا کہ پیٹرولیم لیوی کا عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں سے کوئی تعلق نہیں، عالمی سطح پر قیمتیں بڑھنے پر ملک میں پیٹرول مہنگا کر دیا جاتا ہے لیکن قیمتیں کم ہونے پر اسی تناسب سے عوام کو ریلیف نہیں ملتا۔ حافظ نعیم الرحمان نے الزام عائد کیا کہ حکومت ہر لیٹر پیٹرول پر عوام سے اضافی ٹیکس وصول کر رہی ہے۔ بجلی، پیٹرول، اشیائے خورونوش اور موبائل کارڈز سمیت مختلف شعبوں پر ٹیکس عائد کیے جا رہے ہیں اور حکومتی ٹیکسوں کے ذریعے عام آدمی پر مسلسل بوجھ بڑھایا جا رہا ہے۔ ان کے مطابق ایک طرف اشرافیہ کو مراعات دی جا رہی ہیں جبکہ دوسری جانب عام شہری کو ٹیکسوں کے بوجھ تلے دبایا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک عورت سے زیادہ کون جان سکتا ہے کہ گھر کا بجٹ کا متاثر ہونے سے خاندان کو کن مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ خواتین کو بچوں کی تعلیم، بجلی کے بلوں اور روزمرہ اخراجات پورے کرنے میں دشواری کا سامنا ہے، لیکن حکمرانوں کی عیاشیوں اور شاہانہ اخراجات میں کوئی کمی نہیں آ رہی۔ حافظ نعیم الرحمان نے مطالبہ کیا کہ حکمرانوں کے بیرون ملک دوروں اور ذاتی تقریبات پر ہونے والے اخراجات کی تفصیلات عوام کے سامنے لائی جائیں۔ ذاتی اخراجات کا دعویٰ کرنے والے حکمران اپنی آمدن، ٹیکس گوشواروں اور اخراجات کا حساب قوم کو دیں۔ انہوں نے کہا کہ پیٹرول کی قیمتوں میں اضافے کے باوجود حکمران اشرافیہ کے شاہانہ اخراجات جاری ہیں۔ امیر جماعت اسلامی نے پنجاب حکومت پر بھی تنقید کرتے ہوئے کہا کہ صوبے میں تعلیمی نظام کی کارکردگی نے حکومتی دعووں کی قلعی کھول دی ہے۔ پنجاب میں نویں جماعت کے امتحانات میں 52 فیصد طلبہ و طالبات کا فیل ہونا تشویش ناک ہے۔ حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ تعلیم دینا اور بچوں کو معیاری تعلیم فراہم کرنا ریاست کی ذمہ داری ہے۔ ملک میں یکساں اور معیاری تعلیمی نظام نافذ کیا جائے، تعلیم کے شعبے میں سرکاری اور نجی اداروں کے درمیان تفریق ختم ہونی چاہیے اور غریب، متوسط اور امیر طبقے کے بچوں کو یکساں معیاری تعلیم کے مواقع فراہم کیے جائیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ تعلیم کی تجارت کا خاتمہ کیا جائے اور سرکاری تعلیمی اداروں کا معیار بہتر بنایا جائے تاکہ ہر بچے کو معیاری تعلیم تک مساوی رسائی حاصل ہو سکے۔

بقیہ 55

پر توجہ مرکوز کی۔ وزارت تجارت کی جانب سے ہفتہ کو یہاں موصولہ اعلامیہ کے مطابق وفاقی وزیر تجارت نے سری لنکا، بنگلہ دیش اور قطر کے اپنے ہم منصبوں سے الگ الگ ملاقاتیں کیں اور اس کے ساتھ ساتھ انٹرنیشنل آرگنائزیشن فار میڈی ایشن کے سیکرٹری جنرل کے ساتھ بھی تبادلہ خیال کیا۔ ملاقاتوں میں دوطرفہ تجارت کو وسعت دینے، علاقائی رابطوں کو مضبوط بنانے اور ابھرتے ہوئے معاشی و تکنیکی شعبوں میں مزید تعاون کو فروغ دینے پر توجہ مرکوز کی گئی۔ سری لنکا کے وزیر تجارت، صنعت، غذائی تحفظ اور ترقی، وسنتھا سمارا سنگھے کے ساتھ ملاقات کے دوران فریقین نے دوطرفہ تجارت اور معاشی تعاون کو مضبوط بنانے کے طریقوں پر تبادلہ خیال کیا، جس میں پاکستان کے پہلے آزاد تجارتی معاہدے کی توسیع اور اس کے زیادہ سے زیادہ استعمال کے امور شامل تھے۔ دونوں وزرا نے کاروباری اور عوامی سطح پر روابط بڑھانے کی اہمیت پر زور دیا اور رابطوں اور بنیادی ڈھانچے کے شعبوں میں قریبی تعاون کے مواقع کا بھی جائزہ لیا۔ سری لنکن وزیر نے مصنوعی ذہانت اور سائبر سیکیورٹی کی بڑھتی ہوئی اہمیت کو اجاگر کیا۔ جام کمال خان نے معاشی ترقی میں ڈیجیٹلائزیشن کے بڑھتے ہوئے کردار کی نشاندہی کی اور کہا کہ ترقی پذیر ممالک کو ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز سے استفادہ کرنے کے ساتھ ساتھ ان سے وابستہ چیلنجوں سے نمٹنے کے لیے اپنی صلاحیتوں کو بھی بڑھانا چاہیے۔

بقیہ 56

عدالتی نظام میں انصاف کے قتل اور شفافیت کے خاتمے کا پردہ چاک کر دیا، عدالتوں میں مقدمات کے اندراج، سماعتوں اور فیصلوں میں طویل تاخیر سے سائلین تھک کر مقدمات سے دستبردار ہو جاتے ہیں، طالبان کی خودساختہ عدالتوں کے طریقہ کار، سائلین سے برتا، جانبداری اور بدعنوانی پر لوگ سراپا احتجاج ہیں، طالبان ججز رقوم کے عوض جانبدارانہ فیصلے کرتے ہیں اور ججز کیخلاف شکایت کا کوئی موثر نظام بھی موجود نہیں، طالبان کے عدالتی نظام میں عدم شفافیت نے خواتین اور اقلیتوں سمیت عام شہریوں کیلئے انصاف تک رسائی مشکل بنا دی۔ قانونی ماہرین کے مطابق طالبان کے عدالتی نظام میں واضح قانونی ڈھانچے اور شفافیت کا فقدان انصاف کی فراہمی میں بڑی رکاوٹ بن چکا ہے، واضح قوانین، آزاد نگرانی اور موثر احتساب کے بغیر طالبان کے عدالتی نظام میں شفاف اور حقیقی انصاف ممکن نہیں

بقیہ 57

کہا کہ نئے صوبوں کا معاملہ اس فورم پر زیر بحث آنا چاہیے جہاں اس کا کوئی نتیجہ نکل سکتا ہو اور وہ فورم پارلیمنٹ ہے۔ جب یہ معاملہ پارلیمنٹ میں آئے گا تو مسلم لیگ ن بھی اس میں بھرپور حصہ لے گی اور اپنی پالیسی بیان کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ ن ایک سیاسی جماعت ہے جو پنجاب اور وفاق میں اقتدار میں ہے، اس لیے وہ صرف اقتصادی فورمز یا سیمینارز کی کارروائیوں پر اپنی پالیسی جاری کرنے کی پابند نہیں۔ نئے صوبوں کے معاملے پر حتمی بحث اور فیصلہ پارلیمنٹ ہی میں ہونا ہے۔ رانا ثنا اللہ کا کہنا تھا کہ پیپلز پارٹی کی جانب سے اس معاملے کو سندھ اسمبلی میں اٹھانا ایک سیاسی اقدام تھا جس سے اسے سیاسی فائدہ بھی حاصل ہوا۔ تاہم صوبہ بننا ہے یا نہیں، اس کا فیصلہ پارلیمنٹ ہی کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ اگر عوام نئے صوبوں کے قیام کے حق میں ہوں تو انہیں کوئی نہیں روک سکتا، تاہم اس حوالے سے آئینی اور قانونی فیصلہ پارلیمنٹ کے ذریعے ہی ہوگا۔ پارلیمنٹ میں جو فیصلہ ہوگا، مسلم لیگ ن سمیت تمام سیاسی جماعتیں اسے قبول کریں گی۔ ریفرنڈم کی تیاری سے متعلق سوال پر رانا ثنا اللہ نے کہا کہ وفاقی کابینہ میں اب تک اس معاملے پر کوئی بات نہیں ہوئی۔ حالیہ دنوں میں قومی اسمبلی اور سینیٹ کے اجلاس بھی ہوئے، تاہم کسی رکن یا وزیر نے ریفرنڈم کے حوالے سے بات نہیں کی۔ انہوں نے کہا کہ کابینہ کے اجلاس میں بھی اب تک یہ معاملہ باضابطہ طور پر زیر بحث نہیں آیا۔ اتحادی حکومت کے معاملات پر بات کرتے ہوئے رانا ثنا اللہ نے کہا کہ مسلم لیگ ن اور پیپلز پارٹی کے درمیان حکومت چلانے سے متعلق مفاہمت موجود ہے۔ آزاد کشمیر کے انتخابات کے دوران دونوں جماعتوں کے درمیان پیدا ہونے والی تلخی میں بھی کافی کمی آ چکی ہے اور باہمی تحفظات دور کرنے کے لیے بات چیت جاری ہے۔ رانا ثنا اللہ نے کہا کہ نئے صوبوں کے معاملے پر اگر ریفرنڈم کرانے کا فیصلہ ہوتا ہے تو پہلے کابینہ میں اس پر بحث ہوگی، جس کے بعد وزیراعظم مناسب فیصلہ کریں گے۔ تاہم حکومت اپنی مرضی سے ریفرنڈم نہیں کرا سکتی، آئین کے آرٹیکل 48 کی شق 6 کے تحت اس کے لیے پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس سے منظوری ضروری ہے، جس کے بعد ہی ریفرنڈم کرایا جا سکتا ہے۔

بقیہ 58

باب اور آنے والی نسلوں کے لیے مشعل راہ ہے۔ قوم اپنے عظیم شہداء کی لازوال قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھے گی۔ اپنے پیغام میں اسپیکر سردار ایاز صادق نے کہا کہ 1965ء کی جنگ میں میجر راجہ عزیز بھٹی شہید نے برکی سیکٹر میں دشمن کے سامنے سیسہ پلائی ہوئی دیوار بن کر وطن کا دفاع کیا اور بے مثال جرات، عزم اور بہادری کا مظاہرہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ میجر راجہ عزیز بھٹی شہید نے مادرِ وطن کے دفاع کی خاطر اپنی جان کا نذرانہ پیش کر کے شجاعت اور حب الوطنی کی لازوال داستان رقم کی۔ ان کی بہادری اور قربانی نہ صرف قومی تاریخ کا قابلِ فخر حصہ ہے بلکہ نوجوان نسل کے لیے بھی ایک روشن مثال ہے۔ سردار ایاز صادق نے کہا کہ میجر راجہ عزیز بھٹی شہید کو بے مثال شجاعت اور عظیم قربانی کے اعتراف میں ملک کے اعلیٰ ترین عسکری اعزاز نشانِ حیدر سے نوازا گیا۔ قوم اپنے اس عظیم سپوت کی قربانی کو عقیدت و احترام سے یاد کرتی ہے۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ پاکستان کی مسلح افواج کے جوانوں نے ہمیشہ اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر کے وطن کی سرحدوں، خودمختاری اور سلامتی کا دفاع کیا ہے۔ مادرِ وطن کے دفاع کے لیے جان قربان کرنے والے شہداء پاکستان کے حقیقی قومی ہیروز ہیں اور قوم انہیں سلام پیش کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہداء کی قربانیاں ملک کی آزادی، سلامتی اور استحکام کی ضامن ہیں، قوم اپنے عظیم شہداء کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کرے گی۔ سردار ایاز صادق نے اللہ تعالیٰ سے میجر راجہ عزیز بھٹی شہید کے درجات کی بلندی اور ان کے اہلِ خانہ کے لیے صبر و اجر کی دعا کی۔ انہوں نے ملک کی ترقی، خوشحالی، سلامتی اور استحکام کے لیے بھی دعا کی۔

بقیہ 59

پہنچ گئی ہے اور امن و امان خراب نہ کرنے کے حوالے سے ضمانت لینے کا سلسلہ شروع کر دیا گیا ہے۔ متعدد کارکنان گرفتاریوں کے خوف سے روپوش ہو گئے ہیں۔ پولیس ذرائع کے مطابق صدر ڈویژن پولیس نے 122 کارکنوں کے گھروں پر ڈور ناکنگ کی، ماڈل ٹاؤن ڈویژن میں 111 اور کینٹ ڈویژن میں 142 کارکنوں کے گھروں تک پولیس پہنچی۔ پولیس ذرائع کے مطابق سول لائنز میں 77 کارکنوں کے دروازے پر دستک دی گئی۔ پولیس کا کہنا ہے کہ امن و امان خراب کرنے والوں کی گرفتاری عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ 60

ہے۔ وزارت خزانہ کے جاری کردہ مراسلے کے مطابق وفاقی حکومت کے ریٹائرڈ سول سرونٹس، جو وفاقی پنشن قواعد کے تحت پنشن وصول کر رہے ہیں، نئے طریقہ کار کے تحت ڈیجیٹل نظام کے ذریعے زندگی کی تصدیق کرائیں گے۔ نظرثانی شدہ ایس او پی کے مطابق نیشنل ڈیٹا بیس اینڈ رجسٹریشن اتھارٹی (نادرا) کو کنٹرولر جنرل آف اکاؤنٹس (سی جی اے) اور ملٹری اکاؤنٹنٹ جنرل (ایم اے جی) کے ساتھ محفوظ اے پی آئی کے ذریعے مربوط کر دیا گیا ہے جس کے تحت پنشنر کی زندگی سے متعلق ڈیجیٹل سگنل براہ راست نادرا سے کنٹرولر جنرل اکاؤنٹس (سی جی اے) و ملٹری اکاؤنٹنٹ جنرل (ایم اے جی) کو منتقل ہوگا اور کمرشل بینکنگ چینلز کو اس عمل سے خارج کر دیا گیا ہے۔ مراسلے کے مطابق کمرشل بینک صرف پنشن کی ادائیگی کے ادارے کے طور پر کام کریں گے اور معمول کے حالات میں پروف آف لائف سرٹیفکیٹ یا بائیومیٹرک ڈیٹا کی تصدیق، وصولی یا محفوظ رکھنے میں ان کا کوئی انتظامی یا قانونی کردار نہیں ہوگا۔ تاہم نادرا کے مقررہ نظام کے تحت پروف آف لائف سرٹیفکیٹ (پی او ایل سی) کے اجرا کے لیے بینک صرف مجاز آپریشنل ذریعے کے طور پر کام کر سکیں گے۔ اس کے علاوہ کسی پنشنر کا پنشن اکاؤنٹ پنشن کی ادائیگی یا پراسیسنگ کے مقصد سے بینک کی جانب سے ڈارمنٹ نہیں کیا جا سکے گا۔ نئے ایس او پی کے تحت کاغذی ڈسبرسز ہاف کا طریقہ کار بھی ختم کر دیا گیا ہے کیونکہ وفاقی پنشن کی ادائیگی اب خصوصی طور پر ڈائریکٹ کریڈٹ سسٹم (ڈی سی ایس) کے ذریعے ہوگی۔ وزارت خزانہ کے مطابق نظرثانی شدہ طریقہ کار اسٹیٹ بینک آف پاکستان، اکاؤنٹس دفاتر، نادرا اور وزارت خزانہ کے بجٹ ونگ سمیت تمام متعلقہ اداروں سے مشاورت کے بعد تیار کیا گیا ہے

بقیہ 61

میں خطاب کرتے ہوئے گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ پاکستان کو افریقہ کی جانب توجہ دینے میں تاخیر ہوئی تاہم اب درست سمت اور روڈ میپ کے ذریعے معاشی ترقی کی نئی راہیں کھولی جا سکتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کاروباری برادری، تاجروں، صنعت کاروں، بیرونِ ملک پاکستانیوں اور کسانوں کو ساتھ لے کر مخصوص شعبوں میں سرمایہ کاری کرے تو پاکستان کی ترقی کی راہ میں کوئی رکاوٹ نہیں رہ سکتی۔ وفاقی وزیر برائے دفاعی پیداوار رضا حیات ہراج نے کہا کہ افریقہ ایک بہت بڑی منڈی ہے اگرچہ ہم پہلے ہی دیر کر کے ہیں مگر دیر آید درست آئید جس تیزی کے ساتھ افریقہ کے ساتھ تجارتی تعلقات کے فروغ پر کام ہو رہا ہے اس سے ترقی کا ایک نیا باب کھلے گا صنعتی تعاون، تعلیم، ہنرمندی، اسٹارٹ اپس، سرمایہ کاری اور مشترکہ منصوبوں کا فروغ پاکستان اور افریقہ کے درمیان مضبوط معاشی شراکت داری کی بنیاد بن سکتا ہے، جس سے دونوں خطوں کے لیے حقیقی اقتصادی مواقع پیدا ہوں گے۔ اس موقع پر چیئرمین پی اے سی ڈاکٹر شہباز علی ملک نے کہا کہ عالمی اقتصادی ترقی کا مستقبل تیزی سے تبدیل ہو رہا ہے پاکستان اور افریقہ کے 54 ممالک کو اب ایک دوسرے سے دور نہیں رہنا چاہیے بلکہ مشترک خوشحالی کے لیے شراکت داری کو فروغ دینا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ افریقہ عالمی تجارت اور اقتصادی ترقی کی اگلی بڑی مارکیٹ بن رہا ہے، افریقی براعظمی آزاد تجارتی علاقہ کے قیام سے وسیع تجارتی مواقع پیدا ہوئے ہیں، جبکہ پاکستان کے لیے افریقہ میں سرمایہ کاری، صنعت، تجارت اور کاروباری تعاون کے بے شمار امکانات موجود ہیں۔ وزیراعظم کے معاون خصوصی سردار یاسر الیاس نے کہا کہ بڑی آبادی کسی بھی ملک کے لیے ایک بڑی مارکیٹ اور کاروباری موقع ہوتی ہے چین کی مثال دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وہاں ہر کمپنی مختلف مصنوعات اور کاروباری سرگرمیوں کے ذریعے بڑی مارکیٹ سے فائدہ اٹھا رہی ہے۔ حامد اصغر خان نے افریقہ کے سفیروں اور معزز مہمانوں کو اہلِ خانہ سمیت خصوصی تقریب میں شرکت کی دعوت دیتے ہوئے کہا کہ باہمی روابط اور مختلف شعبوں، خصوصاً انجینئرنگ میں تعاون کو مزید فروغ دیا جائے گا۔

بقیہ 62

بیان کے مطابق پاک حج ایپ اور حج پورٹل سے پرائیویٹ حج کی بکنگ جاری ہے اور اب تک 7 ہزار 600 عازمین حج کی پرائیویٹ اسکیم میں بکنگ مکمل ہو گئی ہے جبکہ رائیویٹ حج اسکیم میں 64 ہزار حج نشستیں تاحال دستیاب ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ 25 منظم کمپنیوں کو حج پورٹل کے ذریعے 6 ارب 88 کروڑ روپے موصول ہوئے ہیں اور پرائیویٹ حج بکنگ کی آخری تاریخ 20 نومبر مقرر ہے۔ انہوں نے کہا کہ 25 منظم کمپنیوں نے دوہزار سے زائد مختلف حج پیکجز متعارف کروائے ہیں۔ ترجمان نے بتایا کہ پرائیویٹ حج کی بکنگ اور ادائیگی صرف پاک حج ایپ اور پورٹل سے ممکن ہے، لہذا عوام ہوشیار رہیں، پورٹل کے علاوہ کسی فرد یا کمپنی کو حج واجبات جمع نہ کرائیں۔

بقیہ 63

نئی ہدایات سے آگاہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ اپنے مسافروں اور ٹریول ایجنٹس کو نادرا انٹیگریٹڈ ویکسی نیشن پروف کی لازمی شرط سے قبول نہیں ہوں گے۔ کراچی ایئرپورٹ کے ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ نے تمام ایئرلائنز کو نئی ہدایات سے آگاہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ اپنے مسافروں اور ٹریول ایجنٹس کو نادرا انٹیگریٹڈ ویکسی نیشن پروف کی لازمی شرط سے متعلق بروقت آگاہ کریں۔ ہدایات کے مطابق حج و عمرہ زائرین کو سفر سے قبل نادرا سے ڈیجیٹل ویکسی نیشن کارڈ/ پروفاصل کرنا ہوگا۔ 14 ستمبر کے بعد صرف نادرا کے مربوط نظام سے تصدیق شدہ ویکسی نیشن پروف قابل قبول ہوگا، جبکہ کسی دوسرے ویکسی نیشن کارڈ پر سفر کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ حکام کے مطابق حج و عمرہ مسافروں کے لیے صرف مجاز ویکسی نیشن مراکز سے لگوائی گئی ویکسین قابل قبول ہوگی۔ زائرین کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ سفر سے قبل اپنی ویکسی نیشن اور ڈیجیٹل پروف سے متعلق تمام تقاضے مکمل کر لیں تاکہ ایئرپورٹ پر کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ ایئرپورٹ پر ویکسی نیشن کروانے والے مسافروں کو پرواز کے مقررہ وقت سے کم از کم 6 گھنٹے قبل ایئرپورٹ پہنچنے کی ہدایت کی گئی ہے تاکہ ویکسی نیشن اور دیگر سفری کارروائی مکمل کی جا سکے۔ ہدایات میں مزید کہا گیا ہے کہ ویکسی نیشن کی فیس نادرا کے سہولت پلیٹ فارم کے ذریعے ادا کی جائے گی۔ ایئرلائنز اور ٹریول ایجنٹس کو بھی پابند کیا گیا ہے کہ وہ حج و عمرہ زائرین کو نئی ویکسی نیشن شرط اور نادرا انٹیگریٹڈ پروف کے حصول کے طریقہ کار سے آگاہ کریں۔ نئی شرط کا مقصد حج و عمرہ زائرین کے سفری اور ویکسی نیشن ریکارڈ کو ڈیجیٹل نظام سے مربوط کرنا اور بین الاقوامی سفر کے دوران ویکسی نیشن کی تصدیق کو یقینی بنانا ہے۔

بقیہ 64

سید مصطفیٰ کمال نے ملکی و غیر ملکی نمائش کنندگان اور وفود سے ملاقاتیں کیں۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہیلتھ کیئر قیامت تک جاری رہنے والا شعبہ ہے، جب تک انسان موجود ہے، اسے صحت کی دیکھ بھال کی ضرورت رہے گی، اسے ہیلتھ بزنس، سبجیکٹ یا ڈیپارٹمنٹ کچھ بھی کہا جائے، جب تک دنیا قائم ہے ہیلتھ کیئر بھی قائم رہے گی اور روزانہ اشرف المخلوقات کو ڈیل کرنا ہوگا۔ مصطفیٰ کمال نے کہا کہ ہمیں خیال رکھنا چاہیے کہ ہم انتہائی حساس جگہ پر حساس کام کر رہے ہیں، پیدائش میں وقفہ ضروری ہے، ویکسین لگانا ضروری ہے جبکہ پینے کا صاف پانی بھی ہیلتھ کیئر کا حصہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈاکٹرز اب لائف اسٹائل میڈیسن میں بھی آ رہے ہیں، ان تمام امور کو ملا کر ہیلتھ کیئر بنتی ہے اور یہ صرف ایک وزیر کی ذمہ داری نہیں بلکہ گلی کے کونسلر کی بھی ذمہ داری ہے کہ وہ صاف پانی فراہم کرے۔

بقیہ 65

شراکت داری کو مزید مضبوط اور گہرا کرنے کی اہمیت پر زور دیا۔ ہفتہ کو دفتر خارجہ سے جاری بیان کے مطابق پاکستان کے چین کے لیے نامزد سفیر علی اسد گیلانی نے نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سے ملاقات کی۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ نے علی اسد گیلانی کو چین کے لیے سفیر مقرر ہونے پر مبارکباد دی اور اس بات پر زور دیا کہ پاکستان چین کے ساتھ اپنے آزمودہ اور دیرینہ تعلقات کو خصوصی اہمیت دیتا ہے۔ انہوں نے تجارت و سرمایہ کاری، علاقائی روابط، سی پیک، زراعت، سائنس و ٹیکنالوجی، تعلیم اور عوامی سطح پر روابط سمیت مختلف شعبوں میں آہنی بھائی چارے اور سدابہار تذویراتی تعاون پر مبنی شراکت داری کو مزید مضبوط اور گہرا کرنے کی اہمیت پر زور دیا۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ نے ایشیا پیسفک کے ایڈیشنل سیکرٹری کی حیثیت سے سفیر نامزد علی اسد گیلانی کی خدمات کو سراہتے ہوئے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ ان کا تجربہ پاکستان اور چین کے درمیان دیرپا شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے میں معاون ثابت ہوگا۔ انہوں نے بیجنگ میں ان کی نئی ذمہ داریوں کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

بقیہ 66

کی جانب سے جاری بیان میں محسن نقوی نے کہا کہ میجر عزیز بھٹی شہید جرات، بسالت اور حب الوطنی کا روشن باب ہیں، میجر عزیز بھٹی شہید نے بی آر بی نہر پر دشمن کی پیش قدمی روک کر اس کا غرور خاک میں ملا دیا۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ 1965 کی جنگ میں میجر عزیز بھٹی شہید نے اپنی جان کا نذرانہ دے کر لاہور کا دفاع ناقابل تسخیر بنایا۔ محسن نقوی نے کہا کہ میجر راجہ عزیز بھٹی شہید جیسے بہادر سپوت قوم کا فخر اور سر کا تاج ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ارض پاک کی حرمت پر جان نثار کرنے والے شہدائے وطن کی قربانیاں تاریخ کا سنہری باب ہیں۔ محسن نقوی نے کہا کہ عددی اعتبار سے بڑے دشمن کے سامنے میجر عزیز بھٹی شہید کی مردانہ وار جرات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ شہدائے وطن کا مقدس لہو ہی ملک کی سلامتی، بقا اور خودداری کی اصل ضمانت ہے، میجر راجہ عزیز بھٹی شہید کی لازوال قربانی قوم کے دلوں میں ہمیشہ زندہ رہے گی۔

بقیہ 67

مسلح موٹر سائیکل سواروں نے گاڑی پر فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں 4 افراد جاں بحق ہو گئے۔ مسلح افراد نے گاڑی کو آگ لگا دی اور فرار ہو گئے۔ واقعہ کی اطلاع ملتے ہی پولیس نے موقع پر پہنچ کر نعشیں تحویل میں لیکر ہسپتال منتقل کردی بتایا جاتا ہے کہ حملہ آور موٹر سائیکل چھوڑ کر فرار ہوئے ہیں جس کو پولیس نے برآمد کر کے تحقیقات شروع کردی ہے۔ پولیس کے مطابق مارے جانے والے افراد کا تعلق کوئٹہ، خیبر پختونخوا کے علاقے کرک اور پنجاب کے علاقہ لیہ اور شیخوپورہ سے بتایا جاتا ہے نعشیں ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی گئیں۔

بقیہ 68

کنٹریکچوئل پوزیشنز بھی پالیسی کا حصہ ہوں گی، اوپن مسابقتی عمل کے ذریعے منتخب سول سرونٹس کو عہدہ سنبھالنے کی اجازت ہوگی، مذکورہ عہدوں پر منتخب سول سرونٹ کو ڈیپوٹیشن پر تصور کیا جائے گا، منتخب سول سرونٹس پر ڈیپوٹیشن پالیسی کی شرائط وضوابط لاگو ہوں گے، سرکاری ملکیت میں اکثریتی حصص اور انتظامی حقوق رکھنے والے ادارے پالیسی میں شامل ہوں گے، سرکاری ملکیت سے مراد حکومت کی اکثریتی ملکیت اور انتظامی اختیارات رکھنے والے ادارے ہوں گے، حکومت کی تعریف میں وفاقی اور صوبائی حکومتیں شامل ہوں گی۔ اسٹیبلشمنٹ ڈویژن نے کہا کہ نئی شرائط وفاقی حکومت کے سول سرونٹس پر لاگو ہوں گی، وفاقی سول سرونٹس خصوصی پے اسکیلز اور کنٹریکچوئل عہدوں پر وفاقی و صوبائی حکومتوں میں جا سکیں گے۔

بقیہ 69

(بی ای ایس ایس) سرمایہ کاری کو غیر ضروری قرار دیتے ہوئے مسترد کر دیا۔ نیپرا نے انکشاف کیا کہ پاکستان میں اب تک کی سب سے سستی قابلِ تجدید بجلی کو ایک سال سے زائد عرصے تک قومی منصوبہ بندی میں شامل ہی نہیں کیا گیا حالانکہ ریگولیٹر کی جانب سے متعدد بار انتباہ کیا گیا تھا۔ اس منصوبے کے مطابق ملک میں بجلی کی زیادہ سے زیادہ طلب 2025 میں 26 ہزار 950 میگاواٹ سے بڑھ کر 2035 میں 35 ہزار 521 میگاواٹ تک پہنچنے کا امکان ہے، اس طلب کو پورا کرنے کے لیے مجموعی طور پر 26 ہزار 45 میگاواٹ نئی بجلی پیدا کرنے کی صلاحیت درکار ہوگی، جس میں 17 ہزار 485 میگاواٹ پہلے سے مختص منصوبے اور 8 ہزار 560 میگاواٹ نئی بہتر انداز میں تجویز کردہ صلاحیت شامل ہے۔ اس دوران 2 ہزار 577 میگاواٹ بجلی پیدا کرنے کی صلاحیت ریٹائر ہونے کا تخمینہ لگایا گیا ہے، بجلی پیداوار کے ان منصوبوں پر متوقع لاگت 47.13 ارب ڈالر جبکہ ترسیلی نظام میں اپ گریڈیشن کے لیے مزید 10.65 ارب ڈالر درکار ہوں گے۔ نیپرا نے مجوزہ بیٹری انرجی اسٹوریج سسٹم کو منظوری دینے سے انکار کرتے ہوئے قرار دیا کہ اس کی لاگت کو آئی ایس ایم او کے آپٹیمائزیشن ماڈل میں حقیقتاً شامل کر کے جانچا ہی نہیں گیا،

بقیہ 70

کیا، 5 دن اور 5 راتیں اپنی پوزیشن پر ڈٹے رہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، نشانِ امتیاز (ملٹری)، ہلالِ جرات، چیف آف آرمی اسٹاف و چیف آف ڈیفنس فورسز، ایڈمرل نوید اشرف، نشانِ امتیاز، نشانِ امتیاز (ملٹری)، تمغۂ بسالت، چیف آف نیول سٹاف، ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو، نشانِ امتیاز (ملٹری)، ہلالِ جرات، چیف آف ایئر اسٹاف، اور جنرل سید عامر رضا، نشانِ امتیاز (ملٹری)، ستارہ بسالت، کمانڈر نیشنل اسٹریٹیجک کمانڈ نے پاک فوج کی جانب سے میجر راجہ عزیز بھٹی شہید، نشانِ حیدر کی 61ویں یومِ شہادت پر ان کی غیر معمولی بہادری، قیادت اور عظیم قربانی کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔ بیان میں کہا گیا کہ 1965ء کی جنگ کے دوران میجر عزیز بھٹی شہید نے لاہور کے قریب برکی سیکٹر کا غیر معمولی بہادری سے دفاع کیا اور دشمن کے مسلسل حملوں کے باوجود 5 دن اور 5 راتیں اپنی پوزیشن پر ڈٹے رہے، ان کی ثابت قدم قیادت اور ناقابلِ تسخیر جذبے نے دشمن کی پیش قدمی روک دی اور وہ بہادری، فرض شناسی اور قربانی کی لازوال علامت بن گئے، ان کی میراث آج بھی قوم اور پاکستان کے محافظوں کی نسلوں کیلئے مشعلِ راہ ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق میجر عزیز بھٹی شہید کی فرض سے بے لوث وابستگی، غیر متزلزل بہادری اور عظیم قربانی آنے والی نسلوں کیلئے ہمیشہ باعثِ تحریک رہے گی۔ پاک فوج کے ترجمان ادارے نے بتایا کہ پاک فوج نے اس عزم کا اعادہ کیا ہے کہ ملک کی خودمختاری اور سلامتی کے دفاع کیلئے اسی بہادری، عزم اور جذبہ قربانی کے ساتھ اپنا فرض ادا کیا جائے گا جس کی مثال میجر عزیز بھٹی شہید نے قائم کی۔

بقیہ 71

تعزیت کرتے ہوئے کہا ہے کہ مرحوم کی پارلیمانی، سیاسی اور سماجی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ ہفتہ کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم محمد شہباز شریف نے سابق وفاقی وزیر، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے قانون و انصاف اور رکن قومی اسمبلی چوہدری محمود بشیر ورک کے انتقال پر رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے مرحوم کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ چوہدری محمود بشیر ورک ایک مخلص، باصلاحیت اور فعال پارلیمنٹرین تھے، مرحوم کی پارلیمانی، سیاسی اور سماجی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا، چوہدری محمود بشیر ورک کی وفات سے پارلیمنٹ ایک فعال رکن سے محروم ہو گئی ہے۔ انہوں نے مرحوم کے لئے دعائے مغفرت اور سوگوار خاندان کے لیے صبر جمیل کی دعا کی ہے۔

بقیہ 72

پشاور میں بلا لیا۔ اجلاس میں انتظامی یونٹس اور نئے صوبوں کے قیام کی بازگشت پر جماعتی رائے کا تعین کیا جائے گا۔ انہوں نے بتایا کہ آئندہ بلدیاتی انتخابات کے لیے صوبائی جماعتوں کی تیاریوں کا جائزہ اجلاس کے ایجنڈے میں شامل ہے اس کے علاوہ اجلاس میں ملک میں امن و امان کی تشویشناک صورتحال پر غور و خوض ہو گا۔ ترجمان جے یو آئی کے مطابق اجلاس ملکی و بین الاقوامی صورتحال کا جائزہ بھی لیا جائے گا جبکہ آئندہ کی سیاسی حکمت عملی طے کی جائے گی۔

بقیہ 73

کے خلاف جبری کارروائی نہ کرنے کی ہدایت کی گئی ہے جبکہ ہائیکورٹ نے شیشہ کیفیز کے خلاف کیس میں وفاق سے جواب طلب کیا ہے۔ اسلام آباد ہائیکورٹ نے شیشہ کیفیز سے متعلق قواعد ایک ماہ میں نفاذ کرنے کی ہدایت کی اور وفاقی کابینہ کو شیشہ سگریٹ نوشی کی پابندی کے قوانین جلد منظور کرنے کا حکم دیا ہے۔ عدالت نے ایڈووکیٹ جنرل اسلام آباد اور ایڈیشنل اٹارنی جنرل کو معاملہ متعلقہ حکام کے سامنے اٹھانے کی ہدایت کی ہے۔ عدالت نے کہا کہ نوجوان نسل کو منشیات اور شیشہ نوشی سے بچانا حکومت کی ذمہ داری ہے، شیشہ کیفیز کے لیے قانونی فریم ورک کا نہ ہونا تشویشناک ہے، ایک ماہ میں قوانین کو حتمی شکل دے کر تعمیلی رپورٹ پیش کی جائے، اسلام آباد پولیس غیر قانونی شیشہ کیفیز کے خلاف سخت کارروائی جاری رکھے، اینٹی نارکوٹکس فورس منشیات کے خاتمے کیلئے پولیس سے تعاون کرے، قانون کے مطابق کام کرنے والے ریسٹورنٹس کیخلاف غیر قانونی اقدام نہ کیا جائے، قانون یا پرمٹ کی خلاف ورزی کی صورت میں سخت قانونی کارروائی کی جائے۔ اسلام آباد ہائیکورٹ نے تمام متعلقہ درخواستوں کو ایک ساتھ منسلک کرنے کا حکم دیتے ہوئے سماعت 13 اکتوبر تک ملتوی کر دی گئی۔

بقیہ 74

کی رپورٹ کے مطابق ریڈیو پاکستان حملہ کیس کی سماعت انسدادِ دہشت گردی عدالت پشاور میں ہوئی، دورانِ سماعت تفتیشی افسر نے پولیس رپورٹ عدالت میں جمع کرائی، جس میں وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کے ریڈیو پاکستان کیس میں ملوث ہونے کی تصدیق کی گئی۔ ذرائع کے مطابق پنجاب فورنزک سائنس ایجنسی کی رپورٹس پولیس نے عدالت میں پیش کردیں، آئندہ سماعت پر دیگر سرکاری محکموں کی رپورٹس اور فرانزک رپورٹس کی روشنی میں تمام فریقین کے دلائل سنے جائیں گے۔ پولیس رپورٹ جمع کرانے میں تاخیر ہوئی، اعلیٰ پولیس حکام کی ہدایت پر رپورٹ پیش کی گئی۔ عدالت نے پولیس رپورٹ پر فریقین کے دلائل کے لیے سماعت 14 ستمبر 2026 تک ملتوی کردی۔

بقیہ 75

بنانے کے لیے جامع اقدامات کر رہی ہے۔ 99 نکاتی میری ٹائم روڈ میپ کو پاکستان کے بحری وسائل کو معاشی طاقت میں تبدیل کرنے کی جانب ایک تاریخی قدم قرار دیا جا رہا ہے۔ پاکستان کے پاس 100 ارب ڈالر سے زائد کی بلیو اکانومی کی صلاحیت موجود ہے، جبکہ ملکی بندرگاہیں سالانہ 100 ملین ٹن سے زائد کارگو ہینڈل کرنے کی استعداد رکھتی ہیں۔ حکومت کا مقصد جدید انفراسٹرکچر، مؤثر حکمرانی اور شفاف نظام کے ذریعے اس استعداد کو حقیقی معاشی مواقع میں تبدیل کرنا ہے۔ پاکستان کا منفرد جغرافیائی محلِ وقوع اسے جنوبی ایشیا، وسطی ایشیا، چین اور مشرقِ وسطیٰ کے درمیان ایک اہم تجارتی رابطے کے طور پر نمایاں کرتا ہے۔ بحری شعبے میں اصلاحات کے ذریعے اس جغرافیائی اہمیت سے بھرپور فائدہ اٹھانے اور پاکستان کو علاقائی تجارت کا اہم مرکز بنانے پر توجہ دی جا رہی ہے۔ حکومت کے مطابق میری ٹائم سیکٹر میں اصلاحات مقامی اور غیر ملکی سرمایہ کاروں کے لیے تجارت، شراکت داری اور طویل المدتی سرمایہ کاری کے نئے مواقع پیدا کر رہی ہیں۔ سرمایہ کاری کے لیے سازگار ماحول، شفاف نظام اور جدید انفراسٹرکچر کی فراہمی کو اصلاحاتی ایجنڈے کا اہم حصہ بنایا گیا ہے۔ طویل المدتی اصلاحات کے ذریعے پاکستان کی وسیع ساحلی پٹی کو قومی معیشت، علاقائی تجارت اور عالمی روابط کے فعال مرکز میں تبدیل کرنے کی حکمت عملی پر عملدرآمد جاری ہے۔ اس مقصد کے لیے بندرگاہوں کی استعداد بڑھانے، بحری انفراسٹرکچر کو جدید بنانے اور میری ٹائم گورننس کو مؤثر بنانے پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ حکام کے مطابق میری ٹائم اصلاحات کا دائرہ کار صرف بندرگاہوں اور جہاز رانی تک محدود نہیں بلکہ یہ پاکستان میں خودانحصاری، صنعتی سرگرمیوں، روزگار کے نئے مواقع اور پائیدار معاشی ترقی کی بنیاد مضبوط کرنے کی جامع حکمت عملی ہے۔

بقیہ 76

کے دوران پاکستان کی مسلح افواج، باہمت شہداء اور عظیم غازیوں کی بے مثال قربانیوں، شجاعت اور پختہ عزم کو خراجِ تحسین پیش کیا گیا۔ اس دوران یوم دفاع و شہداء کے حوالے سے پیش کی جانے والی دستاویزی فلم اور پاکستانی کھانوں نے قومی تقریب کو مزید باوقار بنا دیا۔ یوم دفاع و شہداء کی تقریب کو ملک کی ترقی کے لیے قوم کے غیر متزلزل عزم کی تجدید کے طور پر منایا گیا۔



لاہور، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے ارکان صوبائی اسمبلی ملاقات کر رہے ہیں

عوام کو اشیائے خورد و نوش کی مناسب قیمتوں پر فراہمی یقینی بنانا حکومت کی ذمہ داری ہے، جمعیت کوئٹہ

گندم کی قلت اور آٹے کی بڑھتی ہوئی قیمتوں کے معاملے پر حکومتی عدم توجہی اور خاموشی افسوسناک ہے، مولانا عبدالرحمٰن رفیق

حکومت فوری طور پر گندم کی دستیابی یقینی بنائے آٹے کی قیمتوں کو کنٹرول کرے اور غریب عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے مؤثر اور عملی اقدامات اٹھائے

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، سیکرٹری مالیات حاجی صالح محمد، مفتی رضا خان، حاجی ظفراللہ کاکڑ، میر سرفراز شاہوانی، میر حشمت لہڑی، سیٹھ اجمل بازئی، سالار مولوی علی جان، مولانا سید سعداللہ آغا اور مولوی نقیب اللہ ملاخیل نے کہا ہے کہ گندم کی قلت اور آٹے کی بڑھتی ہوئی قیمتوں کے معاملے پر حکومتی عدم توجہی اور خاموشی افسوسناک ہے۔ لگتا ہے حکمران بلوچستان کے عوام کو بارود اور گولیوں کے بعد بھوک اور افلاس سے بھی مارنے کا فیصلہ کر چکے ہیں۔ گندم کی خودساختہ قلت پیدا کر کے عوام کو دو وقت کی روٹی کا محتاج بنا دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نااہل اور کرپٹ صوبائی (بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر)

کابینہ میں نئے چہروں کے ساتھ ساتھ پرانے وزراء کے محکموں میں بھی ردوبدل کا امکان ہے، ذرائع

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کابینہ میں جلد ردوبدل کا امکان ہے آئندہ چند روز میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی (بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر)

نواب ثناء اللہ زہری کا سابق سینیٹر نصیب اللہ خان بازئی کے انتقال پر اظہارِ افسوس

مرحوم شریف النفس، باوقار اور عوام دوست شخصیت تھے جن کی سیاسی و سماجی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما اور سابق وزیراعلیٰ بلوچستان نواب ثناء اللہ خان زہری نے سابق سینیٹر نصیب اللہ خان بازئی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اپنے تعزیتی بیان میں نواب ثناء اللہ خان زہری نے کہا کہ مرحوم نصیب اللہ خان بازئی نے سیاسی کارکن اور رہنما کی حیثیت سے بلوچستان کے لیے گراں قدر خدمات انجام دیں۔ وہ ایک شریف النفس، باوقار اور عوام دوست شخصیت تھے جن کی سیاسی و سماجی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ سابق وزیراعلیٰ نواب ثناء اللہ خان زہری نے مرحوم کے درجات کی بلندی اور مغفرت (بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر)

بلوچستان کی 12 جیلوں میں 2757 قیدیوں کی گنجائش ہے

صوبے کے جیلوں میں اس وقت 2925 قیدی موجود ہیں

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کی 12 جیلوں میں 2757 قیدیوں کی گنجائش ہے اس وقت ان جیلوں میں 2925 قیدی موجود ہیں۔ کوئٹہ اور گڈانی جیل میں قیدیوں کی تعداد گنجائش سے کچھ زیادہ ہے اسی طرح ملک کے دیگر صوبوں میں گنجائش سے کئی گنا زیادہ قیدی قید ہیں۔ کوئٹہ جیل میں قیدیوں کی گنجائش بڑھانے کے لئے نئی بیرکس کا قیام عمل میں لانے کے لئے اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں جیل ذرائع کے مطابق بلوچستان بھر میں 12 جیلوں میں جن میں مچھ جیل، گڈانی جیل، خضدار جیل، مستونگ جیل، ژوب جیل، سینٹرل جیل کوئٹہ، سبی (بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر)

سرکاری ملازمتیں کسی فرد، خاندان یا سیاسی گروہ کی جاگیر نہیں عوامی امانت ہیں، رحمت صالح بلوچ

ملازمتوں میں کسی قسم کی رشوت، سیاسی مداخلت، سفارش اور اقربا پروری برداشت نہیں کی جائے

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما اور بلوچستان اسمبلی میں ڈپٹی پارلیمانی لیڈر میر رحمت صالح بلوچ نے پنجگور میں محکمہ جنگلات کی اسامیوں پر بے ضابطگیوں، اقرباپروری، سفارش اور میرٹ کی پامالی پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ سرکاری ملازمتیں کسی فرد، خاندان یا سیاسی گروہ کی جاگیر نہیں بلکہ عوامی امانت ہیں۔ ان اسامیوں پر بھرتی صرف شفاف، غیر جانبدارانہ اور میرٹ کے اصول کے تحت ہونی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ پنجگور میں محکمہ جنگلات کی حالیہ بھرتیوں کے حوالے سے جو شکایات سامنے آ رہی ہیں، وہ انتہائی تشویشناک ہیں۔ (بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر)

ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات زاہد سلیم قومی میڈیا کے سینئر اینکر پرسن، صحافیوں کو محکمہ پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ سے متعلق امور پر تفصیلی بریفنگ دے رہے ہیں

بنو قابل آئی ٹی لیب لورالائی کا افتتاح کر دیا گیا

نوجوانوں کو مفت جدید ڈیجیٹل ہنر سکھائے جائیں گے، مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ

لورالائی (آن لائن) الخدمت فاؤنڈیشن پاکستان کے زیر اہتمام نوجوانوں کو جدید ڈیجیٹل اور فنی مہارتوں سے آراستہ کرنے والے ملک گیر پروگرام "بنو قابل" کے تحت آئی ٹی لیب کی افتتاحی تقریب مرکز جماعت اسلامی لورالائی میں منعقد ہوئی۔ آئی ٹی لیب کا افتتاح مہمان خصوصی امیر جماعت اسلامی بلوچستان و رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کیا۔ تقریب میں امیر جماعت اسلامی لورالائی عبدالحمید ناصر، سیکرٹری جنرل الخدمت فاؤنڈیشن بلوچستان محمد عثمان خان کاکڑ، ڈائریکٹر بنو قابل بلوچستان محمد طیب جدون، صوبائی (بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر)

تعلیم کیساتھ ہمیں جدید مہارتیں سکھانے پر بھی توجہ دینے کی ضرورت ہے، ظہور بلیدی

ایس او ایس چلڈرن ویلیج گزشتہ 20 برس سے یتیم بچوں اور بچیوں کی کفالت، تعلیم و تربیت اور انہیں ایک باوقار مستقبل فراہم کرنے کیلئے قابلِ قدر خدمات انجام دے رہا ہے

یہاں کوئی یتیم نہیں ہے میں خود ہی ان بچوں اور بچیوں کی ماں ہوں۔ آخر میں گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل ٹریننگ حاصل کرنے والی بچیوں میں اسناد تقسیم کیے

کوئٹہ (آن لائن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ ایس او ایس چلڈرن ویلیج گزشتہ 20 برس سے یتیم بچوں اور بچیوں کی کفالت، تعلیم و تربیت اور انہیں ایک باوقار مستقبل فراہم کرنے کیلئے قابلِ قدر خدمات انجام دے رہا ہے۔ آج "لی پوش" کوئٹہ کی جانب سے یتیم اور مستحق بچیوں کو معاشی خودانحصاری کیلئے ایک سالہ پروفیشنل ٹریننگ پروگرام کا انعقاد ایک لائق تحسین اقدام ہے۔ ہم سابق سینیٹر اور چیئرپرسن ایس او ایس ویلیج روشن خورشید بروچہ کو ہزاروں یتیم و مستحق بچوں اور بچیوں کے محفوظ مستقبل کو یقینی بنانے پر خراجِ تحسین پیش کرتے ہیں۔ اس ضمن میں صاحبِ استطاعت افراد آگے بڑھیں، یتیموں اور ناداروں اور مستحق افراد کے سر پر شفقت کا ہاتھ رکھیں تاکہ معاشرے کا کوئی بچہ یا بچی محرومی اور (بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، ملک انور نسیم کاسی ایڈووکیٹ، پرنسپل سید عبدالحمید آغا، اختر سالار اور دیگر مقررین گورنمنٹ ملک جان محمد خان کاسی بوائز ہائی سکول کے مستحق طلباء میں یونیفارم اور بیگز تقسیم کرنے کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

ریونیو و اراضی معاملات میں شفافیت کی بالادستی یقینی بنائی جائے، ڈپٹی کمشنر دکی

دیرینہ ریونیو تنازعات کے جلد اور قانون کے مطابق فیصلوں میں مدد ملے گی

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حسیب شجاع کی زیر صدارت ریونیو کورٹ ڈے کا انعقاد کیا گیا، جس کے دوران اراضی، انتقالات، ریونیو ریکارڈ، ملکیتی تنازعات اور دیگر متعلقہ ریونیو معاملات سے متعلق مقدمات کی سماعت کی گئی ریونیو کورٹ ڈے کے موقع پر بالخصوص طویل عرصے سے زیر التواء اور دیرینہ ریونیو مقدمات کو ترجیحی بنیادوں پر سماعت کے لیے پیش کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے مختلف کیسز کا ریکارڈ اور متعلقہ دستاویزات کا جائزہ لیتے ہوئے فریقین کا مؤقف سنا اور قانون و ضابطے کے مطابق متعدد مقدمات کے بروقت تصفیے (بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر)

لسبیلہ میں خواتین کے مسائل کے حل کیلئے اوتھل میں کھلی کچہری، بڑی تعداد میں خواتین کی شرکت

خواتین کی فلاح و بہبود اور مسائل کا بروقت ازالہ ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے، ڈپٹی کمشنر حمیرا بلوچ

اوتھل (خ ن) ضلعی انتظامیہ لسبیلہ کے زیر اہتمام خواتین کے مسائل کے حل اور ان کی شکایات بروقت سننے کے لیے سرکٹ ہاؤس اوتھل میں خواتین کی کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ اس کھلی کچہری کی سرپرستی ڈپٹی کمشنر لسبیلہ محترمہ حمیرا بلوچ نے خود کی جبکہ اسسٹنٹ کمشنر کنراج محترمہ کشش چوہدری بھی موجود تھیں۔ تقریب میں اوتھل سے تعلق رکھنے والی خواتین نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور ضلعی انتظامیہ کے اس اقدام کو سراہتے ہوئے اپنے مسائل کھل کر ڈپٹی کمشنر کے سامنے رکھے۔ کھلی کچہری میں اوتھل اور گردونواح سے خواتین، سول سوسائٹی کی نمائندگان اور مستحق خواتین نے بھرپور شرکت کی۔ خواتین نے بنیادی سہولیات، تعلیم، صحت، پینے کے پانی کی فراہمی، اور سماجی بہبود سے متعلق درخواستیں پیش کیں۔ ڈپٹی کمشنر لسبیلہ نے خواتین کے مسائل (بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر)

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ویسٹ کا ایڈیشنل سیکریٹری تعلیم کے ہمراہ جامع دورہ

تعلیم، صحت اور قانون کی بالادستی اولین ترجیح ہے، منیر احمد درانی

کچلاک (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ویسٹ منیر احمد درانی نے ایڈیشنل سیکریٹری تعلیم سعید احمد دومڑ کے ہمراہ کچلاک کے مختلف سرکاری اداروں کا تفصیلی دورہ کیا۔ دورے کا آغاز گورنمنٹ بوائز ہائی سکول کچلاک سے ہوا جہاں پرنسپل تنویر بھٹی نے انہیں اسکول کو درپیش اساتذہ کی کمی، بنیادی سہولیات اور طلبہ کے مسائل سے آگاہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے کلاس رومز، لیبارٹری اور کھیل کے میدان کا معائنہ کیا، اس کے بعد وفد نے مفتی محمود میموریل 50 بیڈ اسپتال کچلاک کا دورہ کیا، ایم ایس ڈاکٹر محمد ہاشم مینگل نے اسپتال کے ایمرجنسی، او پی ڈی اور دیگر شعبوں کا دورہ کرایا اور (بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر)

بلوچستان پولیس کے 6 اہلکاروں پر الزامات ثابت ہونے پر 3 کو جبری ریٹائر اور 3 نوکری سے فارغ

شہریوں کی شکایات کے ازالے اور باہمی تنازعات کے حل کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) سینٹرل پولیس آفس میں قائم خود احتسابی (اکاؤنٹیبلٹی) بیورو کے کمپلین سیل میں عام شہریوں کو کسی بھی رینک کے افسران اور اہلکاروں کے خلاف شکایات درج کرا سکتے ہیں۔ گزشتہ چھ ماہ کے دوران مجموعی طور پر اب تک 615 شکایات درج کیے گئے ہے۔ جن میں 562 کیسز نمٹا دیئے گئے اور 26 کیسز شکایات کنندگان کی درخواست پر موخر کر دیا ہے۔ جبکہ 6 اہلکاروں پر الزامات ثابت ہونے پر 3 کو جبری ریٹائر اور 3 کو نوکری سے فارغ کر دیا گیا ہے۔ اسی طرح 6 پولیس اہلکاروں کی سروس کی ضبطگی اور 4 کیسز (بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر)

ہر حکومت پر کوئی نہ کوئی امتحان آتا ہے، شیخ جعفر خان مندوخیل

ہمیں دہشت گردی کے امتحان کا سامنا ہے، گورنر بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ میں یہ نہیں کہوں گا کہ صوبے کے حالات بہت بہتر ہیں تاہم دہشتگردی پر قابو پانے کیلئے اقدامات کر رہے ہیں جبکہ صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور بلیدی کا کہنا ہے کہ بہت سارت اقدامات کئے جا رہے ہیں جس سے دہشت گردی کم ہوگی۔ یہ بات انہوں نے کوئٹہ میں ایس او ایس ولیج کے دورے کے بعد میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کا کہنا تھا کہ زیارت کراس پر جو واقعہ ہوا وہ بہت افسوس ناک تھا، ہر حکومت پر کوئی نہ کوئی امتحان آتا ہے ہمیں (بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنماء و صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری سے پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی رہنماء اور سابق صوبائی وزیر عبدالرحیم زیارتوال ملاقات کر رہے ہیں

پارٹی قیادت نے ہمیشہ پاکستان کی ترقی اور عوام کی فلاح و بہبود کو ترجیح دی ہے، جمال شاہ کاکڑ

مسلم لیگ (ن) کی قیادت کی پالیسیوں کا محور معیشت کی بہتری، روزگار کے مواقع میں اضافہ، ترقیاتی منصوبوں کا فروغ اور عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی ہے

بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی جانب سے بھیجی جانے والی ترسیلات زر ملکی معیشت کے استحکام میں اہم کردار ادا کرتی ہیں، جبکہ مشکل حالات میں اوورسیز پاکستانی ہمیشہ اپنے وطن اور ہم وطنوں کے ساتھ کھڑے رہے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری و رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) ملک کی ترقی، خوشحالی، استحکام اور عوامی خدمت کے وژن پر یقین رکھتی ہے۔ پارٹی قیادت نے ہمیشہ پاکستان کی تعمیر و ترقی اور عوام کی فلاح و بہبود کو ترجیح دی ہے، ان کی پالیسیوں کا محور معیشت کی بہتری، روزگار کے مواقع میں اضافہ، ترقیاتی منصوبوں کا فروغ اور عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاکستان مسلم لیگ)ن(کی جانب سے جدہ میں ایک شاندار اور پروقار تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں اعجاز الحق، پارٹی کارکنوں، رہنماؤں اور مسلم لیگ)ن(سے وابستہ افراد نے بھرپور شرکت (بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر)

نصیب اللہ بازئی کا انتقال بلوچستان کی سیاست کا بڑا نقصان ہے، سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری

نصیب اللہ بازئی کے انتقال سے بلوچستان ایک تجربہ کار اور مخلص سیاسی آواز سے محروم ہو گیا ہے

کوئٹہ (آن لائن) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق کی چیئرپرسن سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی سینئر نائب صدر اور سابق سینیٹر نصیب اللہ بازئی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی سیاسی و عوامی خدمات کو خراجِ عقیدت پیش کیا ہے۔ اپنے ایک تعزیتی بیان میں سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے کہا کہ نصیب اللہ بازئی ایک منجھے ہوئے، سنجیدہ اور مخلص سیاسی رہنما تھے جنہوں نے اپنی سیاسی زندگی بلوچستان کے عوام اور جمہوری اقدار کی خدمت کے لیے وقف کیے رکھی۔ انہوں نے ہمیشہ بلوچستان کے عوام کے مسائل (بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر)

صوبائی مشیر نوابزادہ امیر حمزہ زہری سے میر نوید کلمتی کی ملاقات، سیاسی و علاقائی صورتحال پر تبادلہ خیال

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما اور صوبائی مشیر برائے بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری (بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر)

مسلم لیگ ن کے ایم پی اے زرک خان مندوخیل، پریس کلب کے صدر عرفان سعید اور دیگر سینئر صحافی ظاہر خان ناصر کے بھائی کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

اے این ایف کے عملے کا ملک کے مختلف شہروں میں منشیات کی اسمگلنگ کے خلاف کریک ڈاؤن

7 کارروائیوں میں 8 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے 272.15 کلو منشیات برآمد کر لی

کوئٹہ (آن لائن) اے این ایف کے عملے نے کوئٹہ سمیت ملک کے مختلف شہروں میں منشیات کی اسمگلنگ کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے 7 کارروائیوں میں 8 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے 272.15 کلو منشیات برآمد کر لی جس کی مالیت 2 کروڑ 23 لاکھ روپے سے زائد بنتی ہے۔ ترجمان اے این ایف کے مطابق اے این ایف کے عملے نے خفیہ اطلاع ملنے پر بلیلی چیک پوسٹ کے قریب گاڑی سے 180 کلو چرس برآمد کر کے 2 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ باڑہ چوک خیبر کے قریب گاڑی سے 24 کلوگرام چرس برآمد، 2 ملزمان گرفتار موٹروے (بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر)

کانکنوں کے جانوں کی حفاظت اور جائز حقوق کا تحفظ کیا جائے، محمد رمضان اچکزئی

مائنز مالکان کاغذی اور پاکٹ فیڈریشنز اور یونینز کے ذریعے شہید کانکنوں کے لواحقین سے مصالحت کروانے کی کوشش کر رہے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) آل پاکستان فیڈریشن آف ٹریڈ یونینز کے مرکزی چیئرمین محمد رمضان اچکزئی نے ایک اخباری بیان کے ذریعے بعض کاغذی اور جعلی تنظیموں کی طرف سے سورینج کول مائنز واقعہ میں شہید ہونیوالے 36 کانکنوں کے خاندانوں سے ملاقات کر کے انھیں صرف چند لاکھ روپے میں کول مائنز مالکان سے تصفیہ پر راضی کرنے کی ناکام کوشش کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ ایسی کاغذی تنظیمیں آئی ایل او، وفاقی اور صوبائی حکومتوں کیلئے پاکٹ یونینز کے طور پر کام کرنے میں شہرت رکھتی ہے۔ انہی یونینز اور فیڈریشنز نے مزدوروں کے حقوق کی پامالی میں (بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر)

کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء سے ”بی اے ای“ سکول اوتھل کی ٹیچنگ اسٹاف ملاقات کر رہی ہیں

افغان سرزمین پر دہشت گرد تنظیموں کی موجودگی عالمی سلامتی کیلئے بڑا خطرہ تھا، سینیٹر محمد عبدالقادر

شدت پسندوں کی غیر مؤثر پالیسی کا سب سے زیادہ اور براہِ راست اثر پاکستان اور ملحقہ خطے پر پڑ رہا ہے

کوئٹہ (آن لائن) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ نائن الیون کے وقت القاعدہ سمیت متعدد دہشت گرد تنظیموں کی افغانستان میں موجودگی اور طالبان حکومت کی جانب سے انہیں محفوظ پناہ گاہیں فراہم کرنا عالمی سلامتی کیلئے ایک بنیادی خطرہ بن گیا تھا۔ نائن الیون کے واقعے کو 25 برس گزرنے کے باوجود افغانستان میں مختلف دہشت گرد گروہوں کی موجودگی اور ان کے خلاف مؤثر کارروائی نہ ہونے کے سوالات آج پہلے سے کہیں زیادہ شدت کے ساتھ اٹھ رہے ہیں۔ یہاں جاری ہونے (بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر)

نصیر آباد کے علاقے فلیجی میں 2 قبائل کے درمیان تصادم کے نتیجے میں 2 افراد جاں بحق

کوئٹہ (آن لائن) نصیر آباد کے علاقے فلیجی میں 2 قبائل کے درمیان تصادم کے نتیجے میں 2 افراد جاں بحق اور ایک ہو گیا۔ تصادم سے علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا واقعہ کی اطلاع ملتے ہی پولیس موقع پر پہنچ گئی اور علاقے کو گھیرے میں لے لیا۔ نعشوں اور زخمی کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ فلیجی کے علاقے میں دو قبائل کے درمیان معمولی تنازعہ کے باعث تصادم ہوا فائرنگ کے نتیجے میں دونوں جانب سے دو افراد عبدالرحمٰن اور الطاف ہلاک جبکہ پرویز زخمی (بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر)

شاہد رند کا ڈی جی پی ڈی ایم اے جہانزیب خان غوریزئی کے والد کے انتقال پر اظہارِ افسوس

کوئٹہ (آن لائن) معاون وزیر اعلیٰ بلوچستان برائے اطلاعات و سیاسی امور شاہد رند نے ڈائریکٹر جنرل پی ڈی ایم اے بلوچستان جہانزیب خان غوریزئی کے والد محمد اعظم خان پٹھان، ریٹائرڈ سیکرٹری محکمہ مواصلات و تعمیرات، کے انتقال پر افسوس اور تعزیت کا اظہار کیا ہے شاہد رند نے سوگوار خاندان سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ والد کا انتقال (بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر)

پشتونخوا میپ کا اجلاس، 17 ستمبر کو ضلع کوئٹہ کا جرگہ منعقد کیا جائیگا، نواب ایاز خان جوگیزئی

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی سینئر نائب صدر و ضلع کوئٹہ کے سیکرٹری سید شراف آغا کے زیر صدارت ضلع کمیٹی کا اجلاس پارٹی کے مرکزی سیکرٹری میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں پارٹی کے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال، مرکزی سیکرٹری نواب ایاز خان جوگیزئی، صوبائی صدر عبدالقہار خان ودان، صوبائی (بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر)

بلاول بھٹو حکومت میں رہ کر اپوزیشن کا کردار ادا نہ کریں، چوہدری شبیر بلوچستانی

اگر پیپلز پارٹی کو حکومت کی کسی پالیسی سے اختلاف ہے تو وہ حکومتی نظام کے اندر اپنا مؤقف واضح کرے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے سیکریٹری اطلاعات چوہدری شبیر بلوچستانی نے بلاول بھٹو زرداری کی قومی اسمبلی میں حالیہ تقریر پر ردِعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ سیاست میں شائستگی، پارلیمانی وقار، آئین کی بالادستی اور اداروں کے احترام کی بات خوش آئند ہے، مگر ان اصولوں کا اطلاق صرف سیاسی مخالفین نہیں بلکہ حکومت میں شامل جماعتوں پر بھی یکساں ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی وفاقی حکومت کی اہم اتحادی ہے، اس لیے حکومتی فیصلوں اور اختیارات میں شراکت کے ساتھ حکومتی کارکردگی اور فیصلوں کی ذمہ (بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر)

نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری سے وزیر عبدالرحیم زیارتوال کی ملاقات

سیاسی صورتحال سمیت باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما و صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری سے پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما اور سابق صوبائی وزیر عبدالرحیم زیارتوال نے جھالاوان ہاؤس کوئٹہ میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران بلوچستان کی موجودہ سیاسی صورتحال سمیت باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں رہنماؤں نے سیاسی روابط کو مزید مضبوط اور مؤثر بنانے پر اتفاق کیا۔ اس موقع پر پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما و ڈسٹرکٹ چیئرمین خضدار حاجی صلاح الدین زہری بھی موجود تھے۔ دریں اثنا (بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، مختلف علاقوں میں گداگروں کے خلاف کارروائی

14 گداگروں کو تحویل میں لے لیا گیا، جن میں 5 مرد اور 9 خواتین شامل ہیں

کوئٹہ (آن لائن) ضلعی انتظامیہ کوئٹہ مغرب (west) اور محکمہ سوشل ویلفیئر کی جانب سے دوکانی بابا چوک، بروری روڈ، ایئرپورٹ روڈ، شہباز ٹاؤن اور جناح ٹاؤن سمیت مختلف علاقوں میں گداگروں کے خلاف مشترکہ کارروائی کی گئی۔ ڈپٹی کمشنر مغرب (west) منیر احمد درانی کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر بروری کاشف عمار اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر عبدالرازق نے ضلع مغرب کے حدود میں کارروائی کرتے ہوئے مجموعی طور پر 14 گداگروں کو تحویل میں لے لیا گیا، جن میں 5 مرد اور 9 خواتین شامل ہیں۔ ضلع انتظامیہ مغرب نے واضح کیا ہے (بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر)

امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن آبپارہ چوک اسلام آباد میں خواتین کے جلسہ عام سے خطاب کر رہے ہیں

میر سرفراز بگٹی کا ڈی جی پی ڈی ایم اے جہانزیب خان غوریزئی کے والد کے انتقال پر اظہارِ تعزیت

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ڈائریکٹر جنرل صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (پی ڈی ایم اے) بلوچستان جہانزیب خان غوریزئی کے والد محمد اعظم خان پٹھان، ریٹائرڈ سیکرٹری محکمہ مواصلات و تعمیرات، کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے وزیر اعلیٰ نے سوگوار خاندان سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کے درجات کی بلندی اور مغفرت کی دعا کی ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جوارِ رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور لواحقین کو یہ صدمہ صبر و حوصلے کے ساتھ برداشت کرنے کی توفیق دے۔

مولانا عبدالقادر لونی کے قیادت وفد کی کسٹم کلکٹر بلوچستان شاہ جہان سے ملاقات

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی امیر مولانا عبدالقادر لونی کے قیادت حاجی محمد نور اخوندزادہ اور دیگر نے کسٹم کلکٹر بلوچستان شاہ جہان سے ملاقات کی مولانا عبدالقادر لونی نے اس ملاقات میں تاجروں کو درپیش تجارتی مسائل پر تفصیلی گفتگو کی گئی، زیارت کراس لکپاس اور دیگر کسٹم آفسز میں تاجروں کے غیرقانونی اشیاکے شبے (بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر)

پاکستان پیپلز پارٹی شہداء اور جیالوں کی پارٹی ہے، میر باز محمد کھیتران

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی صدر و سینیٹر سردار عمر گورگیج، سینئر رہنماء سابق وفاقی وزیر میر باز محمد کھیتران نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی شہداء اور جیالوں کی پارٹی ہے جس کی مرکزی قیادت نے اپنے خون کا نذرانہ دیکر جمہوریت کی آبیاری کی ہے پارٹی جب بھی اقتدار میں آئی ہے حقیق (بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر)

عوام کو معیاری و تازہ اشیا کی فراہمی اور مقررہ نرخوں کی پابندی یقینی بنائی جائے، فتح خان بنگلزئی

دکی (خ ن) ڈپٹی کمشنر دکی فضل الرحمٰن کبدانی کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر لونی فتح خان بنگلزئی نے بازار کا تفصیلی دورہ کیا۔ اس دوران مختلف ہوٹلز، نان بائی شاپس، بیکریوں اور دیگر دکانوں کا معائنہ کرتے ہوئے صفائی ستھرائی، اشیائے خورد و نوش کے معیار و میعاد اور پرائس کنٹرول کا جائزہ لیا گیا۔ ایکسپائر اشیاء اور گلے سڑے پھلوں کی چیکنگ کے دوران ناقابل استعمال اشیاء کو (بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر)

سیوی: ماں اور بچے کی صحت کے حوالے سے ایک روزہ سیمینار، 14 سے 20 ستمبر تک آگاہی مہم کا اعلان

سیوی (آن لائن) محکمہ صحت سیوی کے زیر اہتمام ماں اور بچے کی صحت اور چائلڈ پروٹیکشن کے حوالے سے ایک روزہ سیمینار منعقد ہوا، جس کی صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر سیوی ڈاکٹر عبدالقادر ہارون نے کی۔ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر عبدالقادر ہارون نے کہا کہ 14 ستمبر سے 20 ستمبر تک ضلع سیوی میں ماں اور بچے کی صحت کے حوالے سے خصوصی مہم شروع کی جا رہی ہے، جس کے دوران دو سال سے پانچ سال تک کی عمر کے بچوں کو پیٹ کی بیماریوں سے بچا کی ادویات دی جائیں گی، (بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر)

بارکھان میں نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کر کے ایک شخص کو قتل کر دیا

کوئٹہ (آن لائن) بارکھان کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کر کے ایک شخص کو قتل کر دیا اور فرار ہو گئے نعش ہسپتال منتقل کر دی گئی پولیس کے مطابق گزشتہ روز بارکھان کے علاقے رکھنی میں مسلح افراد نے فائرنگ کر (بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر)

پیپلز پارٹی کے پیغام کو عوام تک مؤثر انداز میں پہنچایا جائے گا، ہولڈر شمس حمزہ زئی

کارکنان عوام کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر اجاگر کریں اور عوامی رابطہ مزید مضبوط بنایا جائے

لورالائی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی رہنما اور حلقہ پی بی 5 لورالائی کے ٹکٹ ہولڈر شمس حمزہ زئی کی سربراہی میں ایک اہم مشاورتی اجلاس ہوا۔ اجلاس میں پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر ساتھیوں، کارکنوں اور ذمہ داران نے شرکت کی اجلاس کے دوران شمس حمزہ زئی نے اپنے سینئر ساتھیوں سے تفصیلی خطاب کیا اور موجودہ سیاسی و تنظیمی صورتحال کے حوالے سے گفتگو کی۔ انہوں نے پارٹی کی موجودہ صورتحال، کارکنوں کو درپیش مسائل اور مستقبل کے لائحہ عمل کے حوالے سے اپنے خیالات کا اظہار کیا شمس حمزہ زئی نے کہا کہ پارٹی کی مضبوطی اور کامیابی (بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر)

دکی میں ایکسپلوسوز میٹریل کی غیر قانونی خرید و فروخت اور استعمال کی روک تھام کیلئے اہم اجلاس

بغیر لائسنس ایکسپلوسوز میٹریل کی خرید و فروخت یا استعمال کی اجازت نہیں دی جائیگی، فضل الرحمٰن کبدانی

دکی (خ ن) ڈپٹی کمشنر دُکی فضل الرحمٰن کبدانی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایکسپلوسوز مانیٹرنگ کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں کمانڈر 87 ونگ کرنل شاہد بلال، ایس پی دُکی منصور احمد بزدار، اسسٹنٹ کمشنر لونی فتح خان بنگلزئی، مائنز انسپکٹر اور سیکیورٹی اداروں کے نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع دُکی میں ایکسپلوسوز میٹریل کی غیر قانونی خرید و فروخت، ذخیرہ اور استعمال کی روک تھام سمیت ایکسپلوسوز سے متعلق سرگرمیوں کی مؤثر نگرانی کے مختلف امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ شرکاء نے بغیر لائسنس ایکسپلوسوز میٹریل کی خرید و فروخت (بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر)

جعفر آباد میں سیلابی صورتحال سے نمٹنے کیلئے حفاظتی بندات کی مضبوطی کا کام تیز

حفاظتی بندات کی تعمیر و مضبوطی منظور شدہ پی سی ون کے مطابق مقررہ معیار اور رفتار سے مکمل کی جائے، خالد خان

جعفر آباد (خ ن) سیلابی صورتحال اور ہنگامی حالات کے دوران عوام کو محفوظ رکھنے کے لیے حکومت بلوچستان کی جانب سے پیشگی حفاظتی اقدامات کا سلسلہ جاری ہے، جس کے تحت مین حیردین ڈرینج سمیت دیگر اہم ڈرینجز کے حفاظتی بندات کو مضبوط بنانے کا عمل تیزی سے جاری ہے۔ ڈپٹی کمشنر جعفر آباد خالد خان نے مین حیردین ڈرینج، جھٹ پٹ ڈرین اور روجھان جمالی کے حفاظتی بندات کا تفصیلی دورہ کر کے جاری تعمیراتی و ترقیاتی کاموں کا جائزہ لیا اور منصوبوں پر پیش رفت کے حوالے سے آگاہی حاصل کی۔ اس موقع پر سب ڈویژنل آفیسران سیف اللہ بنگلزئی اور عابد علی کھوسہ نے ڈپٹی کمشنر کو جاری کام، حفاظتی بندات کی مضبوطی اور ترقیاتی منصوبوں (بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر)

لورالائی، صفائی ستھرائی اور نکاسی آب کا عمل تسلسل کے ساتھ جاری، مختلف علاقوں میں صفائی آپریشن

میونسپل کمیٹی کی جانب سے کچرے کی منتقلی، نالیوں کی صفائی، درختوں کو پانی دینے اور آوارہ کتوں کیخلاف مہم جاری

لورالائی (خ ن) کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ کی ہدایت پر میونسپل کمیٹی لورالائی کی جانب سے شہر میں صفائی ستھرائی اور نکاسی آب کا عمل تسلسل کے ساتھ جاری ہے۔ چیف آفیسر میونسپل کمیٹی محب اللہ خان کی نگرانی میں صفائی عملہ شہر کے مختلف علاقوں میں کچرے کی صفائی، منتقلی، نالیوں کی صفائی اور جھاڑو لگانے میں مصروفِ عمل ہے۔ اس سلسلے میں میونسپل کمیٹی کی سوزوکی اور ٹریکٹر ٹرالی کے ذریعے کچرا اٹھا کر مناسب مقامات پر منتقل کیا جا رہا ہے۔ ٹیچنگ ہسپتال، سبزی منڈی، پہاڑی محلہ، حافظ سلطانہ دین کونسلر وارڈ، تحصیل روڈ، امبالہ گلی، غازی (بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر)



پیپلز پارٹی کے صوبائی صدر و سینیٹر سردار عمر گورگیج، سابق وفاقی وزیر و سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے ممبر سردار باز محمد کھیتران، ثناء اللہ جتک، سردار خیر محمد ترین، نصیب اللہ اچکزئی، نعیم بلوچ، اختر بلوچ، سردار سرور سلیمانخیل، شہزادہ کاکڑ، منذر کاکڑ، ایم طاہر موسیٰ خیل، انجینئر احسان، امتیاز جتک اور دیگر پارٹی کی صوبائی ایگزیکٹو، ڈویژن اور ضلعی عہدیداروں کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

جمعیت علماء اسلام ہر قسم کی نفرت، تفریق اور تعصب کیخلاف آواز بلند کرے گی، مولانا عبدالواسع

بلوچستان مختلف قبائل، اقوام، زبانوں اور ثقافتوں کا حسین امتزاج ہے اور تمام قبائل و اقوام کا احترام ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے

ملک اس وقت صرف بدامنی اور سیاسی غیر یقینی کا شکار نہیں بلکہ معاشی مشکلات بھی غیر معمولی حد تک بڑھ چکی ہیں، صوبائی امیر جمعیت

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع اور جنرل سیکرٹری مولانا آغا محمود شاہ نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ ملک بالخصوص بلوچستان کے موجودہ حالات اس امر کے متقاضی ہیں کہ سیاسی جماعتیں اور تمام طبقات سیاسی برداشت، تحمل اور شائستگی کو فروغ دیں، کیونکہ سیاست میں برداشت، رواداری اور باہمی احترام کا فقدان ہی معاشرے میں مزید مسائل، انتشار اور نفرت کو جنم دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اندرونِ بلوچستان قبائل اور اقوام کے درمیان تفریق پیدا کرنے کی کوشش ہو یا بین الصوبائی سطح پر لسانیت اور تعصب کو ہوا دینے کا عمل، جمعیت علما اسلام ہر قسم کی نفرت، تفریق اور تعصب کے خلاف بھرپور آواز بلند کرے گی۔ بلوچستان مختلف قبائل، (بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر)

ڈپٹی کمشنر وریندر لعل کی زیر صدارت سلیکشن کمیٹی کا اجلاس

نصیر آباد (خ ن) ضلع نصیر آباد میں بے روزگاری کے خاتمے اور سرکاری آسامیوں پر میرٹ، شفافیت اور اہلیت کی بنیاد پر امیدواروں کے انتخاب کا عمل جاری ہے اس سلسلے میں آج تیسرے روز بھی محکمہ صحت ضلع نصیر آباد کی مختلف آسامیوں کے لیے امیدواروں کے انٹرویوز منعقد ہوئے جن کی صدارت چیئرمین سلیکشن کمیٹی و ڈپٹی کمشنر نصیر آباد وریندر لعل نے کی۔ انٹرویوز کے دوران محکمہ صحت میں نائب قاصد، چوکیدار اور ڈرائیور کی آسامیوں کے لیے امیدواروں کی تعلیمی قابلیت تجربہ متعلقہ دستاویزات اور اہلیت کا جائزہ لیا گیا سلیکشن کمیٹی کے اراکین نے امیدواروں سے مختلف سوالات کیے اور مقررہ معیار کے مطابق ان کی صلاحیتوں کو جانچا۔ اس موقع (بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر)

نوشکی کی موجودہ سنگین صورتحال پر آل پارٹیز نوشکی کا احمدوال میں 14 ستمبر کو مشترکہ کانفرنس بلانے کا اعلان

نوشکی (آن لائن) آل پارٹیز کے اجلاس میں جمعیت علمائے اسلام، بلوچستان نیشنل پارٹی، جماعت اسلامی، نیشنل پارٹی، اہلسنت والجماعت پاکستان اور جمعیت نظریاتی کے رہنماؤں نے شرکت کی جن میں جمعیت علمائے اسلام کے صوبائی ڈپٹی جنرل سیکرٹری حاجی منظور احمد مینگل، بی این پی کے سی سی ممبر میر خورشید احمد جمالدینی، جماعت اسلامی کے صوبائی نائب امیر حافظ مطیع الرحمان، نیشنل پارٹی کے ضلعی صدر فاروق بلوچ اہلسنت والجماعت کے ضلعی صدر حافظ محمد ابراہیم الحسنی، جمعیت (بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر)

پرنٹر و پبلشر وسیم احمد نے اولس
پرنٹرز یونیورسل کمپلیکس کالون
روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر
''روزنامہ عوام''
302 یونیورسل کمپلیکس جناح
روڈ کوئٹہ سے شائع کیا
ای میل ایڈریس
dailyawamqta@gmail.com
فون نمبر: 2832244 فیکس نمبر 2832255

کوئٹہ، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ویسٹ منیر احمد درانی کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر بروری کاشف عمار اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر عبدالرازق کی قیادت میں کارروائی کے دوران تحویل میں لئے گئے گداگر

ڈپٹی کمشنر قلات کا ٹیچنگ ہسپتال کا اچانک دورہ، طبی سہولیات اور انتظامات کا جائزہ

ہسپتال میں ڈاکٹروں و طبی عملے کی حاضری، ادویات کی دستیابی، صفائی اور مختلف شعبوں کا معائنہ

قلات (خ ن) ڈپٹی کمشنر قلات انجینئر عائشہ زہری نے ٹیچنگ ہسپتال قلات کا اچانک دورہ کیا، جہاں انہوں نے ہسپتال کے مختلف شعبوں کا معائنہ کرتے ہوئے دستیاب طبی سہولیات، صفائی ستھرائی اور درپیش مسائل کا جائزہ لیا۔ قائمقام ایم ایس ڈاکٹر محمد یعقوب زہری اور ڈاکٹر گنشام داس نے ڈپٹی کمشنر کو ہسپتال کے مختلف شعبوں کا دورہ کرایا اور انہیں طبی سہولیات، انتظامی امور اور درپیش مسائل سے متعلق بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر نے ہسپتال میں ڈاکٹروں اور دیگر طبی و غیر طبی عملے کی حاضریاں چیک کیں۔ انہوں نے ایمرجنسی، او پی ڈی، آپریشن (بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر)

کلیم اللہ کاکڑ کا آر ایچ سی مانی خواہ کا دورہ، طبی سہولیات اور عملے کی کارکردگی کا جائزہ

ڈاکٹرز، پیرامیڈیکل اسٹاف اور دیگر عملے کو ڈیوٹیاں ذمہ داری سے انجام دینے، ضروری ادویات کی دستیابی یقینی بنانے کی ہدایت

شیرانی (خ ن) ڈپٹی کمشنر شیرانی کلیم اللہ کاکڑ نے رورل ہیلتھ سینٹر (RHC) مانی خواہ کا اچانک دورہ کیا، جہاں انہوں نے ہسپتال کے مختلف شعبہ جات کا تفصیلی معائنہ کیا اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، ادویات کی دستیابی، صفائی ستھرائی اور طبی عملے کی کارکردگی کا جائزہ لیا دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے مختلف وارڈز، او پی ڈی، ایمرجنسی سمیت دیگر شعبوں کا معائنہ کیا اور ہسپتال میں زیرِ علاج مریضوں اور ان کے لواحقین سے ملاقات کر کے انہیں فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔ انہوں نے مریضوں اور عوام (بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر)

سیکرٹری مائنز سیدال لونی قومی میڈیا کے سینئر اینکر پرسن، صحافیوں کو محکمہ معدنیات سے متعلق امور پر تفصیلی بریفنگ دے رہے ہیں